المسائل المهمة

فیما ابتلت به العامة

اہم مسائل

جن میں ابتلاء عام ہے

جلد پنجم

کلماتِ دعائیہ :

مد ظلہ العالی

حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی

رئیس: جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا نندربار

تحریک وتحریض:

حضرت مولانا محمد حذیفہ صاحب وستانوی

ناظم تعلیمات ومعتمد جامعہ

ترتیب :

مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی

صدر دارالافتاء جامعہ اکل کوا

تحقیق وتخریج:

معاون مفتیان کرام دارالافتاء

ناشر :

جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم

اکل کوا ، نندربار ،مہاراشٹر

تقسیم کار

نام کتاب	:	المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة
کلماتِ دعائیہ	:	حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی دامت برکاتہم
تحریک وتحریض	:	حضرت مولانا محمد حذیفہ صاحب وستانوی
ترتیب	:	حضرت مولانا مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی
تحقیق وتخریج	:	معاون مفتیان کرام دارالافتاء
کمپوزنگ وتصحیح	:	مفتی عبدالمتین کانڑگانوی
طبع دوم	:	۱۴۳۴ھ/۲۰۱۳ء
صفحات	:	۳۲۱
قیمت	:	
باہتمام	:	ابوحمزہ وستانوی
ناشر	:	جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا

ملنے کا پتہ

جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا ضلع نندربار مہاراشٹر

Phone & Fax: 02567,252556
E-mail jafarmilly@gmail.com
fatawaakkalkuwa@gmail.com
http://jamiyaakkalkuwa.com/fatawa/

فہرست عناوین

کلماتِ دعائیہ

خادم کتاب وسنت حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی دامت برکاتہم

رئیس جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا

قال النبي ﷺ :

" لكل شيء دعامة ، ودعامة الإسلام الفقه في الدين "

''ہر چیز کا ایک ستون ہے جس پر اس کا دارومدار ہے، اور دین اسلام کا ستون فقہ فی الدین ہے''۔(کنز العمال: ۱۰/ ۷۷، رقم الحدیث: ۲۸۹۲۰)

ہر زمانہ میں فقہ وفتاوی کو بڑی قدر ومنزلت کی نگاہ سے دیکھا گیا، اور سماج ومعاشرہ کی اصلاح وانقلاب کا اسے ایک مؤثر ذریعہ سمجھا گیا۔

آج کے اس پُرفتن، خدا بیزار، علوم اسلامیہ سے نہ صرف عدم واقفیت، بلکہ ایک حد تک اسلامی اقدار کے باغی معاشرہ اور سماج میں، بڑی حیرت انگیز تبدیلیاں اور زبردست انقلابات رونما ہوئے، سائنس وٹیکنالوجی کی ترقی نے نئے نئے اُفق پیدا کیے، اور اب دنیا گلوبلائزیشن (Globalization) کی دنیا کہی جانے لگی، معاشی اور اقتصادی امور میں، نت نئی ترقیات نے جہاں نئے نئے مسائل لا کھڑے کردیئے، وہیں ذرائع ابلاغ کی نئی نئی ایجادات نے فکری ونظری، تہذیبی وثقافتی جنگوں کے محاذ کھول دیئے، اب جو لوگ شریعت اسلامیہ کو اپنی معاشرت، تجارت، اور زندگی کے دوسرے میدانوں میں معیار ہدایت قرار دے کر زندگی گزارنا چاہتے ہیں، ان کے سامنے ایسے سیکڑوں مسائل آکھڑے ہیں، جن کے بارے میں وہ علماء اسلام واصحابِ افتاء کی طرف نظریں جمائے ہوئے ہیں، کہ کیا یہ جائز ہیں یا ناجائز؟

اس اہم موڑ پر ان کی رہنمائی ورہبری علماء شریعت پر فرض ہے، اسی فرض کی انجام دہی کے لیے جامعہ نے ۵؍سال قبل ” قسم الإفتاء ودار الإفتاء “ قائم کیا، تاکہ امت کو موجودہ حوادث ومسائل کا شرعی حل مل جائے، اور اس عظیم ذمہ داری کے بارِ گراں کو اٹھانے کے لیے، ملک ہندوستان کی مختلف ریاستوں کے علماء بھی تیار ہوں۔

الحمد للہ! امسال ۱۰؍فضلائے جامعہ اس شعبہ میں زیر تعلیم وتربیت رہے، اس شعبہ کی دیگر تعلیمی وتربیتی مصروفیتوں کے ساتھ ساتھ، پورے سال ایک مشغولیت یہ بھی رہی کہ جن مسائل میں لوگوں کا ابتلاء عام ہے، ان میں سے کسی ایک مسئلہ کی پوری صورت قلمبند کرکے، اس پر آیاتِ قرآنیہ، احادیثِ نبویہ، عباراتِ فقہیہ، اور قواعد کی روشنی میں حکم شرعی کی تطبیق کے بعد، وہ اسے جامعہ کی مساجد (مسجد میمنی، مسجد السلام وغیرہ) میں بعد نماز ظہر ومغرب سنانے کا اہتمام کرتے رہے۔

اب انہیں مسائل کا مجموعہ: ﴿**المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة**﴾ کے نام سے منظر عام پر آرہا ہے، میں نے ان مسائل کو مسجد میمنی میں سنا، ان کو عوام وخواص کے لیے بے انتہا مفید پایا، اور ان کو شائع کرنے کی اجازت دی، میری دعا ہے کہ اللہ رب العزت اسے قبولیتِ عامہ عطا فرمائے، اور امت کی اصلاح کا ذریعہ بنائے، نیز مرتّب، اور ان کے تمام رفقائے کار کو دنیا وآخرت میں فلاح ونجاح نصیب فرماکر خدمتِ دین کے لئے تاعمر قبول فرمائے۔ ربنا تقبل منا إنک أنت السميع العليم وتب علينا إنک أنت التواب الرحيم . (آمین)

۲۵؍۷؍۱۴۳۳ھ۔م-۱۶؍۶؍۲۰۱۲ء

ایک اہم وضاحت

مولانا محمد حذیفہ صاحب وستانوی
ناظمِ تعلیمات جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا

اللہ رب العزت کا فرمان ہے: ﴿اتبعوا ما أنزل إليكم من ربكم﴾ ''تم لوگ اس (کتاب) کی پیروی کرو جو تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے آئی ہے۔''

(سورۃ الأعراف:۳)

آپ ﷺ کا ارشاد ہے: '' لا يؤمن أحدكم حتى يكون هواه متبعًا لما جئت به''.

(کنزالعمال : ۱/ ۱۲۱)

آیتِ مبارکہ میں '' ما '' عموم کے لیے ہے، جو تمام مصادرِ شرعیہ یعنی قرآن، حدیث، اجماع اور قیاس وغیرہ کو شامل ہے، ہمارے فقہاء کرام کا ہمیشہ سے یہ طریقہ رہا کہ وہ کتاب، سنت، اجماع اور قیاسِ صحیح ہی سے مسائل کا استخراج واستنباط کرتے رہے، اور پچھلی چودہ صدیوں سے اسی طرح حلال وحرام کی معرفت حاصل کیجاتی رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ پوری امت کی طرف سے جزائے خیر عطا فرمائے......!!

- رسولِ عربی، آقا مدنی ﷺ کو جن کے ذریعہ ہمیں مصادرِ شرعیہ عطا ہوئے۔
- حضراتِ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو جنہوں نے علوم وحی کو پوری امانتداری کے ساتھ اپنے بعد والوں تک پہنچا دیا۔
- حضرات فقہاء کرام، مفسرین ومحدثین عظام اور علماء دین کو جنہوں نے کمالِ احتیاط اور نظم وضبط کے ساتھ اصول وقواعد کو مدِ نظر رکھ کر بے شمار مسائل کو حل فرمایا۔

الحمدللہ! جامعہ میں تقریباً ۵؍سال قبل دارالافتاء کا قیام عمل میں آیا، اول یوم سے ہی یہ کوشش کی گئی کہ اس سے امت کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچایا جائے، اور ہر ممکن طریقہ سے امت کو حلال وحرام سے واقف کرایا جائے، اسی کے پیشِ نظر یہ کتاب ﴿**المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة**﴾ کی طباعت عمل میں آرہی ہے، جو سلسلۂ مسائلِ مہمہ کی پانچویں کڑی ہے، سالِ گزشتہ مسائل مہمہ کی جلد رابع شائع ہوکر منظر عام پر آچکی، عوام وخواص نے اس کو پسندیدہ نگاہوں سے دیکھا، لہٰذا اس سلسلہ کو آگے بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا، اور اب اس کی پانچویں جلد آپ کے ہاتھوں میں ہے، آئندہ بھی ان شاء اللہ ہر سال عوام وخواص کو پیش آمدہ مسائل تحقیق، تخریج اور تطبیق کے بعد پیش کرنے کی کوشش کی جاتی رہے گی، قارئین کرام سے درخواست ہے کہ وہ اسلامی احکامات پر عمل پیرا ہوں، تاکہ دنیا وآخرت کی کامیابی سے سرخرو ہوجائیں، اور ائمۂ مساجد سے بھی امید کی جاتی ہے کہ وہ اس جانب متوجہ ہوں گے، اور فضائل کے ساتھ ساتھ مسائل سے بھی امت کو آگاہ کریں گے۔

اس کتاب میں حتی الامکان یہ کوشش کی گئی کہ ہر مسئلہ کو خوب سے خوب مدلل کیا جائے، اور مسئلہ کے لیے بطورِ دلیل قرآنِ کریم اور حدیثِ رسول ﷺ کو بعد از تتبع پیش کیا جائے، اور ساتھ ہی ساتھ فقہاء امت کی تصنیفات وتالیفات سے بھرپور تعاون حاصل کرتے ہوئے، جزئیاتِ فقہیہ سے بھی تقویت دی جائے، تاکہ مسئلہ بالکل منقیٰ ومجلیٰ ہوکر سامنے آجائے۔

اللهم وفقنا لماتحب وترضى . (آمین)

محمد حذیفہ وستانوی

۲۵؍۷؍۱۴۳۳ھ/م-۱۶؍۶؍۲۰۱۲ء

افتتاحیہ

مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی

صدر دارالافتاء

جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا

فرمان باری تعالیٰ ہے: ﴿**إن الدين عند الله الإسلام، ومن يبتغ غير الإسلام دينًا فلن يقبل منه وهو في الآخرة من الخاسرين**﴾۔ ’’اور جو کوئی اسلام کے سواء کسی اور دین کو تلاش کرے گا، سو وہ اس سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا، اور وہ شخص آخرت میں تباہ کاروں میں سے ہوگا۔‘‘ (آل عمران:۸۵)

اور ارشادِ نبوی ﷺ ہے: ’’**تركتكم على البيضاء ليلها كنهارها لا يزيغ عنها بعدي إلا هالك**‘‘۔ ’’میں نے تم کو ایک ایسی روشن شریعت پر چھوڑا کہ اس کی رات بھی اس کے دن کی طرح ہے، اور میرے بعد اس سے وہی شخص انحراف کرے گا، جو تباہ و برباد ہوگا۔‘‘ (اتحاف السادۃ:۱/۱۸۲)

آیت قرآنی و حدیث نبوی دونوں سے معلوم و مفہوم ہوتا ہے کہ جن لوگوں کے اعمال وزندگیاں اسلامی تعلیمات کے مطابق ہوں گی کل قیامت کے دن وہی لوگ، کامیاب وکامران، اور شاداں وفرحاں ہوں گے، اور جن لوگوں کے اعمال وزندگیاں اسلامی تعلیمات سے ہٹ کر گزریں گی وہ لوگ سخت نقصان وخسارہ میں ہوں گے، اسلامی تعلیمات کی اسی اہمیت وضرورت کے پیش نظر رسول عربی ﷺ نے طلب علم دین کو ہر مسلم مرد وعورت پر فرض قرار دیا ہے، جن لوگوں نے عمر کے اس مرحلہ میں علم دین حاصل نہیں کیا جس میں عموماً علم دین

حاصل کیا جاتا ہے، انہیں دینی تعلم سے آراستہ کرنے اور ان کی زندگیوں کو اسلامی زندگیاں بنانے کے لیے وارثین انبیاء اور بزرگان دین نے بڑی محنتیں اور کوششیں فرمائی ہیں، اور آج بھی یہ محنتیں مختلف انداز و جہتوں سے جاری وساری ہیں۔

علوم اسلامیہ اور احکام شرعیہ کی تعمیم وتشہیر میں مساجد کا بڑا کردار ورول رہا ہے، اور آج بھی مسجدیں اپنے اس اہم کردار کو ادا کررہی ہیں، جیسا کہ ہمارا مشاہدہ ہے کہ جمعہ واعیاد کے موقع پر علماء اسلام وخطباء عظام، مسلمانوں کے جم غفیر کے سامنے موقع محل، موسم اور حالات کے عین مطابق اسلامی ہدایات اور شرعی احکام بیان فرماتے ہیں، جس سے امت کو بڑا فائدہ پہنچتا ہے، اور وہ از سرنو اپنے اعمال وزندگیوں کا جائزہ لے کر راہ مستقیم پر چلنے کا عزم وارادہ کرلیتے ہیں، اور واقعہ بھی یہی ہے کہ اس سے بہت سارے لوگوں کی زندگیوں میں بڑا انقلاب برپا ہوا ہے۔

زیر نظر کتاب ﴿المسائل المهمة في ما ابتلت به العامة﴾ جلد خامس جو ۲۲۵ ؍ محقق ومدلل، ان مسائل پر مشتمل ہے، جو زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھتے ہیں، اور روزمرہ زندگی میں عام لوگوں کا ان میں ابتلاء ہے، اس کی طباعت میں بھی یہی جذبۂ خیر کارفرما ہے۔

اس سے قبل بھی اس کی چار جلدیں: جلد اول: ۲۰۳، جلد ثانی: ۲۲۶، جلد ثالث: ۲۳۵، جلد رابع: ۲۳۵ محقق ومدلل مسائل پر مشتمل، آیاتِ قرآنیہ واحادیثِ نبویہ سے مزین ہوکر طبع ہوچکیں، الحمد للہ جلد اول کے تین، جلد ثانی وثالث کے دودو، اور جلد رابع کا ایک ایڈیشن ختم ہوچکا ہے۔

دراصل جامعہ کے دارالافتاء کی کوشش ہے کہ ایسے مسائل جن میں ابتلاء عام ہے، ان کی صورتوں کو قلمبند کرکے ان کی تحقیق وتخریج کی جائے اور لوگوں کو ان سے باخبر کیا جائے، تاکہ وہ اپنے اعمال کی پیشی سے پہلے ان کی اصلاح ودرستی کرلیں، اور بروزِ قیامت فوز وفلاح سے ہمکنار رہوں۔

میں مبارکبادی پیش کرتا ہوں افتاء کے طلباء عزیزم مفتی مقیم الدین بیڑوی اور عزیزم مفتی ضیاء الرحمٰن وامبوروی وغیرہ کو، جو ان مسائل میں سے روزانہ ایک ایک مسئلہ بلا ناغہ سال بھر بعد نماز ظہر ومغرب، جامعہ کی ''مسجد میمنی'' و''مسجد السلام'' میں پڑھتے رہے۔ **فزادهم الله علمًا نافعًا وعملا متقبلا .**

اسی طرح میں مشکور ہوں عزیزم مفتی عبد المتین، مفتی مجیب الرحمٰن اور مفتی محمد افضل صاحبان کا جو بڑی محنت ولگن اور شوق وذوق کے ساتھ ان مسائل کی تحقیق، تخریج، تبویب وترتیب اور کمپوزنگ وپروف ریڈنگ جیسے اہم کاموں میں سال بھر بندے کا تعاون کرتے رہے۔ **تقبل الله سعيهم وباركهم في علمهم وعملهم . آمين يا رب العالمين .**

اگر ائمۂ مساجد تھوڑی سی توجہ دیں، اور پنج وقتہ نمازوں میں سے کسی ایک نماز کے بعد روزانہ ایک مسئلہ اپنے مقتدیوں کو سنانے کا اہتمام کرلیں، تو امید ہے کہ دینی، تعلیمی اور اصلاحی اعتبار سے اس کا بڑا فائدہ ہوگا۔ **وما ذلک علی الله بعزیز**

وصلى الله على نبيه الكريم وعلى آله الطيبين الطاهرين وسلم تسليمًا كثيرًا كثيرًا .

۲۵/۷/۱۴۳۳ھ/م-۱۶/۶/۲۰۱۲ء

کتاب الإیمان والعقائد

(ایمان وعقائد کے مسائل)

غیر مسلم کو مسلمان بنانے کا طریقہ

مسئلہ (۱): کسی غیر مسلم کو مسلمان بنانے کا مستحب طریقہ یہ ہے کہ اسے غسل کرایا جائے، پھر اسے: ﴿أشهد أن لا إلهَ إلا اللّٰهُ وَحدَهُ لا شَرِیکَ لَهُ ، وأشهدُ أنّ مُحَمَّدًا عَبدُهُ ورسُولُه﴾ مع ترجمہ ومختصر مطلب پڑھایا جائے، نیز ایمانِ مجمل ومفصل پڑھانے کے ساتھ، اس سے اپنے سابق مذہب سے برأت کا اقرار بھی لے لیا جائے، اور آئندہ کے لیے اسلامی احکامات سیکھ کر اس کے مطابق زندگی گذارنے کی تلقین بھی کی جائے۔[۱]

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : (وإسلامه أن یتبرّأ عن الأدیان کلها أو عما انتقل إلیه) .... ومراده أن یتبرّأ عن الأدیان کلها سوی دین الإسلام ...... وصرح في العنایة بأن التبرأ بعد الإتیان بالشهادتین . وفي شرح الطحاوي : سئل أبو یوسف کیف یسلم ؟ فقال : أن یقول : أشهد أن لا إله إلا الله وأن محمداً رسول الله ، ویقر بما جاء من عند الله ، ویتبرأ من الذي انتحله .

(۲۱۶/۵ ، کتاب السیر ، أحکام المرتدین ، ط: رشیدیه کوئٹه و بیروت)

ما في " التنویر وشرحه مع الشامیة " : وإسلامه أن یتبرأ عن الأدیان سوی الإسلام أو عما انتقل إلیه بعد نطقه بالشهادتین ، وتمامه في الفتح ، ولو أتی بهما علی وجه العادة لم ینفعه ما لم یتبرأ . بزازیة . (۲۷۴/۶)=

دائرۂ اسلام سے خارج کردینے والے کلمات

مسئلہ (۲): کبھی انسان انتہائی مشکلات وپریشانیوں میں گھِر جاتا ہے، جو اس کی تقدیر کا حصہ ہوا کرتی ہیں، ان حالات میں وہ خوب دعائیں مانگتا ہے، مگر جب اپنی دعا کا اثر نہیں دیکھتا تو جہالت ونادانی میں یوں کہتا ہے: ''ہم دل سے دعا کررہے ہیں لیکن اللہ کہاں ہے؟ اور وہ ہماری دعا کیوں نہیں سنتا؟ وہ ہے بھی یا نہیں؟ اگر ہے تو ہماری مدد کیوں نہیں کرتا؟ وہ ہمارے اور ہمارے بچوں کا درد کیوں نہیں دیکھتا؟ اسے ہمارے اوپر رحم کیوں نہیں آتا؟'' وغیرہ۔

اس طرح کے کلمات اللہ تعالیٰ کی ذات کے بارے میں شک وتردّد ظاہر کرتے ہیں، جو بلا شبہ کفر ہے[1]، اس طرح کے کلمات کہنے کی وجہ سے انسان اسلام سے خارج ہوجاتا ہے، اس کا نکاح بھی ٹوٹ جاتا ہے، اوراس پر ان کفریہ

=ما في " الموسوعة الفقهية " : قال الحنفية : توبة المرتد أن يتبرأ عن الأديان سوى الإسلام، أو عما انتقل إليه بعد نطقه بالشهادتين ، ولو أتى بالشهادتين على وجه العادة أو بدون التبري لم ينفعه ما لم يرجع عما قال ، إذ لا يرتفع بهما كفره .

(۱۹۲/۲۲ ، ردّة) (فتاویٰ محمودیہ: ۵۴۳/۲، کراچی)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : فيكفر إذا وصف الله تعالى بما لا يليق به .

(۲۰۲/۵ ، كتاب السير ، باب أحكام المرتدين)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : إذا وصف الله بما لا يليق به أو سخر بإسم من أسماء الله تعالى ..... يكفر .

(۲۳۴/۴ ، كتاب أحكام المرتدين ، فصل فيما يقال في ذات الله تعالى)

کلمات پر ندامت کے ساتھ ساتھ بصدقِ دل توبہ واستغفار لازم ہوجاتا ہے، نیز اس پر تجدید ایمان ونکاح بھی ضروری ہوجاتا ہے[۱]،اس لیے مصائب وپریشانیوں میں رضا بالقضاء اور قبولیتِ دعا کی امید کے ساتھ دعا کرتے رہنا چاہیے، اور ایسے کلمات سے بچنا چاہیے جو انسان کو دائرۂ اسلام سے خارج کردیتے ہیں۔

سلفِ صالحین کو برا بھلا کہنا

مسئلہ (۳): جو شخص سلفِ صالحین مثلاً حضراتِ صحابہ، ائمۂ اربعہ اور امت کے دیگر اکابرین کو برا بھلا کہتا ہے، وہ گناہِ کبیرہ کا مرتکب ہے[۲]، کیوں کہ نبی کریم ﷺ نے اس کو قیامت کی علامت قرار دیا ہے کہ اس امت کے پچھلے لوگ سلف کو لعن طعن کرنے لگیں گے[۳]، جس کا حاصل یہ ہے کہ ایسا کرنا فسق وفجور ہے، اگر اسلامی حکومت نافذ ہوتی، تو ایسے شخص پر تعزیر کی جاتی، تاہم ایسے شخص کی اصلاح کی فکر کرنی چاہیے، اگر نا قابلِ اصلاح ہو تو اس سے قطع تعلق رکھا جائے۔[۴]

---

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : ما كان في كونه كفراً اختلاف فإن قائله يؤمر بتجديد النكاح وبالتوبة والرجوع عن ذلك بطريق الاحتياط .

(۲/۲۸۳ ، قبيل باب العاشر في البغاة ، الفتاوى التاتارخانية : ۴/۲۳۴ ، كتاب أحكام المرتدين ، قبيل فصل فيما يقال في ذات الله تعالى)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن عبد الله قال : قال رسول الله ﷺ : " سباب المسلم فسوق، وقتاله كفر " . (۲/۸۹۳ ، كتاب الأدب ، باب ما ينهى عن السباب واللعن ، السنن للترمذي : ۲/۱۹ ، أبواب البر والصلة، فتح الباري : ۱۰/۴۶۴ ، ط . السلفية ، صحيح مسلم : ۱/۸۱ ، مكتبة الحلبي)=

= ما في " صحيح البخاري " : عن أبي سعيد الخدري رضي الله عنه قال : قال النبي ﷺ : "لا تسبّوا أصحابي ، فلو أن أحدكم أنفق مثل أحد ذهباً ما بلغ مدّ أحدهم ولا نصيفه " تابعه جرير وعبد الله بن داود وأبومعاوية ومحاضر عن الأعمش . [أخرجه البخاري]

(فتح الباري : ۷/ ۲۱ ، مكتبة السلفية ، صحيح مسلم : ۴/۱۹٦۸ ، مكتبة الحلبي)

ما في " الموسوعة الفقهية " : لا خلاف بين العلماء في أنه يحرم سبّ الصحابة رضوان الله عليهم لقوله ﷺ : " لا تسبّوا أصحابي ، فلو أن أحدكم أنفق مثل أُحُد ذهباً ما بلغه مدّ أحُد ولا نصيفه " . (۲۴/ ۱۴۰ ، سبّ الصحابة رضي الله عنهم)

ما في " الموسوعة الفقهية " : سبّ المسلم معصية ، وصرّح كثير من الفقهاء بأنه كبيرة ، قال النووي : يحرم سبّ المسلم من غير سبب شرعي يجوّز ذلک ، روينا في صحيحي البخاري ومسلم عن ابن مسعود رضي الله عنه ، عن رسول الله ﷺ قال : " سباب المسلم فسوق " . وإذا سبّ المسلم ففيه التعزير ، وحكى بعضهم الاتفاق عليه. (۲۴/ ۱۴۱ ، سبّ المسلم)

(۳) ما في " سنن الترمذي " : عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه قال : قال رسول الله ﷺ : "إذا اتّخذ الفيءُ دُولا ، والأمانة مَغنماً ، والزكوة مغرماً (إلى قوله) ولعن آخر هذه الأمة أولها ، فليرتقبوا عند فتتابع " . (۲/ ۴۵ ، كتاب الفتن ، باب ما جاء في علامة حلول المسخ والخسف)

(۴) ما في " مشكوة المصابيح " : وعن عائشة رضي الله عنها ، أن رسول الله ﷺ قال : " لا يكون لمسلم أن يهجر مسلماً فوق ثلاثة .... " . الحديث . رواه أبوداود.

(۳/ ۱۴۰۰ ، رقم الحديث : ۵۰۳۴، كتاب الآداب ، باب ما ينهى عنه من التهاجر والتقاطع واتباع العورات ، المكتب الإسلامي بيروت ، عون المعبود :ص/۲۱۱۵، رقم الحديث : ۴۹۱۰ ، كتاب الأدب، باب في هجرة الرجل أخاه ، رقم الحديث : ۴۹۱۲/۴۹۱۳)=

....
....
....
....

= ما في " التعليق الصبيح " : قال التوربشتي : .... وأما إذا كان الهجران في حق من حقوق الله فله ما فوق ذلك . ولقد هجر رسول الله ﷺ الثلاثة الذي خُلّفوا كعب بن مالک وهلال بن أمية ومرارة بن الربيع رضي الله عنهم ، فلم يكلّمهم خمسين يوماً وأمر الناس بهجرانهم ، ولما أعتل بعير صفية فقال رسول الله ﷺ لزينب : أعطيها بعير أو كان عندها فضل ظهر ، فقالت : أنا أعطي تلک اليهودية ، فغضب رسول الله ﷺ فهجرها ذا الحجة والمحرم وبعض صفر .... قلت : وقد وجدنا من السلف من هجر أخاه المسلم في أمر كرهه عنه من أمور الدين السنة والسنتين ، ومنهم من هاجر صاحبه في ذلک عمره ، ورؤوا أنفسهم في فسحة من ذلک ما لم يعدّ المهجور عما ابتدعه ، كذا في " شرح المصابيح " للتوربشتي .
(۵/۲٦۷ ، كتاب الآداب ، باب ما ينهى عنه من التهاجر والتقاطع واتباع العورات)
ما في " بذل المجهود " : قال الخطابي : .... وأما هجران الوالد الولد ، والزوج الزوجة ، ومن كان في معناهما فلا يضيق أكثر من ذلک ، وقد هجر رسول الله ﷺ نسائَهُ شهراً . انتهى . قال السيوطي : .... وأما ما كان من جهة الدين والمذهب فهجران أهل البدع والأهواء واجب إلى وقت ظهور التوبة ، ومن خاف من مكالمة أحد وصلته ما يفسد عليه الدين أو يدخل مضرة في دنياه يجوز له مجانبته، والبعد عنه ، وربّ هجر حسن خير من مخالطة مؤذية . (۱۳/ ۳۱۹ ، ۳۲۰ ، كتاب الأدب ، باب في هجرة الرجل أخاه ، معالم السنن للخطابي : ۴/۱۱۳ ، رقم الحديث : ۱۳۴۴ ، باب النهي عن التهاجر ، بيروت) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۱۷۰٦)

بعض مشرکانہ توہمات

مسئلہ (۴): برادرانِ وطن اور مشرکانہ ماحول سے متأثر ہونے کی وجہ سے آج کل بہت سے مسلم گھرانوں میں بھی توہمات نے جڑ پکڑ رکھی ہے کہ کھڑا ہوکر کنگھی کی جائے تو تہمت لگے گی، چھپکلی گھر میں آئے تو ایمان کمزور ہوگا، دودھ اُبل جائے تو نقصان ہوگا، تیل گرے تو فائدہ ہوگا، ٹوٹا ہوا آئینہ نہیں دیکھنا چاہیے، جھاڑو کھڑی رکھنے میں گھر میں جھگڑے ہوں گے، جامن کا درخت گھر میں ہو تو غربت آئے گی وغیرہ وغیرہ، شرعاً ان کی کوئی اصل نہیں ہے، کیوں کہ ہم مسلمان ہیں، اور ہمارا عقیدہ ہے کہ نافع اور ضار صرف اور صرف اللہ کی ذات ہے، اس کی ذات کے سوا نہ کوئی فائدہ پہنچا سکتا ہے اور نہ نفع، اگر شریعت نے کسی عمل کا کوئی نفع یا نقصان بتلایا ہے، تو اس کے پیچھے بھی اللہ کا حکم ہی کارفرما ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل لن يُّصِيبَنا إلا ما كَتبَ اللّٰهُ لَنا هُو مَوْلٰنا وعلَى اللهِ فَلْيتوَكَّلِ الْمُؤمِنُونَ﴾ . (سورة التوبة : ۵۱)

ما في " روح المعاني " : أي لن يصيبنا إلا ما حظَّ الله تعالى لأجلنا في اللوح ، ولا يتغير موافقتكم ومخالفتكم ، فتدل الآية على أن الحوادث كلها بقضاء الله تعالى . (۱۶۶/۶)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي هريرة قال : سمعتُ رسول الله ﷺ يقول : "لا طِيرة وخيرها الفال " .

(ص/۳۷۷ ، باب الفال والطيرة ، الفصل الأول ، رقم الحديث : ۴۵۷۲)

ما في " مرقاة المفاتيح " : قال الشيخ محمد القاري قلت : المستفاد من القاموس أن الفال مختص بالخير ، وقد يستعمل في الشر ، والطيرة لا تستعمل إلا في الشر ، فهما=

انتقام کے خوف سے سانپ کو نہ مارنا

مسئلہ (۵): آج کل بہت سے لوگ زمانۂ جاہلیت کے اہلِ عرب کی طرح یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ اگر سانپوں کو مارا جائے گا، تو ان کا جوڑی دار آکر بطور انتقام ضرور ڈسے گا، ان کا یہ عقیدہ شرعاً غلط ہے[۱]، کیوں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے سانپوں کو ان کے انتقام کے خوف سے چھوڑ دیا وہ ہم میں سے نہیں، ہم نے جب سے ان سے دشمنی کی ہے اس کے بعد ان سے صلح نہیں کی''[۲]، اسی طرح آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ: ''تم سانپوں کو قتل کردو، جس نے ان کے انتقام کے ڈر سے انہیں چھوڑ دیا وہ ہم میں سے نہیں''[۳]، ان دونوں حدیثوں سے اس طرح کے اعتقاد اور قول کی ممانعت ثابت ہوتی ہے۔ اللہ پاک ہم سب کو ہدایت عطا فرمائے۔ آمین

= ضدان في أصل الوضع ...... لا يجوز العمل بالطيرة وهي التفاؤل بالطير ، والتشاؤم بها ، كانوا يجعلون العبرة في ذلك تارة بالأسماء ، وتارة بالأصوات ، وتارة بالسنوح والبروح . (۸/ ۳۹۱ ، باب الفال والطيرة)

ما في '' الموسوعة الفقهية '' : قد اتفق أهل التوحيد على تحريم التطير ونفي تاثيره في حدوث الخير والشر لما في ذلك من الإشراك بالله في تدبير الأمور . (۱۲/ ۱۸۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' بذل المجهود في حل سنن أبي داود '' : قوله ﷺ : (فمن خاف ثأرهنّ) أي انتقامهنّ (فليس مني) وكانوا في الجاهلية يظنّون أنه إذا قتل حية فيجيء زوجها فيلسعه ، فنهى رسول الله ﷺ عن هذا الاعتقاد ، وكذلك أهل الهند يظنّون في بعض بلادها أن من قتل حية في حالة مخصوصة فينتقم زوجها ويلسعه في كل سنة .

(۱۳/ ۶۳۵ ، تحت رقم : ۵۲۴۸ ، دار البشائر الإسلامية بيروت)=

....

....

....

= (۲) ما في " السنن لأبي داود " : عن ابن عباس قال : قال رسول الله ﷺ : " من ترك الحيات مخافة طلبهنّ فليس منا ، ما سالمناهنّ منذ حاربناهنّ " .

(ص/۲ ۱۷ ، كتاب الأدب ، باب في قتل الحيات ، قديمي ، بذل المجهود :۱۳/ ۶۳۷ ، رقم الحديث : ۵۲۵۰، فضل المعبود : ۵/۸۳۶)

ما في " بذل المجهود " : قوله ﷺ : (ما سالمناهنّ) أي : ما صالحناهنّ (منذ حاربناهنّ) ولعل المراد ما روي أن إبليس دخل في جثة الحية فدخل الجنة ، ويمكن أن يقال : إن المحاربة بين الحية والإنسان جبلية ، لأن كلا منهما مجبول على طلب قتل الآخر ، كأن المراد ما شرع الله تعالى محبتهنّ لنا ، أو ما نسخ عداوتهنّ منا ، ولهذا شرع قتلهنّ حتى في الحرم .

(۱۳/ ۶۳۵ ، تحت رقم : ۵۲۴۸ ، دار البشائر الإسلامية بيروت)

ما في " عون المعبود " : قوله : (ما سالمناهنّ) أي ما صالحنا الحيات (منذ حاربناهنّ) أي منذ وقع بيننا وبينهنّ الحرب ، فإن المحاربة والمعاداة بين الحية والإنسان جبلية ، لأن كلا منهما مجبول على طلب قتل الآخر . (ومن ترك شيئاً منهنّ) أي ترك التعرض لهنّ (خيفة) أي لخوف ضرر منها أو من صاحبها (فليس منا) أي من المقتدين بسنتنا الآخذين بطريقتنا .

(ص/۲۲۳۰ ، كتاب الأدب ، باب في قتل الحيات ، بيت الأفكار الدولية بيروت)

(۳) ما في " السنن لأبي داود " : عن القاسم بن عبد الرحمن عن أبيه عن ابن مسعود قال : قال رسول الله ﷺ : " اقتلوا الحيات كلهنّ ، فمن خاف ثأرهنّ فليس مني " .

(ص/۲ ۱۷ ، كتاب الأدب ، باب في قتل الحيات ، قديمي ، بذل المجهود : ۶۳۶/۱۳ ، رقم الحديث : ۵۲۴۹ ، فضل المعبود : ۵/۸۳۶)

ما في " السنن للنسائي " : عن عبد الله عن رسول الله ﷺ أنه أمر بقتل الحيات ، وقال : " من خاف ثأرهنّ فليس منا " . (۲/۵۵ ، كتاب الجهاد ، من خان غازياً في أهله)

سانپ کو ”جن“ سمجھ کر نہ مارنا

مسئلہ (۶): اگر کوئی شخص اس خیال سے سانپ کو مارنے سے احتراز کرے کہ ”یہ جن ہے جو سانپ کی شکل میں نمودار ہوا ہے، اگر اس کو ماروں گا تو دوسرے جن مجھ سے انتقام لیں گے“ اس خیال سے سانپ کو زندہ چھوڑنا مناسب نہیں [۱]، البتہ اگر کوئی ایسی علامت ظاہر ہو جائے جس سے یہ یقین ہو جائے کہ یہ واقعی جن ہے، سانپ نہیں ہے، تو پھر اسے زندہ چھوڑنے میں کوئی حرج نہیں۔

علامہ تقی الدین ندوی دامت برکاتہم علامہ دمیری کے حوالہ سے نقل کرتے ہیں کہ اگر گھر میں سانپ آجائے تو اسے مارنے سے پہلے تین دن کی مہلت دینی چاہئے، مہلت کے لیے یہ الفاظ کہے جائیں: ”میں تمہیں اس عہد کی قسم دیتا ہوں جو تم سے حضرت نوح اور حضرت سلیمان علیہما السلام نے دیا تھا کہ تم ظاہر نہیں ہوگے، اور ہمیں تکلیف نہیں پہنچاؤ گے، اگر یہ جن ہوگا تو خود ہی چلا جائیگا“۔ [۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في ” السنن لأبي داود “ : عن ابن عباس قال : قال رسول الله ﷺ : ” من ترک الحيات مخافة طلبهنّ فليس منا ، ما سالمناهنّ منذ حاربناهنّ “ .

(ص/۲/۷۱۲ ، کتاب الأدب ، باب في قتل الحيات ، قديمي ، بذل المجهود :۱۳/۶۳۷ ، رقم الحديث : ۵۲۵۰، فضل المعبود : ۵/۸۳۶)

ما في ” السنن لأبي داود “ : عن القاسم بن عبد الرحمن عن أبيه عن ابن مسعود قال : قال رسول الله ﷺ : ” اقتلوا الحيات كلهنّ ، فمن خاف ثأرهنّ فليس مني “ .

(ص/۲/۷۱۲ ، کتاب الأدب ، باب في قتل الحيات ، قديمي ، بذل المجهود : ۱۳/۶۳۶ ، رقم الحديث : ۵۲۴۹ ، فضل المعبود : ۵/۸۳۶)=

....

....

....

= ما في " سنن النسائي " : عن عبد الله ، عن رسول الله ﷺ أنه أمر بقتل الحيات ، وقال : " من خاف ثأرهنّ فليس منا " . (۲/۵۵ ، كتاب الجهاد ، من خان غازياً في أهله)

(۲) ما في " السنن لأبي داود " : عن عبد الرحمن بن أبي ليلى عن أبيه : " أن رسول الله ﷺ سئل عن حيّات البيوت فقال : " إذا رأيتم منهنّ شيئاً في مساكنكم فقولوا : أنشدكنّ العهدَ الذي أخذ عليكنّ نوحٌ ، أنشدكنّ العهدَ الذي أخذ عليكنّ سليمانُ أن تؤذوناَ (أن لا تؤذونا) فإن عُدْنَ فاقتلوهنّ " .

(ص/۷۱۳ ، كتاب الأدب ، باب في قتل الحيات ، قديمی)

ما في " التعليق للشيخ تقى الدين الندوي على هامش بذل المجهود " : (اقتلوا) .... قال الدميري : أمره عليه السلام بقتل الحيات أمر ندب ، وحيات البيوت لا تقتل حتى تنذر ثلاثة أيام أو ثلاث مرات ، والجمهور على الأول بأن يقول : أنشدكنّ بالعهد الذي أخذه عليكنّ نوح وسليمان أن لا تبدو لنا ولا تؤذونا .... وقال الطحاوي : لابأس بقتل الجميع ، والأول الإنذار .

(۱۳/۶۳۶ ، تحت رقم : ۵۲۴۹ ، دار البشائر الإسلامية بيروت)

ما في " حيوة الحيوان الكبرى للدميري " : وقد اختلف العلماء في الإنذار هل هو ثلاثة أيام أو ثلاث مرات ، والأول هو الذي عليه الجمهور ، وكيفيته أن يقول : أنشدكنّ بالعهد الذي أخذه عليكنّ نوح وسليمان عليهما الصلاة والسلام أن لا تبدو لنا ولا تؤذونا . وفي " أسد الغابة " : عن عبد الرحمن بن أبي يعلى أنه قال : قال رسول الله ﷺ: " إذا ظهرت الحية في المسكن فقولوا لها : إنا نسئلک بعهد نوح وبعهد سليمان بن داود عليهم الصلاة والسلام لا تؤذينا ، فإن عادت فاقتلوها " ..... وقال الطحاوي : لا بأس بقتل الجمع والأولى الإنذار .

(۱/۲۷۱ ، تحت عنوان " الحية " ، دار احياء التراث)

بدفالی اور نیک فالی لینا

مسئلہ (۷): آج کل ہمارے معاشرہ میں بہت سے ایسے توہّمات عام ہیں جو شرعاً ممنوع ہیں، مثلاً کالی بلی سامنے سے گذر جائے تو راستہ بدل لینا چاہیے، ورنہ اسی راستے پر چلنے سے نقصان ہوسکتا ہے، چھُری گرے یا خالی قینچی چلائی جائے تو لڑائی ہوجاتی ہے، کوا بولے تو مہمان آجاتا ہے، دائیں آنکھ پھڑکے تو اچھی اور بائیں آنکھ پھڑکے تو بری خبر ملتی ہے، ہتھیلی میں کھجلی ہو تو دولت آجاتی ہے، جوتی پر جوتی چڑھ جائے تو سفر پیش آتا ہے، وغیرہ۔اس طرح کی تمام بد شگونیوں اور بدفالیوں سے آپ ﷺ نے منع فرمایا ہے[۱]، جب کہ اچھی اور نیک فال لینا مستحب ومندوب اور حضور اکرم ﷺ سے ثابت ہے[۲]، جیسا کہ صلح حدیبیہ کے موقع پر کفارِ مکہ کی طرف سے جب سہیل بن عمرو صلح نامہ کے وکیل بن کر آئے، تو آپ ﷺ نے فرمایا تھا: ''قد سہل لکم من أمرکم'' کہ تمہارا معاملہ سہل وآسان ہوگیا۔[۳]

نوٹ: اگر کسی کے دل میں بدشگونی وبدفالی کا خیال آئے تو وہ یہ دعا پڑھے: ''اللهم لا طَيْرَ إلا طَيْرُکَ ، ولا خَيْرَ إلا خَيْرُکَ ، ولا إلٰهَ غَيْرُکَ''۔[۴]

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في '' صحيح البخاري '' : عن أنس رضي الله عنه عن النبي ﷺ قال : '' لا عدوٰي ولا طِيَرة '' الخ . (ص/۱۰۴۶ ، كتاب الطب ، باب الفأل ، رقم الحديث : ۵۷۵۶، بيروت ، صحيح البخاري : ۲/۸۵۷ ، قديمي ، الصحيح لمسلم: ۲/۲۰۳، مشكوة : ص/۳۹۱ ، باب الفأل والطيرة)=

= ما في " الإبانة عن أصول الديانة " : ﴿وما تشآء ون إلا أن يشآء الله﴾. [سورة الدهر: ۳۰] . فأخبر تعالى : إنا لا نشاء شيئاً إلا قد شاء الله أن يشاءه .... أجمع عليه المسلمون من أن ما شاء الله كان ، وما لم يشأ لم يكن . (ص/۱۲)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل لن يُّصيبنا إلا ما كتب الله لنا ، هو مولٰنا ، وعلى الله فليتوكل المؤمنون﴾ . (سورة التوبة : ۵۱)

ما في " روح المعاني " : أي لن يصيبنا إلا ما خطّ الله لأجلنا في اللوح ، ولا يتغير بموافقتكم ومخالفتكم ، فتدل الآية على أن الحوادث كلها بقضاء الله تعالى . (۱۶۶/۶)

ما في " الموسوعة الفقهية " : قد اتفق أهل التوحيد على تحريم التطير ونفي تأثيره في الحدوث الخير أو الشر لما في ذلك من الإشراك بالله في تدبير الأمور .

(۱۸۳/۱۲)

ما في " مرقاة المفاتيح " : من اعتقد شيئاً سوى الله ينفع أو يضر بالاستقلال فقد أشرك جلياً . (۳۹۱/۸)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿قالوا اطيرنا بك وبمن معك﴾ . (سورة النمل : ۴۷)

ما في " معارج التفكر ودقائق التدبر " : والتطير هو التشاؤم بالأشياء وبالأشخاص أو بمسموع أم بمرئ أو بنحو ذلك .

(۳۹۹/۹ ، القول المفيد على كتاب التوحيد : ۱۲/۱ ، باب التطير)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿ما أصاب من مصيبة في الأرض ولا في أنفسكم إلا في كتٰب من قبل أن نبرأها﴾ . (سورة الحديد : ۲۲)

ما في " روح المعاني " : والكلام على العموم بجميع الشرور أي مصيبة في الأرض كجدب وعاهة في الزرع والثمار والزلزلة وغيرها ، ولا في أنفسكم كمرض وآفة كالجرح والكسر إلا في كتاب أي إلا مكتوبة مثبتة في اللوح المحفوظ ، وقيل في علم الله عزّ وجلّ . (۲۸۵/۱۵)

ما في " التفسير الكبير " : هذه الآية دالة على أن جميع الحوادث الأرضية قبل دخولها في الوجود مكتوبة في اللوح المحفوظ . (۴۶۷/۱۰)=

= وما في " القرآن الكريم " : ﴿قالوآ إنا تطيرنا بكم﴾ . (سورة يٰسٓ : ۱۸)

ما في " تفسير المظهري " : يعنون أن ما نزل بنا إنما هو يشؤمكم وذلك لاستغرابهم ما ادعوه واستقباحهم له وتنفرهم عنه ، فإن عادة الجهال أن يتمنوا كل شيء مالت إليه طباعهم ويتشاء موا ما كرهوه . (۳۵/۸)

(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن أنس رضي الله عنه عن النبي ﷺ قال : " لا عدوى ولا طيرة ، ويُعجبني الفأل الصالح ، الكلمة الحسنةُ " .

(ص/۱۰۴۶ ، كتاب الطب ، باب الفأل ، رقم الحديث : ۵۷۵۶ ، مشكاة المصابيح: ص/۳۹۱ ، باب الفال والطيرة)

ما في " فتح الباري " : عن أبي هريرة قال: قال النبي ﷺ : " لا طيرة وخيرها الفال ". قال : وما الفال يا رسول الله ؟ قال : " الكلمة الصالحة يسمعها أحدكم " .

(۲۴۹/۱۰ ، باب الفال ، مكتبة شيخ الهند ديوبند)

ما في " الموسوعة الفقهية " : التفاؤل مباح بل حسن إذا كان متعيناً للخير ، كأن يسمع المريض يا سالم ، فينشرح لذلك صدره ، ولا خلاف بين الفقهاء في جواز التفاؤل بالكلمة الحسنة من غير قصد . (۷۷/۱۳)

(۳) ما في " التفسير لإبن كثير " : وقال معمر : أخبرني أيوب عن عكرمة أنه قال : لما جاء سهيل بن عمرو قال النبي ﷺ : " قد سهل لكم من أمركم " .

(۳۵۱/۳ ، سورة الفتح)

(۴) ما في " كتاب عمل اليوم والليلة لإبن السني " : عن عبد الله بن عمر رضي الله عنهما قال : قال رسول الله ﷺ : " يسلم من أرجعته الطيرة عن حاجته فقد أشرك ، قالوا : وما كفارة ذلك يا رسول الله ؟ قال : يقول أحدهم : " اللهم لا طير إلا طيرك ، ولا خير إلا خيرك ، ولا إله غيرك" . (ص/۱۰۶ ، رقم الحديث : ۲۹۲ ، باب ما يقول إذا تطيّر من شيء، مؤسسة الكتب والثقافة بيروت ، شعب الإيمان للبيهقي : ۶۵/۲ ، رقم الحديث : ۱۱۸۰ ، باب التوكيل والتسليم ، بيروت)

خط پر ''قطمیر'' لکھنا

مسئلہ (۸): بعض لوگوں کی عادت ہوتی ہے کہ وہ اپنے خط پر ''اَلْـقِطْمِیْر'' لکھتے ہیں، اُن کا یہ عمل شرعاً صحیح ہے، کیوں کہ یہ ایک نیک فال ہے، اور وہ جائز ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن أنس ، عن النبي ﷺ قال : " لا عدوى ولا طيرة، ويعجبني الفألُ الصالحُ ، الكلمة الحسنة " .

(ص/۲۴۶ ۱ ، كتاب الطب ، بال الفأل ، رقم الحديث : ۵۷۵۶ ، احياء التراث)

ما في " فتح الباري " : وإنما كان النبي ﷺ يعجبه الفأل ، لأن التشاؤم سوء ظنّ بالله تعالى بغير سبب محقق ، والتفاؤل حسن ظن به ، والمؤمن مأمور بحسن الظن بالله تعالى على كل حال ، وقال الطيبي : معنى الترخص في الفأل والمنع من الطيرة .

(۲۶۵/۱۰ ، كتاب الطب ، باب الفأل)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي هريرة قال : سمعت رسول الله ﷺ يقول : "لا طيرة وخيرها الفأل " . قالوا : وما الفأل ؟ قال : " الكلمة الصالحة يسمعها أحدكم " . متفق عليه . (ص/ ۳۹۱ ، كتاب الطب والرقى ، باب الفأل والطيرة ، قديمي)

ما في " مرقاة المفاتيح " : والتفاؤل المتعارف فيما بينهم الطيبة الصالحة ، لأن يؤخذ منها الفأل الحسن كطالب ضالة يا واجد ! وكتاجر يا رزاق ! وكمسافر يا سالم ! ..... قال الطيبي : معنى الترخص في الفأل والمنع من الطيرة .

(۳۹۲/۸ ، كتاب الطب والرقى ، باب الفأل والطيرة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : التفاؤل مباح بل حسن إذا كان متعينا للخير ، كأن يسمع المريض يا سالم ! فينشرح لذلک صدره ، ولا خلاف بين الفقهاء في جواز التفاؤل بالكلمة الحسنة من غير قصد . (۷۷/۱۳)

نیک فال یہ ہے کہ " قِطْمِیْر "اصحابِ کہف کے کتے کا نام تھا[۱]، اور "قِطْمِیْر" لکھنے والے اس سے یہ نیک فال لیتے ہیں کہ جیسے کتا غار پر بیٹھا ہوا تھا کہ کوئی اندر نہ آسکے، اسی طرح کوئی غیر آدمی اس خط کو نہ دیکھ سکے، اور نہ پڑھ سکے، اور خط محفوظ طریقے سے مکتوب الیہ کے پاس پہنچ جائے۔

اسلام میں نحوست کا تصور

مسئلہ (۹): بعض لوگوں کی یہ عادت ہوتی ہے کہ جب انہیں کوئی نقصان ہوتا ہے، یا کسی مقصد میں ناکامی ہوتی ہے، تو وہ یہ جملہ کہتے ہیں کہ " آج صبح سویرے نہ جانے کس منحوس کی شکل دیکھی تھی"۔ اُن کا اس طرح کہنا شرعاً درست نہیں ہے، کیوں کہ اسلام میں نحوست کا تصور نہیں، یہ محض توہم پرستی ہے۔[۲]

---

(۱) ما في " التفسیر الکبیر للرازي " : وإسم کلبھم قطمیر .

(۲۲۸/۷ ، سورۃ الکھف ، تحت آیة/۲۲)

ما في " روح المعاني " : ﴿وکلبھم باسطٌ ذراعیه بالوصید﴾ قال الآلوسي رحمه الله : وفي إسمه فأخرج ابن أبي حاتم ، عن الحسن : أنه قطمیر .

(۳۲۶/۹ ، سورۃ الکھف ، تحت آیة/۱۸) (فتاویٰ محمودیہ:۳۰/۲۸۵)

الحجة علی ما قلنا :

(۲) ما في " القرآن الکریم " : ﴿مآ أصاب من مصیبة في الأرض ولا في أنفسکم إلا في کتٰب من قبل أن نبرأھا﴾ . (سورۃ الحدید : ۲۲)

ما في " روح المعاني " : والکلام علی العموم بجمیع الشرور أي مصیبة في الأرض کجدب وعاھة في الزرع والثمار والزلزلة وغیرھا ، ولا في أنفسکم کمرض وآفة کالجرح والکسر إلا في کتاب أي إلا مکتوبة مثبتة في اللوح المحفوظ ، وقیل في علم الله عزّ وجلّ . (۲۸۵/۱۵)=

کٹے ہوئے ناخن پیروں کے نیچے

مسئلہ(۱۰): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ اگر کٹے ہوئے ناخن کسی کے پاؤں کے نیچے آجائیں، تو جس کے ناخن ہیں اس کو اس شخص کی بیماری لگ جاتی ہے، جس کے پاؤں کے نیچے ناخن دبے تھے، ان کا یہ خیال محض توہم پرستی ہے، اس کی کوئی اصل نہیں ہے (۱)، مگر ناخن انسان کا جز ہے، اور انسان اپنے تمام اجزاء کے ساتھ مکرم ہے، اس لیے ناخنوں کو کاٹنے کے بعد انہیں اِدھر اُدھر نہیں پھیکنا چاہیے، کہ وہ کسی کے پاؤں تلے آجائیں، بلکہ انہیں کسی ایسی جگہ ڈال دیا جائے یا دفن کیا جائے کہ وہ روندے نہ جاسکیں۔ (۲)

= ما في " التفسير الكبير " : هذه الآية دالة على أن جميع الحوادث الأرضية قبل دخولها في الوجود مكتوبة في اللوح المحفوظ . (۱۰/۴۶۷)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿قالوا الطيرنا بک وبمن معک﴾ . (سورة النمل : ۴۷)

ما في " معارج التفكر ودقائق التدبر " : والتطير هو التشاؤم بالأشياء وبالأشخاص أو بمسموع . (۹/۳۹۹)

ما في " صحيح البخاري " : قال رسول الله ﷺ : " لا عدوى ولا طيرة ولا هامة ولا صفر " . (۲/۸۵۷)

ما في " مرقاة المفاتيح " : من اعتقد أن شيئًا سوى الله ينفع أو يضرّ بالاستقلال فقد أشرک جليًا . (۸/۳۹۱)

ما في " الموسوعة الفقهية " : قد اتفق أهل التوحيد على تحريم التطير ونفي تأثيره في الحدوث الخير أو الشر لما في ذلک من الإشراک بالله في تدبير الأمور . (۱۲/۱۸۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل لن يصيبنآ إلا ما كتب الله لنا ، هو مولٰنا وعلى الله فليتوكّل المؤمنون﴾ . (سورة التوبة : ۵۱)=

....

....

....

= ما في " روح المعاني " : أي لن يصيبنا إلا ما خط الله لأجلنا في اللوح ولا يتغير موافقتكم ومخالفتكم ، فتدل الآية على أن الحوادث كلها بقضاء الله تعالى . (۱۶۶/۲)
ما في " صحيح البخاري " : عن أبي هريرة ، عن النبي ﷺ قال : " لا عدوى ولا طيرة ولا هامة ولا صفر " . (۸۵۷/۲ ، كتاب الطب ، باب لا هامة)
ما في " مرقاة المفاتيح " : (لا عدوى) قال التوربشتي : العدوى هنا مجاوزة العلة من صاحبها إلى غيره. (۳۹۳/۸ ، كتاب الطب والرقى ، باب الفال)
ما في " القول المفيد على كتاب التوحيد " : قوله ﷺ : (لا عدوى) لا نافية للجنس ، ونفي الجنس أعم من نفي الواحد والإثنين والثلاثة ، لأنه نفي للجنس كله ، فنفى الرسول ﷺ العدوى كلها . والعدوى : انتقال المرض من المريض إلى الصحيح ، وكما يكون في الأمراض الحسية يكون أيضًا في الأمراض المعنوية الخُلُقية ، ولهذا أخبر النبي ﷺ أن جليس السوء كنافخ الكير ، إما أن يحرق ثيابک ، وإما أن تجد منه رائحة كريهة ، فقوله : (لا عدوى) يشمل الحسية والمعنوية ، وإن كانت في الحسية أظهر . (۹۸/۲ ، باب ما جاء في التطيّر)
(۲) ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : وروي أن النبي ﷺ أمر بدفن الشعر والظفر .... وفي الخانية : ينبغي أن يُدفن قلامة ظفره ومحلوق شعره ، وإن رماه فلا بأس . (ص/۵۲۷ ، الفقه الإسلامي وأدلته : ۴۶۴/۱ ، الفتاوى الهندية : ۳۵۸/۵ ، كتاب الكراهية ، الباب التاسع عشر)
ما في " المغني " : عن مثلة بنت مشرح الأشعرية قالت : "رأيت أبي يقلم ويدفنها ويقول : " رأيت النبي ﷺ يفعل ذلک " .... وعن ابن جريج ، عن النبي ﷺ يعجبه دفن الدم ، وكان ابن عمر يدفن شعره وأظفاره ..... كلهم .
(۸۸/۱ ، كشاف القناع : ۸۴/۱ ، حاشية الفقه الإسلامي وأدلته : ۴۶۵/۱)

مصیبت آنے پر کالا بکرا یا مرغا ذبح کرنا

مسئلہ(۱۱): بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ جب کوئی مصیبت پیش آئے، یا طبیعت خراب ہو، تو کالا بکرا یا کالا مرغا ذبح کرکے صدقہ کردینے سے مصیبت ٹل جاتی ہے، اور بیمار صحت یاب ہوجاتا ہے، ان کی یہ بات اس حد تک تو درست ہے کہ صدقہ سے بلائیں دور ہوتی ہیں، مگر اس کے لیے کالے بکرے، یا کالے مرغے کا ہونا ضروری نہیں ہے، بلکہ ہر وہ چیز جو رضائے الٰہی کے لیے اس کی راہ میں دی جائے وہ صدقہ کہلاتی ہے، لہٰذا صدقہ کے لیے کسی جنس اور رنگ ونسل کی قید لگانا شرعاً غلط ہے، جو لوگ اس طرح کی قید لگاتے ہیں وہ اکثر بددین ہوتے ہیں۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " السنن للترمذي " : عن أنس بن مالك قال : قال رسول الله ﷺ : " إن الصدقة لتطفئ غضب الرب ، وتدفع ميته السوء " .

(۱/۱۴۴ ، كتاب الزكاة ، باب ما جاء في فضل الصدقة)

ما في " مرقاة المفاتيح " : أي لتمنع من إنزال المكروه والبلاء في الحال ، وتدفع سوء الخاتمة في المآل . (۴/۳۵۲ ، كتاب الزكاة ، باب فضل الصدقة ، الفصل الثاني)

ما في " مشكاة المصابيح " : عن علي قال : قال رسول الله ﷺ : " بادروا بالصدقة ، فإن البلاء لا يتخطاها " . (ص/۱۶۷ ، كتاب الزكاة ، قبيل باب فضل الصدقة)

ما في " كنز العمال " : " الصدقة تمنع سبعين نوعاً من أنواع البلاء ، أهونها الجذام والبرص" . (۶/۱۴۸ ، رقم الحديث : ۱۵۹۷۸)

ما في " مرقاة المفاتيح " : (الصدقة) هي ما يخرجه الإنسان من ماله ، على وجه القربة واجباً كان أو تطوعاً . (۴/۳۳۸ ، باب فضل الصدقة) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۲۲۱۷)

دعا میں صاحبِ قبر بزرگ کا وسیلہ

مسئلہ (۱۲): اس بات میں کوئی شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے مقبول وبرگزیدہ بندوں پر بے شمار رحمت کی بارش ہوتی ہے، ان کی قبر کے قریب پہنچ کر بے مثال سکون نصیب ہوتا ہے، اوران کی قبر کے پاس اوران کے وسیلہ سے دعا- خدائے پاک سے مانگی جائے، تو جلد قبول ہوتی ہے، نیز ان کی برکت سے اللہ پاک مصائب دور فرماتے ہیں(۱)، لیکن براہِ راست صاحبِ قبر بزرگ کو خطاب کرکے ان سے مانگنا، اہلِ سنت والجماعت کے مسلک کے خلاف ہے۔(۲)

فائدہ: ''جو بات جس قدر ثابت ہے اس کو تسلیم کیا جائے، اور جو ثابت نہ ہو اس سے پرہیز کیا جائے''۔(۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآيها الذين اٰمنوا اتقوا الله وابتغوا إليه الوسيلة﴾ .
(سورة المائدة : ۳۵)

ما في " جامع الترمذي " : عن عثمان بن حنيف أن رجلاً ضريرا البصر أتى النبي ﷺ فقال: أدع الله أن يعافيني ، قال : "إن شئت دعوت وإن شئت صبرت فهو خير لک فادعه قال : فأمره أن يتوضأ فيحسن وضوءه ويدعو بهذا الدعاء ، أللهم إني أسألک وأتوب إليک بنبيک محمد نبي الرحمة إني توجهت بک إلى ربي في حاجتي هذه لتقتضي لي ، أللهم فشفعه فيّ " . (۱۹۸/۲ ، باب الدعوات)

ما في " رد المحتار " : وقد قال تعالى : ﴿وابتغوا إليه الوسيلة﴾ .... وقد عد من آداب الدعاء التوسل على ما في الحصن . وجاء في رواية : " اللهم إني أسألک بحق السائلين عليک ، وبحق ممشاي إليک ، فإني لم أخرج أشراً ولا بطراً ". الحديث .
(۵۶۹/۹ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في البيع ، بيروت)=

....

....

....

....

= (۲) ما في " روح المعاني " : وأما إذا كان المطلوب منه ميتاً أو غائباً فلا يستريب عالم أن غير جائز، وأنه من البدع التي لم يفعلها أحد من السلف .

(۱۸۳/۴ ، مکتبہ زکریا دیوبند ، ۱۲۵/۴ ، مکتبہ مصطفائیہ دیوبند)

ما في " روح المعاني " : واستدل بعض الناس بهذه الآية على مشروعية الاستغاثة بالصالحين وجعلهم وسيلة بين الله تعالى وبين العباد .... ومنهم من يقول للغائب أو الميت من عباد الله تعالى الصالحين : يا فلان ادع الله تعالى ليرزقني كذا وكذا ، ويزعمون أن ذلك من باب ابتغاء الوسيلة ، ويروون عن النبي ﷺ أنه قال : " إذا أعيتكم الأمور فعليكم بأهل القبور . أو : فاستغيثوا بأهل القبور " . وكل ذلك بعيد عن الحق بمراحل . (۱۸۳/۴)

ما في " صحيح البخاري " : عن معاذ بن جبل قال : قال رسول الله ﷺ : " يا معاذ ! أتدري ما حق الله على العباد ؟ قال : الله ورسوله أعلم ، قال: أن يعبدوه ولا يشركوه به شيئاً ، أتدري ما حقهم عليه ؟ قال : الله ورسوله أعلم ، قال : ألا يعذبهم " .

(۱۰۹۷/۲ ، كتاب الأدب ، تكملة فتح الملهم : ۲۲۰/۵ ، مكتبة أشرفية ديوبند)

(۳) (فتاویٰ محمودیہ:۴۵/۳،مکتبہ محمودیہ میرٹھ)

مصافحہ کے بعد سینہ پر ہاتھ پھیرنا

مسئلہ (۱۳): جب دو مسلمان باہم ملتے ہیں اور سلام کرتے ہیں، اور اس کے بعد مصافحہ بھی کرتے ہیں، تو اللہ پاک ان کے جدا ہونے سے پہلے ان کی مغفرت فرما دیتے ہیں، اتنی بات حدیث سے ثابت ہے، لیکن مصافحہ کے بعد سینہ پر ہاتھ پھیرنا، نہ کسی حدیث سے ثابت ہے اور نہ ہی فقہاء کرام نے اسے ذکر فرمایا ہے، یہ محض ایک رواج ہے، اس سے بچنا چاہیے، کیوں کہ جو عمل آپ ﷺ سے جس کیفیت اور کمیت میں ثابت ہے، اسے اسی کیفیت اور کمیت میں کرنا چاہیے، اس میں کمی بیشی نہ کرنا یہی کمالِ اتباع ہے، جس کے ہم مکلّف و پابند ہیں۔ [1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " السنن لأبي داود " : عن البراء قال : قال رسول الله ﷺ : " ما من مسلمين يلتقيان فيتصافحان إلا غفر لهما قبل أن يفترقا " .

(ص/۷۰۸ ، كتاب الأدب ، باب في المصافحة، جامع الترمذي : ۲/۱۰۲ ، كتاب الاستئذان والآداب ، باب ما جاء في المصافحة)

ما في " جامع الترمذي " : عن ابن مسعود ، عن النبي ﷺ قال : " من تمام التحية الأخذ باليد " . (۲/۱۰۲ ، كتاب الاستئذان والآداب ، باب ما جاء في المصافحة)

ما في " تحفة الأحوذي بشرح جامع الترمذي " : وهي مفاعلة من إلصاق صفح الكف بالكف . (۷/۵۴۵)

ما في " شرح الطيبي على مشكوة المصابيح " : قوله : (وتمام تحيا تكم بينكم المصافحة) يعني لا مزيد على هذين ، فلو زدتم على هذا دخل في التكلف ، وهو بيان لقصد الأمور ، لأنه نهى عن الزيادة والنقصان . (۹/۴۱ ، كتاب الآداب ، باب المصافحة والمعانقة ، الفصل الثاني ، مرقاة المفاتيح : ۸/۴۹۴) (کتاب الفتاویٰ:۶/۱۲۷)

محرم کا چاند دیکھنے اور شبِ برأت منانے دلہن کو میکے بھیجنا

مسئلہ (۱۴): ہمارے عرف وسماج میں شادی سے پہلے اور شادی کے بعد، جہاں بہت ساری غیر شرعی رسومات نے جگہ لی ہے، ان ہی میں سے ایک رسم یہ بھی ہے کہ بعض لوگ شبِ برأت اور محرم کے موقع پر بیوی کو اس کے باپ کے گھر بھیج دیتے ہیں، اور وہ اپنے والدین کے یہاں آکر یہ کہتی ہے کہ میں ''محرم کا چاند دیکھنے آئی ہوں'' یا ''شبِ برأت منانے آئی ہوں''، دراصل ان دونوں رسموں کے پیچھے بھی وہی خیالِ جاہلیت کارفرما ہے کہ محرم اور شبِ برأت منحوس ونامبارک ہیں، ان دونوں زمانوں میں لڑکی کو اس کے شوہر کے گھر نہیں، بلکہ باپ کے گھر ہونا چاہیے، یہ دونوں رسمیں غلط ہیں، کیوں کہ کوئی مہینہ اور کوئی گھڑی منحوس ونامبارک نہیں، مبارک گھڑی وہ ہے جس میں انسان اللہ تعالیٰ کی اطاعت بجالائے، اور نامبارک وہ ہے جس میں وہ اس کی نافرمانی کرے، البتہ اگر ان دونوں موقعوں پر لڑکی کو اس کے میکے بھیجنے میں یہ خیالِ جاہلیت کارفرما نہ ہو، تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل لن يّصيبنآ إلاّ ما كتب الله لنا ، هو مولٰنا وعلى الله فليتوكّل المؤمنون﴾ . (سورة التوبة : ۵۱)

ما في "روح المعاني" : أي لن يصيبنا إلاّ ما خط الله لأجلنا في اللوح ، ولا يتغير بموافقتكم ومخالفتكم ، فتدل الآية على أن الحوادث كلها بقضاء الله تعالى .

(۱۶۶/۱۰/۶)=

= ما في " القرآن الكريم " : ﴿قالوا الطّيرنا بک وبمن معک﴾ . (سورة النمل : ۴۷)

مـا فـي " معارج التفكر ودقائق التدبر " : والتطيّر هو التشاء م بالأشياء وبالأشخاص أو بمسموع أو بمرئي أو بنحو ذلک . (۳۹۹/۹)

وما في " صحيح البخاري " : قال رسول الله ﷺ : " لا عدوى ولا طيرة ولا هامة ولا صفر " . (۸۵۷/۲ ، الصحيح لمسلم : ۲۳۰/۲)

مـا في " شرح النووي على هامش مسلم " : قوله : (ولا صفر) قال النووي : إن الصفر دواب فـي الـبـطـن وهـي دودٌ ، وكـانـوا يعتقدون أن في البطن دابة تهيج عند الجوع ، وربـمـا قتـلـت صـاحبهـا ، وكانت العرب تراها أعدى من الجرب ، وهذا التفسير هو الصحيح ، وبه قال مطرف وابن وهب وابن حبيب وأبوعبيدة.

(۲۳۰/۲ ، باب لا عدوى ولا طيرة ، مرقاة المفاتيح : ۳۹۴/۸ ، باب الفال والطيرة)

مـا فـي " مـرقـاة الـمـفـاتيـح " : إن الـطِيـرةَ مصدر التطيّر ، وكان ذلک يصدّهم عن مـقـاصـدهـم ، فنفاه الشرع وأبطله ونهى عنه ، وأخبر أنه ليس له تاثير في جلب نفع أو دفـع ضـرر .... كـانـوا يـجـعـلـون الـعـبـرة فـي ذلک تـارة بالأسماء ، وتارة بالأصوات ، وتارة بالسنوح والبروح ، يهيّجونها من أماكنها .

(۳۹۱/۸ ، باب الفال والطيرة ، بذل المجهود : ۶۳۷/۱۱)

مـا فـي " القول المفيد على كتاب التوحيد " : التطيّر هو التشاء م بمرئي أو بمسموع أو مـعـلوم كالتشائم ببعض الأيام ، أو بعض الشهور ، أو بعض السنوات ، فهذه لا ترى ولا تـسـمـع .... قوله : (ولا صفر) قيل : إنه شهر صفر ، كانت العرب يتشائمون به ، لا سيما في النكاح . (۹۳/۲ ، باب ما جا ء في التطيّر)

وما في " القرآن الكريم " : ﴿قالوآ إنا تطيّرنا بكم﴾ . (سورة يٰسٓ : ۱۸)

مـا فـي " تـفـسيـر الـمـظـهـري " : يـعـنـون أن مـا نـزل بـنـا إنما هو يشؤمكم ، وذلک لاستـغرابهم ما ادعوه ، واستقباحهم له ، وتنفرهم عنه ، فإن عادة الجهال أن يتمنوا كل شيء مالت إليه طباعهم ويتشاء موا ما كرهوه . (۳۵/۸)

چاند گرہن میں حاملہ کا قینچی، چھری اور چاقو کا استعمال

مسئلہ (۱۵): بعض مرد وعورتیں چاند گرہن میں حاملہ عورت کو قینچی، چھری اور چاقو وغیرہ کے استعمال سے منع کرتے ہیں، اور یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ ان چیزوں کے استعمال سے پیٹ میں موجود حمل میں کوئی نقص پیدا ہوجاتا ہے، یہ محض توہم پرستی ہے، شریعتِ اسلامیہ کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں ہے، لہٰذا چاند گرہن کے دوران حاملہ عورت بھی بقدرِ ضرورت قینچی، چھری اور چاقو وغیرہ کا استعمال کرسکتی ہے، اس سے حمل پر کوئی اثر نہیں پڑتا، کیوں کہ مؤثر حقیقی اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات ہے، اس لیے اس طرح کے باطل عقائد اور توہمات سے بچنا چاہیے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ما أصاب من مصيبة في الأرض ولا في أنفسكم إلا في كتٰب من قبل أن نبرأها﴾ . (سورة الحديد : ۲۲)

ما في " روح المعاني " : والكلام على العموم بجميع الشرور ، أي مصيبة في الأرض كجدب وعاهة في الزرع والثمار ، والزلزلة وغيرها ، ولا في أنفسكم كمرض وآفة كالجرح والكسر إلا في كتاب ، أي إلا مكتوبة مثبتة في اللوح المحفوظ ، وقيل في علم الله عزّ وجل . (۱۵/۲۸۵)

وما في " التفسير الكبير " : هذه الآية دالة على أن جميع الحوادث الأرضية قبل دخولها في الوجود مكتوبة في اللوح المحفوظ . (۱۰/۴۶۷)

ما في " مرقاة المفاتيح " : من اعتقد شيئاً سوى ينفع أو يضرّ بالاستقلال ، فقد أشرك أي شركاً جلياً . وقال القاضي : إنما سمّاها شركاً ، لأنهم كانوا يرون ما يتشاء مون به سبباً مؤثراً في حصول المكروه . (۸/۳۹۳ ، رقم الحديث : ۴۵۸۴)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل لن يّصيبنا إلا ما كتب الله لنا هو مولٰنا وعلى الله فليتوكّل المؤمنون﴾ . (سورة التوبة : ۵۱)=

حاملہ خواتین کا رات کے وقت گھر کے باہر نکلنا

مسئلہ (۱۶): عام طور پر بڑے بوڑھے لوگ حاملہ خواتین کو رات کے وقت گھر کے باہر نکلنے سے روکتے ہیں، اور خاص طور پر جمعرات کا پورا دن، بڑے بوڑھوں کا یہ طرزِ عمل محض توہم پرستی پر مبنی ہے، جو شرعاً ممنوع ہے (۱)، صحیح بات یہ ہے کہ حاملہ عورت بوقتِ ضرورت، کسی بھی دن اپنے محرم کے ساتھ، شرعی پردے کا لحاظ رکھتے ہوئے باہر نکل سکتی ہے، اس میں شرعاً کوئی قباحت نہیں ہے۔ (۲)

= ما في " روح المعاني " : أي لن يصيبنا إلاّ ما خطّ الله لأجلنا في اللوح ولا يتغيّر بموافقتكم ومخالفتكم، فتدل الآية على أن الحوادث كلها بقضاء الله تعالى . (۱۶۶/۶)

ما في " الموسوعة الفقهية " : قد اتّفق أهل التوحيد على تحريم التطير ونفي تأثيره في الحدوث الخير أو الشر لما في ذلك من الإشراك بالله في تدبير الأمور . (۱۸۳/۱۲)

ما في " صحيح البخاري " : " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس منه فهو رد " .

(ص/۳۷۱ ، رقم الحديث : ۲۶۹۷ ، كتاب الصلح ، الصحيح لمسلم : ۷۷/۲ ، كتاب الأقضية ، السنن لأبي داود : ص/۶۳۵ ، كتاب السنة ، باب في لزوم السنة ، رقم الحديث : ۴۶۰۶)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل لن يصيبنآ إلا ما كتب الله لنا هو مولٰنا وعلى الله فليتوكّل المؤمنون﴾ . (سورة التوبة : ۵۱)

ما في " روح المعاني " : أي لن يصيبنا إلا ما خطّ الله تعالى لأجلنا في اللوح ، ولا يتغير موافقتكم ومخالفتكم ، فتدل الآية على أن الحوادث كلها بقضاء الله تعالى .

(۱۶۶/۶)

(۲) ما في " أحكام القرآن للتهانوي " : ﴿وقرن في بيوتكنّ ......الخ﴾ ففيه أمر النساء بالقرار في البيوت ، والنهي عن الخروج متبرّجات بزينة على وتيرة الجاهلية الأولى=

غروبِ آفتاب کے بعد جھاڑو لگانا

مسئلہ (۱۷): بعض لوگ غروبِ آفتاب کے بعد صفائی کی غرض سے جھاڑو لگانے سے منع کرتے ہیں، اور یہ کہتے ہیں کہ اِس سے رزق میں کمی واقع ہوتی ہے، شرعاً اس کی کوئی اصل نہیں، بلکہ یہ اَغلاط العوام میں سے ہے، اس لیے بوقتِ ضرورت مغرب بعد بھی جھاڑو دی جاسکتی ہے۔ (۱)

=...... فعلم أن حكم الآية قرارهنّ في البيوت إلا لمواضع الضرورة الدينية، كالحجة والعمرة بالنص أو الدنيوية، كعيادة قرابتها وزيارتها، أو احتياج إلى النفقة. (۳/۳۱۷-۳۱۹)

ما في " الدر المختار مع حاشية ابن عابدين " : ولها الخروج من بيت زوجها للحاجة، ولها زيارة أهلها بلا إذنه ما لم تقبضه أي : المعجّل، فلا تخرج إلا لحق لها أو عليها. (۸/۴۸۳، ۴۸۴، باب المهر، مطلب في منع الزوجة نفسها لقبض المهر، دار الثقافة والتراث بدمشق، سورية) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۸۳۱۰)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل لن يصيبنآ إلا ما كتب الله لنا هو مولٰنا وعلى الله فليتوكّل المؤمنون﴾. (سورة التوبة : ۵۱)

ما في " روح المعاني " : أي لن يصيبنا إلا ما خطّ الله تعالى لأجلنا في اللوح، ولا يتغير موافقتكم ومخالفتكم، فتدل الآية على أن الحوادث كلها بقضاء الله تعالى. (۶/۱۶۶)

ما في " صحيح البخاري " : عن عبد الله قال : حدثنا رسول الله ﷺ وهو الصادق المصدوق قال : "إن أحدكم يجمع في بطن أمه أربعين يوماً، ثم علقة مثل ذلک، ثم يكون مضغة مثل ذلک، ثم يبعث الله ملكاً فيؤمر بأربع برزقه وأجله وشقي أو سعيد". (۲/۹۷۶، كتاب القدر، باب في القدر، الصحيح لمسلم : ۲/۳۳۲، كتاب القدر، باب كيفية خلق الآدمي في بطن) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۰۸۰۹)

دفعِ مصائب وبلیّات کے لیے ختم بخاری

مسئلہ (۱۸): بعض لوگ کہتے ہیں کہ دفعِ مصائب وبلیّات کے لیے بخاری شریف ختم کرکے جو دعائیں مانگی جاتی ہیں، اس کا قرآن وحدیث میں کوئی ثبوت نہیں، اس لیے یہ بدعت ہے، جب کہ دفعِ مصائب کے لیے جو ختم کیا جاتا ہے، مثلاً سوالاکھ مرتبہ کلمۂ طیبہ یا آیت الکرسی کا پڑھنا، یا بخاری شریف کا ختم کرکے دعا مانگنا، یہ بطورِ علاج ہے، اس کے لیے قرآن وحدیث سے ثبوت ضروری نہیں ہے، جیسے حکیم نسخے میں لکھتے ہیں: ''عُناب ۵/دانہ، بادام ۷/دانہ'' کہ تجربات سے ثابت ہیں، اس کے لیے قرآن وحدیث سے ثبوت طلب کرنا بے محل ہے، اور جب اِس ختم کی شان مُعالجہ کی ہے، تعبُّد وعبادت کی نہیں، تو یہ بدعت نہیں، بلکہ اس کو بدعت کی حد میں لانا بدعت ہے، بالخصوص جب کہ اس کی اصل بھی موجود ہے کہ ذکرِ خیر کے بعد دعا قبول ہوتی ہے، اور بخاری شریف کے کلماتِ خیر پر مشتمل ہونے میں کس کو شبہ ہے، لہٰذا دفعِ مصائب وبلیّات کے لیے بخاری شریف کا ختم کرکے دعائیں مانگنا درست ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' مقدمة لامع الدَّراري على جامع البخاري '' : وقال الشيخ عبد الحق الدهلوي في أشعة اللمعات : قرأ كثير من المشايخ والعلماء والثقات صحيح البخاري لحصول المرادات وكفاية المهمات وقضاء الحاجات ، ودفع البليات وكشف الكربات وصحة الأمراض وشفاء المرضىٰ عند المضائق والشدائد فحصل مرادهم=

ابجد حروف کا تعویذ اور اس کا استعمال

مسئلہ (۱۹): جو تعویذات آیاتِ مبارکہ یا احادیثِ مبارکہ سے تیار کیے گئے ہوں، یا بزرگوں سے منقول ہوں، ان کے الفاظ درست ہوں، تو ایسے الفاظ یا ان کے ابجد حروف سے تعویذ بنانا اور اس کا استعمال کرنا درست اور شرعاً جائز ہے، جب کہ مبہم غیر معلوم المعنیٰ یا شرکیہ الفاظ سے تیار کی گئی تعویذ کا استعمال جائز نہیں ہے۔ (۱)

=وفازوا بمقاصدهم ووجدوه كالترياق مجرباً ، وقد بلغ هذا المعنى عند علماء الحديث مرتبة الشهرة والاستفاضة . ونقل السيد جمال الدين المحدث عن استاذه السيد أصيل الدين أنه قال : قرأت صحيح البخاري نحو عشرين ومائة مرة في الوقائع والمهمات لنفسي والناس آخرين فبأي نية قرأته حصل المقصود وبقي المطلوب ......

...... وهكذا قال الشيخ مشائخنا الشاه عبد العزيز الدهلوي في " البستان" : ان قرأته في الشدائد والأمراض وخوف الأعداء والغلاء وسائر البلايا ترياق مجربٌ .

(۱/۲۳، ۲۴ ، مقدمة اللامع ، الفائدة الثانية ، المكتبة الأشرفية ديوبند)

(فتاویٰ محمودیہ:۳/ ۲۹۶، کراچی، فتاویٰ حقانیہ:۲/ ۷۳، فتاویٰ رشیدیہ:ص/ ۱۶۶، تالیفاتِ رشیدیہ:ص/ ۱۵۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الشامية " : قالوا : وإنما تكره العوذة إذا كانت لغير لسان العرب ولا يدري ما هو ، ولعله يدخله سحر أو كفر أو غير ذلك ، وأما ما كان من القرآن أو شيء من الدعوات فلا بأس به . اهـ . (۹/ ۵۲۳ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في اللبس ، ط : دار الكتب العلمية بيروت ، ۶/ ۳۶۳ ، ط : دار الفكر)

(فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۳۱۰۵)

گاڑیوں کی پلیٹ نمبر اور موبائل سم کارڈ کے لیے ۳۱۳ کے عدد کا انتخاب

مسئلہ (۲۰): حضراتِ علماء کرام نے اسماء بدریین کے ذکر کے بعد دعا کے قبول ہونے کی صراحت فرمائی ہے، مگر یہ بات تجربہ سے ثابت ہے، نص سے نہیں[1]، نیز قبولیتِ دعا اور حصولِ برکت کا یہ تجربہ اسماء بدریین کے ذکر پر ہے، نہ کہ محض ان کے عدد ''۳۱۳'' کے ذکر یا لکھنے پر، اس لیے کہ نفسِ عدد ''۳۱۳'' کو ان کے اسماء سے کوئی مناسبت نہیں ہے، بلکہ یہ غزوۂ بدر میں شریک حضرات صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا مجموعی عدد ہے، جب کہ آج کل بہت سے لوگ اس عدد کو بطورِ تبرّک اپنی گاڑیوں کے نمبر پلیٹ یا موبائل کے سم کارڈ (Sim Card) نمبر وغیرہ کے لیے منتخب کرتے ہیں، تو ان کا یہ عمل باعتقادِ تبرّک درست نہیں، ہاں! اگر اس اعتقاد کے بغیر محض اپنی طبعی پسند کی وجہ سے انتخاب کرتے ہوں، تو پھر اس میں کوئی حرج بھی نہیں ہونا چاہیے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' لامع الدّراري على جامع البخاري '' : وقد تقدم ما قال الزرقاني قال العلامة الدّواني : سمعنا من مشائخ الحديث أن الدعاء عند ذكرهم في البخاري مستجاب وقد جرب . (۳/۱۲۳ ، كتاب المغازي ، المكتبة الأشرفية ديوبند ، كذا في شرح الزرقاني : ۱/۴۰۹ ، بحواله سيرة المصطفى ﷺ : ۲/۱۳۶ ، كشف الباري شرح البخاري :ص/۱۷۸ ، كتاب المغازي)

(۲) ما في '' غمز عيون البصائر شرح الأشباه والنظائر '' : قوله : (الأصل في الأشياء الإباحة) ذكر العلامة قاسم بن قطلوبغا في بعض تعاليقه أن المختار أن الأصل الإباحة عند جمهور أصحابنا ، وقيده فخر الإسلام بزمن الفترة فقال : إن الناس لن يتركوا =

اللہ رب العزت کے لیے لفظِ ’’خدا‘‘ کا استعمال

مسئلہ (۲۱): لفظِ ’’خدا‘‘ فارسی زبان کا لفظ ہے، جو کسی حد تک واجب الوجود کا ترجمہ ہے، اللہ رب العزت کے لیے اس کا استعمال اکابرِ امت سے چلا آرہا ہے، لہٰذا اللہ تعالیٰ کے لیے اس کا استعمال جائز ہے، لیکن چوں کہ یہ لفظ ’’اللہ‘‘ (اسمِ ذات) کا نہ نعم البدل ہے، اور نہ اس کے برابر، اس لیے اللہ کی پاک ذات کے لیے اس کا اسمِ ذات ’’اللہ‘‘ کا استعمال سب سے بہتر ہے۔[۲]

= سدًى في شيء من الأزمان ، وانما هذا بناء على زمن الفترة لاختلاف الشرائع ووقوع التحريفات ، فلم يبق الاعتقاد والوثوق على شيء من الشرائع ، فظهرت الإباحة بمعنى عدم العقاب بما لم يوجد له محرم ولا مبيح . انتهى . ودليل هذا القول قوله تعالى: ﴿خلق لكم ما في الأرض جميعًا﴾ أخبر بأنه خلقه لنا على وجه المنة علينا، وأبلغ وجوه المنة وإطلاق الانتفاع ، فتثبت الإباحة . (۱/۲۲۳ ، ۲۲۴)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " روح المعاني " : أسماء الله تعالى توقيفية يراعى فيها الكتاب والسنة والإجماع ، فكل إسم ورد في هذه الأصول جاز إطلاقه عليه جلّ شانه ، وما لم يرد فيها لا يجوز إطلاقه وإن صحّ معناه . اهـ . (۶/۱۷۷ ، تحت آية الأعراف : ۱۸۰ ،

تفسير المظهري : ۳/۴۶۶ ، مكتبه زكريا بكڈپو ديوبند) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۱۶۲۹)

''جلَّ تو جلال تو، آئی بَلا کو ٹال تو'' کا وظیفہ

مسئلہ(۱۱۶): بعض حجاج کرام موسمِ حج میں مکہ مکرمہ سے اپنے بعض کاموں کے لیے جدّہ آتے ہیں، پھر وہیں سے مکہ مکرمہ واپس جاتے ہیں، تو ان پر اِحرام لازم نہیں ہوگا، اس لیے کہ جدّہ میقات ہے اور محض میقات میں داخل ہونے سے دوبارہ اِحرام لازم نہیں ہوگا، کیوں کہ میقات سے تجاوز نہیں پایا گیا، ہاں! جب جدّہ سے دوسری طرف نکل جائے تو میقات سے تجاوز ہونے کی بناء پر دوبارہ اِحرام لازم ہوگا۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " منحة الخالق على هامش البحر" : طاف ونسي ركعتي الطواف فلم يتذكر إلا بعد شروعه في طواف آخر ، فإن كان قبل تمام شوط رفضه ، وبعد إتمامه لا ، بل يتم طوافه الذي شرع فيه ، وعليه لكل أسبوع ركعتان .

(۲/۵۸۰، كتاب الحج ، باب الإحرام ، بيروت)

ما في " البحر العميق في مناسك المعتمر والحاج " : ولو طاف أسبوعاً فشرع في أسبوع آخر ناسياً فطاف شوطاً أو شوطين منه ، ثم تذكّر فإنه يتمّ الأسبوع الذي دخل فيه ، وعليه لكل أسبوع ركعتان .... ولو تذكّر قبل أن يتم الشوط الأول قالوا : ينبغي أن يعود إلى الصلاة ، لأن ما دون الشوط كما دون الركعة من الصلاة يحتمل الرفض . اهـ . (۲/۱۲۴۷ ، الباب العاشر في دخول مكة وفي الطواف والسعي ، فصل في ركعتي الطواف) (فتاویٰ محمودیہ:۱۵/ ۴۱۸، مکتبہ محمودیہ میرٹھ)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " البحر الرائق " : وأما عند عدم هذا القصد فله الدخول بغير إحرام للحاجة والضرورة كالمكي إذا خرج من الحرم لحاجة له أن يدخل مكة بغير إحرام بشرط أن=

....

....

....

....

= لا يكون جاوز الميقات كالآفاقي ، فإن جاوزه فليس له أن يدخل مكة من غير إحرام ، لأنه صار آفاقياً . (۲/۵۵۹ – ۵۶۰ ، كتاب الحج ، قبيل باب الإحرام)

ما في " الموسوعة الفقهية الكويتية " : يجوز لمن كان داخل المواقيت (بين الميقات والحرم) أن يدخل الحرم بغير إحرام لحاجته ، لأنه يتكرّر دخوله لحوائجه فيُحْرَجُ في ذلک ، والحرج مرفوع ، فصار كالمكي إذا خرج ثم دخل . (۱۷/۱۸۶ ، حج)

ما في " الاختيار لتعليل المختار " : ومن كان داخل الميقات فله أن يدخل مكة بغير إحرام لحاجته ... وصار كالمكي إذا خرج ثم دخل .

(۱/۱/۴۴۱/۴۴۲ ،كتاب الحج ، دار الرسالة العالمية دمشق)

ما في " رد المحتار " : لأن المكي إذا خرج إلى الحل الذي في داخل الميقات التحق بأهله ..... بشرط أن لا يجاوز ميقات الآفاقي وإلا فهو كالآفاقي لا يحل له دخوله بلا إحرام . كما ذكره في البحر .... ونظيره المكي إذا خرج منها وجاوز المواقيت لا يحل له العود بلا إحرام . (۳/۴۸۴ ، كتاب الحج ، مطلب في المواقيت ، بيروت)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : أما لو قصد موضعاً من الحلّ كخليص وجدة حل له مجاوزته بلا إحرام ، فإذا دخل به التحق بأهله فله دخول مكة بلا إحرام .

(۳/۴۸۲ ، كتاب الحج ، المجموع شرح المهذب للنووي : ۷/۱۰ ، دار الفكر بيروت ، كشاف القناع: ۲/۴۰۲ ، ۴۰۳)

ما في " غنية الناسک " : وكذا البستاني أو المكي إذا خرج إلى الآفاق صار حكمه حكم أهل الآفاق لا تجوز له مجاوزة ميقات أهل الآفاق وهو يريد مكة أو الحرم إلا محرماً . (ص/۲۹ ، فصل وقد يتغير الميقات بتغير الحال ، بحوالہ فتاویٰ محمودیہ میرٹھ:۱۵/۳۸۹)

حاجی پر عید الاضحیٰ کی قربانی

مسئله (۱۱۷): حج تمتع یا قِران میں جو جانور منیٰ میں ذبح کیا جاتا ہے اُسے ''دمِ شکر'' کہتے ہیں اور وہ عید کی قربانی سے الگ واجب ہے [۱]، مگر حاجی پر سفر کی وجہ سے عید کی قربانی واجب نہیں، البتہ اگر کوئی ۸/ذی الحجہ سے کم از کم ۱۵/ روز قبل مکہ مکرمہ میں آکر رہا تو وہ مقیم ہوگیا، اس لیے قربانی کے دنوں میں اگر وہ صاحبِ نصاب ہو، تو اس پر ''دمِ شکر'' کے علاوہ عید کی قربانی بھی واجب ہے [۲]، خواہ منیٰ میں ذبح کرے یا اپنے وطن میں کرائے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : ويجب الدم على المتمتع شكراً إلى قوله : وحكم القارن كحكم المتمتع في وجوب الهدي إن وجده .

(۱/ ۲۳۹ ، كتاب الحج ، الباب السابع في القران والتمتع)

(۲) ما في " رد المحتار " : والذبح له أفضل ويجب على القارن والمتمتع ، وأما الأضحية فإن كان مسافراً فلا يجب عليه وإلا كالمكي فتجب . كما في البحر .

(۳/ ۵۳۴ ، كتاب الحج ، مطلب في رمي جمرة العقبة ، بيروت)

ما في " الهداية " : الأضحية واجبة على كل حرّ مسلم مقيم موسر في يوم الأضحى .

(۴/ ۴۴۳ ، كتاب الأضحية ، مكتبه ياسر نديم اينڈ كمپنى)

(احسن الفتاویٰ:۴/ ۵۷۸، کتاب الحج، فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۹۶۶۳)

كتاب الأضحية والعقيقة

(قربانی اور عقیقہ کے احکام)

قربانی کے سلسلہ میں ایک غلطی

مسئلہ (۱۱۸): بعض لوگ قربانی کے سلسلہ میں یہ غلطی کرتے ہیں کہ کسی سال اپنی بیوی کے نام سے، تو کسی سال خود اپنے نام سے، تو کسی سال اپنے گھر کے کسی بڑے فرد کے نام سے قربانی کرتے ہیں، یعنی ہر سال گھر کے کسی ایک ہی فرد کے نام سے قربانی کرتے ہیں، اور یہ خیال کرتے ہیں کہ اس طرح کرنے سے گھر کے تمام افراد کے ذمہ سے قربانی کا وجوب ساقط ہوجاتا ہے، ان کا یہ خیال غلط ہے، صحیح بات یہ ہے کہ گھر کا جو جو فرد صاحبِ نصاب ہے، اس پر قربانی واجب ہے، محض کسی ایک فرد کے نام سے قربانی کردینے سے تمام اہلِ خانہ کا واجب ادا نہ ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : وأما شرائط الوجب ؛ منها الغنى لما روى رسول الله ﷺ أنه قال : " من وجد سعة فليضحّ " شرط عليه السلام السعة وهي الغنى .

(۲۸۳/٦، كتاب التضحية)

ما في " الفقه الحنفي في ثوبه الجديد " : الأضحية واجبة على كل حرّ مسلم مقيم موسر في يوم الأضحى عن نفسه . (۲۰۰/۵)

ما في " المحيط البرهاني في الفقه النعماني " : وشرط وجوبها اليسار عند أصحابنا رحمهم الله ، والموسر في ظاهر الرواية من له مائتا درهم أو عشرون ديناراً أو شيء=

مالدار شخص کا ایام قربانی میں انتقال

مسئلہ (۱۱۹): اگر کوئی شخص مالدار (صاحبِ نصاب) ہو، اور اس نے ابھی تک قربانی نہیں کی تھی کہ ایامِ قربانی ہی میں اس کا انتقال ہوگیا، تو اس کے ذمہ سے قربانی ساقط ہوگئی، کیوں کہ وجوبِ قربانی، ادائے قربانی کے وقت ثابت ہوتا ہے، یا پھر آخر وقت میں، اب جب اس شخص نے قربانی نہیں کی اور نہ آخر وقت تک زندہ رہا، تو اس پر قربانی واجب ہی نہیں ہوئی، جیسے کوئی شخص نماز کا وقت داخل ہونے کے بعد، اُس کو ادا کرنے سے پہلے ہی مر جائے، تو اس پر اُس وقت کی نماز واجب نہیں ہوتی۔ (۱)

= يبلغ ذلك سوى مسكنه ومتاع مسكنه ومتاعه مركوبه .

(۶/ ۴۶۹، كتاب الأضحية، التنوير وشرحه مع الشامية : ۹/ ۴۵۴ ، كتاب الأضحية، بيروت) (فتاویٰ محمودیہ: ۲۶/ ۲۳۸، مکتبہ محمودیہ میرٹھ)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الهندية " : ولو مات الموسر في أيام النحر قبل أن يضحي سقطت عنه الأضحية . (۵/ ۲۹۳ ، الباب الأول)

وما في " الهندية " : يعتبر آخر أيام النحر في الفقر والغنى والموت والولادة .
(۵/ ۲۹۶ ، الباب الرابع فيما يتعلق بالمكان والزمان)

وفيه أيضاً : ولو كان موسراً في أيام النحر فلم يضح حتى مات قبل مضي أيام النحر سقطت عنه الأضحية حتى لا يجب عليه الإيصاء .
(۵/ ۲۹۷ ، الباب الرابع فيما يتعلق بالمكان والزمان)

ما في " بدائع الصنائع " : ولو مات الموسر في أيام النحر قبل أن يضحي سقطت عنه الأضحية ، وفي الحقيقة لم تجب لما ذكرنا أن الوجوب عند الأداء أو في آخر الوقت ، فإذا مات قبل الأداء مات قبل أن تجب عليه كمن مات في وقت الصلاة قبل أن يصليها أنه مات ولا صلاة عليه . (۶/ ۲۸۹ ، كتاب التضحية ، فصل في كيفية الوجوب)

بڑے جانور میں واجب اور نفل قربانی کی نیت

مسئلہ (۱۲۰): بسا اوقات ایک بڑے جانور میں شرکاء میں سے کچھ لوگ واجب قربانی کی نیت سے اور کچھ لوگ نفلی قربانی کی نیت سے شریک ہوتے ہیں، اس طرح ان کا شریک ہوکر قربانی کرنا درست ہے، کیوں کہ شرط، عبادت وقربت کی نیت ہے، اور وہ سب کی طرف سے پائی گئی۔ [۱]

الحجة على ما قلنا :

(ا) ما في " بدائع الصنائع " : ولو أرادوا القربة الأضحية أو غيرها من القرب أجزأهم ، سواء كانت القربة واجبة أو تطوعاً ، أو وجبت على البعض دون البعض .

(۶/۳۰۵ ، كتاب التضحية ، فصل في شروط جواز إقامة الواجب)

ما في " المحيط البرهاني " : الشاة لا تجزئ إلا عن واحد ، وإن كانت عظيمة ، والبقر والبعير كل واحد منهما يجزئ عن سبعة إذا كانوا يريدون بها وجه الله ، اتفقت جهات القربة أو اختلفت .

(۶/۴۸۵ ، كتاب الأضحية ، الفصل الثامن فيما يتعلق بالشركة في الضحايا)

ما في " الفقه الحنفي في ثوبه الجديد " : الشرط قصد القربة عن الكل ...... لو كانت القربة واجبة عن الكل أو البعض اتفقت جهاتها أو لم تتفق كأضحية وإحصار .

(۵/۲۱۴ ، التضحية ، موت أحد المشتركين في البدنة)

جانور کو گراتے وقت اس میں عیب پیدا ہوگیا

مسئلہ (۱۲۱): اگر قربانی کے جانور کو ذبح کرنے کے لیے گراتے وقت اس میں کوئی عیب پیدا ہوجائے، تو اس سے صحتِ قربانی میں کوئی فرق نہیں پڑتا، قربانی درست ہوجاتی ہے۔[۱]

الحجة على ما قلنا :

(ا) ما في " الفتاوى الهندية " : ولو قدم أضحية ليذبحها فاضطربت في المكان الذي يذبحها فيه فانكسرت رِجلها ثم ذبحها على مكانها أجزأه . (۲۹۹/۵ ، بدائع الصنائع : ۳۱۷/۶ ، كتاب التضحية ، فصل في شروط جواز إقامة الواجب)

ما في " الفقه الحنفي في ثوبه الجديد " : ولا يضر تعييبها من اضطرابها عند الذبح .
(۲۱۳/۵ ، التضحية ، ما يجوز في التضحية وما لا يجوز)

ما في " المحيط البرهاني " : وإن أصابها شيء من العيوب في اصطحابها حين اصتحبها للذبح وذبحها على مكانها جاز استحساناً .
(۴۷۹/۶ ، الفصل الخامس في بيان ما يجوز في الضحايا وما لا يجوز الخ)

ما في " البحر الرائق " : ولو أضجعها ليذبحها في يوم النحر فاضطربت فانكسرت رجلها فذبحها أجزأته استحساناً .
(۳۲۴/۸ ، كتاب الأضحية ، الدر المختار مع الشامية : ۴۷۱/۹) (فتاویٰ محمودیہ:۲۹۲/۲۶)

جانور کو پچھلی ٹانگوں کی طرف سے کھینچنا

مسئلہ (۱۲۲): بعض لوگ قربانی کے جانور کو ذبح کے لیے قربان گاہ لیجاتے وقت، اُس کی پچھلی ٹانگوں کو آگے کی طرف سے کھینچتے ہیں، ان کا یہ عمل مکروہ ہے، مستحب یہ ہے کہ اُسے اچھے انداز میں ہانک کر ذبح کی مخصوص جگہ تک لایا جائے۔[1]

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : قال الله تعالی : ﴿ومن یعظّم شعائر الله فإنها من تقوی القلوب﴾ وأن یسوقها إلی المنسک سوقاً جمیلاً لا عنیفاً وألا یجرّ برجلها إلی المذبح . (۶/۳۲۰ ، کتاب التضحیة)

ما في " الهندیة " : ویکره جرّها برجلها إلی المذبح .

(۵/۲۸۷ ، کتاب الذبائح ، الباب الأول)

ما في " الدر المختار مع الشامیة " : وندب إحداد شفرته قبل الاضجاع وکره بعده کالجرّ برجلها إلی المذبح . (۹/۴۲۶ ، کتاب الأضحیة)

ما في " الموسوعة الفقهیة " : یستحب قبل التضحیة أمور :......... أن یسوقها إلی مکان الذبح سوقاً جمیلاً لا عنیفاً ولا یجرّ برجلها إلیه ، لأن رسول الله ﷺ قال : "إن الله کتب الإحسان علی کل شيء فإذا قتلتم فأحسنوا القِتلة ، وإذا ذبحتم فأحسنوا الذِّبحة ، ولیُحدَّ أحدکم شَفرته ولیُرح ذبیحتَه " . (۵/۹۵ ، أضحیة)

قربانی کے جانور کا اُون کاٹنا

مسئلہ (۱۲۳): اگر کسی شخص نے ایامِ قربانی سے پہلے قربانی کی نیت سے کوئی جانور خرید لیا ہے، تو اس جانور کا اُون کاٹنا اور اس سے نفع اٹھانا مکروہ ہے [۱]، البتہ اس عمل کے بعد بھی قربانی درست ہوجائے گی [۲]، اور کاٹے ہوئے اُون یا اس کی قیمت کا صدقہ کرنا واجب ہے۔ [۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الهندية " : ولو اشترى شاة للأضحية يكره أن يحلبها أو يجز صوفها فينتفع به ، لأنه عينها للقربة ، فلا يحل له الانتفاع بجزء من أجزائها قبل إقامة القربة بها . (۵/۳۰۰ ، الباب السادس)

ما في " بدائع الصنائع " : ولو اشترى شاة فيكره أن يحلبها أو يجز صوفها فينتفع به ، لأنه عينها للقربة ، فلا يحل له الانتفاع بجزء من أجزائها قبل إقامة القربة فيها .

(۶/۳۲۰ ، كتاب التضحية ، فصل فيما يستحب قبل الأضحية)

(۲) ما في " رد المحتار " : وتجوز المجزوزة التي جزّ صوفها .

(۹/۴۷۰ ، كتاب الأضحية)

ما في " الهندية " : تجزي المجزوزة وهي التي جزّ صوفها ، كذا في فتاوى قاضيخان .

(۵/۲۹۸ ، الباب الخامس)

(۳) ما في " الهندية " : ولو جزّ صوفها يتصدق به ولا ينتفع به .

(۵/۳۰۱ ، الباب السادس)

ما في " الدر المختار مع الشامي " : وكره جزّ صوفها قبل الذبح لينتفع به ، فإن جزّه تصدّق به . (۹/۴۷۵ ، كتاب الأضحية)

بانجھ جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۲۴): بانجھ جانور کی قربانی درست ہے، کیوں کہ اس پر ممانعت کا حکم وارد نہیں ہے، اور بانجھ ہونا قربانی کے لیے عیب نہیں ہے، بلکہ بانجھ جانور اکثر و بیشتر لحیم وشحیم (خوب موٹا تازہ) ہوتا ہے، اور گوشت بھی عمدہ ہوتا ہے، اس لیے اس کی قربانی جائز ہے۔[1]

کٹی ہوئی زبان والے جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۲۵): جس جانور کی زبان کٹی ہوئی ہو، اگر وہ بکری ہے تو اس کی قربانی جائز ہے، کیوں کہ وہ چارہ دانت سے کھاتی ہے، اور اگر وہ جانور گائے ہے تو اس کی قربانی جائز نہیں، کیوں کہ وہ چارہ زبان سے کھاتی ہے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : تجوز الأضحية بالعاجزة عن الولادة لكبر سنها .

(۵/۲۹۷ ، الباب الخامس ... الخ)

ما في " الموسوعة الفقهية " : أما الأنعام التي تجزئ التضحية بها ، لأن عيبها ليس بفاحش فهي كالآتي .... العاجزة عن الولادة لكبر سنها . (۵/۸۵ – ۸۶ ، الأضحية)

ما في " الفقه الحنفي في ثوبه الجديد " : وتجوز التضحية .... العاجزة عن الولادة لكبر سنها . (۵/۲۱۲، التضحية ، ما يجوز في التضحية وما لا يجوز)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " الفقه الحنفي في ثوبه الجديد " : وتجوز التضحية .... التي لا لسان لها في الغنم لا البقر ، لأنه يأخذ العلف باللسان والشاة بالسنّ . (۵/۲۱۲ ، التضحية ، ما يجوز في التضحية وما لا يجوز ، رد المحتار : ۹/۴۷۰ ، كتاب الأضحية)=

اندھے جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۲۶): اگر کوئی جانور پوری طرح ایک یا دونوں آنکھوں سے اندھا ہے، تو اس کی قربانی درست نہیں ہے، کیوں کہ اندھا ہونا یہ اُن عیوب میں سے ہے، جن کے پائے جانے پر قربانی جائز نہیں ہوتی ہے۔[1]

= ما في " الهندية " : ولو كانت الشاة مقطوعة اللسان هل تجوز التضحية بها فقال : نعم ، إن كان لا يخل بالاعتلاف ، وإن كان يخل به لا تجوز التضحية بها . (۲۹۸/۵)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " المحيط البرهاني " : ولا العوراء أو هي ذاهبة إحدى العينين بكماله .

(۴۷۸/۶ ، كتاب الأضحية ، الفصل الخامس)

ما في " بدائع الصنائع " : لا تجوز العمياء ولا العوراء البين عورها .

(۳۱۲/۶ ، كتاب التضحية ، الفتاوى الهندية : ۲۹۷/۵ ، الباب الخامس . الخ ، البحر الرائق : ۳۲۳/۸ ، كتاب الأضحية)

لوہے سے داغ دیئے گئے جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۲۷): جس جانور کی ران یا اور کسی عضو پر لوہے سے داغ دیا ہوا ہو، تو اس کی قربانی جائز ہے[۱]، مگر بہتر یہ ہے کہ قربانی کے لیے ایسے جانور کا انتخاب کیا جائے، جس میں کوئی ظاہری عیب بھی نہ ہو۔[۲]

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " الهندية " : ويجوز التي بها كيّ .

(۲۹۷/۵، الباب الخامس في بيان محل إقامة الواجب)

ما في " الفقه الحنفي في ثوبه الجديد " : وتجوز التضحية ...... التي لها كيّ .

(۲۱۲/۵)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وأما الأنعام التي تُجزئ التضحية بها لأن عيبها ليس بفاحش فهي كالآتي .... المكوية وهي التي كويت أذنها أو غيرها من الأعضاء . (۸۵/۵ – ۸٦ ، الأضحية)

(۲) ما في " رد المحتار " : قال الشامي : والمستحب أن يكون سليماً عن العيوب الظاهرة . (۴٦۸/۹ ،كتاب الأضحية ، الفتاوى الهندية :۲۹۷/۵، الباب الخامس في بيان محل إقامة الواجب)

دانت گھسے ہوئے جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۲۸): جس جانور کی عمر زیادہ ہونے کی وجہ سے اس کے سارے دانت گر گئے ہوں، یا گِھس گِھس کر مسوڑھوں سے جا ملے ہوں، لیکن وہ گھاس کھانے پر قادر ہے، تو اس کی قربانی درست ہے، اور اگر گھاس کھانے پر قادر نہیں ہے، تو اس کی قربانی جائز نہیں ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : وأما الهشماء ، وهي التي لا أسنان ، فإن كانت ترعى وتعتلف جازت وإلا لا .

(۲۹۸/۵ ، كذا في البدائع : ۲۱۵/۴ ، كتاب التضحية ، أما شرائط جواز إقامة الواجب)

ما في " الموسوعة الفقهية " : أما الأنعام التي تجزئ التضحية بها ، لأن عيبها ليس بفاحش فهي الهشماء وهي التي لا أسنان لها، لكن يشترط في إجزائها ألا يمنعها الهشم عن الرعي والاعتلاف ، فإن منعها عنهما لم تجزئ ، وهو مذهب الحنفية . (۸٦/۵)

ما في " الدر المختار " : ولا بالهشماء التي لا أسنان لها ، ويكفي بقاء الأكثر ، وقيل ما تعتلف به . (۳۹۳/۹)

ما في " البحر الرائق " : ولا يجوز بالهشماء التي لا أسنان لها إن كانت لا تعتلف ، وإن كانت تعتلف جاز ، وهو الصحيح .

(۳۲۳/۸ ، كتاب الأضحية ، الفقه الإسلامي وأدلته : ۲۷۲۷/۵)

جرسی گائے وبیل کی قربانی

مسئلہ (۱۲۹): جرسی گائے وبیل کی پیدائش فطری طریقہ یعنی نر ومادہ کے اختلاط سے نہیں ہوتی، مگر چونکہ ان کی ولادت گائے ہی سے ہوتی ہے، اس لیے ان کا کھانا حلال ہے، اوران کی قربانی کرنا بھی جائز ہے، البتہ قربانی ایک عظیم عبادت ہے، اوراس کے لیے جب غیر مشتبہ جانور بآسانی دستیاب ہو سکتے ہوں، تو اس قسم کے مشتبہ جانور کی قربانی سے بچنا بہتر واولیٰ ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : فإن كان متولداً من الوحشي والأنسي فالعبرة للأم ، حتى لو كانت البقرة وحشية والثور أهلياً لم تجز ، وقيل إذا نزا ظبي على شاة أهلية فإن ولدت شاة تجوز التضحية وإن ولدت ظبياً لا تجوز .

(۲۹۷/۵ ، كتاب الأضحية ، الباب الخامس في بيان محل إقامة الواجب)

ما في " بدائع الصنائع " : فإن كان متولداً من الوحشي والأنسي فالعبرة بالأم ، فإن كانت أهلية يجوز وإلا فلا ، حتى أن البقرة الأهلية إذا نزا عليها ثور وحشي فولدت ولداً فإنه يجوز ، وإن كانت البقرة وحشية والثور أهلياً لم يجز ، لأن الأصل في الولد الأم ، لأنه ينفصل عن الأم وهو حيوان متقوم تتعلق به الأحكام وليس ينفصل من الأب إلا ماء مهين لا حظر له ولا يتعلق به حكم .

(۲۹۸/۶ ، كتاب التضحية ، فصل في محل إقامة الواجب)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : والمتولد بين الأهل والوحشي يتبع الأم . الدر المختار . قال الشامي : قال في البدائع : فلو نزا ثور وحشي على بقرة أهلية فولدت ولداً يضحي به دون العكس ، لأنه ينفصل عن الأم وهو حيوان متقوم تتعلق به الأحكام ومن الأب ماء مهين ، ولذا يتبع الأم في الرق والحرية .

(۴۶۶/۹ ، كتاب الأضحية ، البحر الرائق : ۳۲۴/۸) (فتاویٰ رحیمیہ: ۵۵/۱۰)

بھینس کی قربانی

مسئلہ (۱۳۰): بعض حضرات یہ خیال کرتے ہیں کہ بھینس کی قربانی درست نہیں ہے، ان کا یہ خیال غلط ہے، کیوں کہ شریعتِ مقدسہ میں تین قسم کے جانوروں کی قربانی کرنا جائز ہے، اور فقہاء کرام نے ان تین قسموں میں گائے کے ساتھ بھینس کو بھی شمار کیا ہے۔[۱]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : وصح الثنی فصاعداً من الثلاثة ، وهو ابن خمس من الإبل ، وحولين من البقر والجاموس ، وحول من الشاة . تنوير مع الدر .
قال الشامي : قوله : (والجاموس) نوع من البقر ، وكذا المعز نوع من الغنم ، بدليل ضمها في الزكاة . (۹/ ۳۹۰ ، كتاب الأضحية)

ما في " بدائع الصنائع " : أما جنسه فهو أن يكون من الأجناس الثلاثة : الغنم أو الإبل أو البقر ، ويدخل في كل جنس نوعه والذكر والأنثى منه والخصي والفحل لانطلاق إسم الجنس على ذلک ، والمعز نوع من الغنم ، والجاموس نوع من البقر ، بدليل أنه يضم ذلک الغنم والبقر في باب الزكاة .
(۴/ ۲۰۵ ، كتاب الأضحية ، فصل محل إقامة الواجب)

ما في " تبيين الحقائق " : قال رحمه الله : (والأضحية من الإبل والبقر والغنم) لأن جواز التضحية بهذه الأشياء عرف شرعاً بالنص على خلاف القياس فيقتصر عليها ، ويجوز بالجاموس لأنه نوع من البقر . (۶/ ۴۸۳ ، كتاب الأضحية ، البحر الرائق : ۸/ ۳۲۴ ، كتاب الأضحية ، فتاوى قاضي خان : ۴/ ۳۳۱ ، كتاب الأضحية ، فصل فيما يجوز في الضحايا .. الخ) (فتاویٰ محمودیہ: ۲۶/ ۲۶۱)

ذبح کرنے کے بعد زندہ بچہ نکلا

مسئلہ (۱۳۱): اگر قربانی کے جانور کو ذبح کرنے کے بعد اس کے پیٹ سے زندہ بچہ نکل آئے، تو شرعاً اسے بھی ذبح کرنے کا حکم ہے [۱]، لیکن اگر کسی شخص نے اس بچہ کو ذبح کرنے کے بجائے پال لیا، اور اس کے بڑے ہونے پر، اپنے اوپر واجب قربانی میں اس کو ذبح کیا، تو اس کی واجب قربانی ادا نہ ہوگی، اس کا پورا گوشت صدقہ کرنا لازم ہوگا، اور اس شخص پر اس کی جگہ دوسری قربانی بھی واجب ہوگی۔ [۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : فإن خرج من بطنها حياً فالعامة أنه يفعل به ما يفعل بالأم . (۵/ ۳۰۱)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : ولدت الأضحية ولداً قبل الذبح يذبح الولد معها . الدر المختار. قال الشامي تحت قوله : (قبل الذبح) فإن خرج من بطنها حياً فالعامة أنه يفعل به ما يفعل بالأم . (۹/ ۳۹۱ ، كتاب الأضحية)

(۲) ما في " رد المحتار " : قال الشامي : فإن بقي عنده وذبحه للعام القابل أضحية لا يجوز وعليه أخرى لعامة الذي ضحّى ، ويتصدق به مذبوحاً مع قيمة ما نقص بالذبح ، والفتوى على هذا . (۹/ ۳۹۱ ، كتاب الأضحية)

ما في " الهندية " : وإن بقي الولد عنده حتى كبر وذبحه للعام القابل أضحية لا يجوز وعليه أخرى لعامه الذي ضحى ، ويتصدق به مذبوحاً مع قيمة ما نقص بالذبح ، والفتوى على هذا ، كذا في فتاوى قاضيخان . (۵/ ۳۰۲ ، الباب السادس)

قربانی کے جانور کی اوجھڑی

مسئلہ (۱۳۲): قربانی کے جانور کی اوجھڑی کھانا درست ہے، کیوں کہ اوجھڑی جانور کے اُن سات اعضاء میں داخل نہیں، جن کا کھانا جائز نہیں ہے۔ (۱)

تین دن سے زیادہ قربانی کا گوشت رکھنا

مسئلہ (۱۳۳): تین دین سے زیادہ قربانی کے جانور کا گوشت اپنے پاس رکھنا اور اس کے بعد اسے کھاتے رہنا جائز اور درست ہے، ایک خاص مصلحت کی وجہ سے نبیٔ کریم ﷺ نے صرف ایک سال کے لیے تین دن سے زائد قربانی کا گوشت رکھنے سے منع فرمایا تھا، وہ مصلحت یہ تھی کہ مدینہ منورہ میں بقرعید کے موقع پر ایک مرتبہ باہر سے بہت مسلمان آ گئے، جو غربت و افلاس کے

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : وأما بيان ما يحرم أكله من أجزاء الحيوان المأكول ، فالذي يحرم أكله منه سبعة : الدم المسفوح والذكر والأنثيان والقبل والغدة والمثانة والمرارة ، لقوله تعالى : ﴿ويحلّ لهم الطيبٰت ويحرّم عليهم الخبائث﴾ . وهذه الأشياء السبعة مما تستخبثه الطباع السليمة فكانت محرمة ، وما روي عن مجاهد أنه قال : كره رسول الله ﷺ من الشاة : الذكر والأنثيين والقبل والغدة والمرارة والمثانة والدم ، فالمراد منه كراهة التحريم .

(۲۷۲/٦ ، كتاب الذبائح والصيود ، فصل فيما يحرم أكله من أجزاء الحيوان)

ما في " رد المحتار " : قال الشامي : ما يحرم أكله من أجزاء الحيوان المأكول سبعة : الدم المسفوح والذكر والأنثيان والقبل والغدة والمثانة والمرارة .

(۴۵۱/۹ ، قبيل كتاب الأضحية) (فتاویٰ رحیمیہ: ۸۱/۱۰)

شکار تھے، اور کھانے پینے کی ان کو تنگی تھی، اس لیے آپ ﷺ نے اعلان فرمایا: " **لا یأکل أحدکم من لحم أضحیته فوق ثلاثة أیام** " کوئی آدمی تین دن کے بعد قربانی کا گوشت نہ کھائے[۱]، پھر جب آئندہ سال حضرات صحابہ کرام نے اس پر عمل کیا تو آپ ﷺ نے اعلان فرمایا: " **فکلوا ما بدا لکم وأطعموا وادّخروا** " جب تک چاہو کھاؤ، کھلاؤ اور جمع کر کے رکھو، اور گذشتہ سال منع کرنے کی وجہ بھی بتلا دی: " **کنت نهیتکم عن لحوم الأضاحي فوق ثلاث لیتسع ذوو الطول علی من لا طول له** " کہ سالِ گذشتہ میں نے تم کو تین دن سے زیادہ قربانی کا گوشت کھانے سے اس لیے منع کیا تھا تاکہ وسعت والے ان لوگوں پر وسعت کریں جن کو قربانی کی وسعت نہیں ہے۔[۲]

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن ابن عمر أن النبي ﷺ قال : " لا یأکل أحدکم من لحم أضحیته فوق ثلاثة أیام " . (۱/۲۷۷ ، أبواب الأضاحي ، باب في کراهیة أکل الأضحیة فوق ثلاثة أیام ، مکتبة دار السلام سهارنفور)

(۲) ما في " جامع الترمذي " : عن سلیمان بن بریدة عن أبیه قال : قال رسول الله ﷺ : " کنت نهیتکم عن لحوم الأضاحی فوق ثلاث لیتسع ذو الطول علی من لا طول له ، فکلوا ما بدا لکم وأطعموا وادخروا " .

(۱/۲۷۷ ، أبواب الأضاحي ، باب الرخصة في أکلها بعد ثلاث)

ما في " الصحیح لمسلم " : عن جابر عن النبي ﷺ أنه نهی عن أکل لحوم الضحایا بعد ثلاث ، ثم قال بعد : " کلوا وتزودوا وادخروا " .

(۲/۱۵۸ ، کتاب الأضاحي ، ما کان عن النهی عن أکل لحوم الأضاحی)=

عقیقہ کے گوشت کی تقسیم

مسئلہ (۱۳۴): عقیقہ کے گوشت کو تین برابر حصوں میں تقسیم کرکے، ایک حصہ فقراء ومساکین کو، دوسرا عزیز رشتہ داروں کو، اور تیسرا حصہ اپنے گھر میں استعمال کرلیا جائے، اور اگر کوئی شخص سارا گوشت گھر میں بنا کر عزیز رشتہ داروں کی دعوت کرے، تو یہ بھی جائز اور درست ہے۔(۱)

= ما في " السنن لإبن ماجة " : عن نبيشة أن رسول الله ﷺ قال : " كنت نهيتكم عن لحوم الأضاحي فوق ثلاثة أيام فكلوا وادّخروا " .

(ص/۲۲۸ ، باب ادخار لحوم الأضاحي)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (ويؤكل غنياً ويدّخر) لقوله عليه الصلاة والسلام بعد النهي عن الإدخار : " كلوا وأطعموا وادّخروا " . (۹/۳۹۷ ، كتاب الأضحية)

ما في " الهداية " : ويأكل من لحم الأضحية ويطعم الأغنياء والفقراء ويدّخر لقوله عليه السلام : "كنت نهيتكم عن أكل لحوم الأضاحي ، فكلوا منها وادّخروا " . ومتى جاز أكله وهو غني جاز أن يؤكل غنيًا . (۴/۴۳۳ – ۴۳۴ ، كتاب الأضحية)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " اعلاء السنن " : وسبيلها في الأكل والهدية والصدقة سبيل الأضحية . اهـ.

(۱۷/۱۴۰ ، تحت رقم الحديث : ۵۵۱۴ ، باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة ، بيروت)

ما في " رد المحتار " : قال في البدائع : والأفضل أن يتصدق بالثلث ، ويتخذ الثلث ضيافة لأقربائه وأصدقائه ، ويدّخر الثلث ، ويستحب أن يأكل منها .

(۹/۴۷۴ ، كتاب الأضحية ، ط : دار الكتب العلمية بيروت ، ۶/۳۲۸ ، ط : دار الفكر ، بدائع الصنائع : ۶/۳۲۹ ، التضحية ، ط : دار الكتب العلمية بيروت ، ۵/۸۰ ، ط : دار الكتاب العربي) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۸۳۵۸)

کتاب النکاح

(نکاح کے مسائل)

رشتہ کیسی لڑکی سے کیا جائے؟

مسئلہ (۱۳۵): بہتر یہ ہے کہ رشتہ ایسی لڑکی سے کیا جائے جو عمر، خاندان، دنیوی عزت اور مالداری میں لڑکے سے کمتر ہو، اور اخلاق، ادب، دین داری اور حسن و جمال میں لڑکے سے بڑھی ہوئی ہو، کیوں کہ اس صورت میں لڑکی شوہر کے حقوق زیادہ اچھی طرح ادا کرنے والی ہوگی، جو رشتۂ نکاح میں استحکام و پائیداری کا سبب ہوگا۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وكونها دونه سنًّا وحسبًا وعزًّا ومالا ، وفوقه خلقًا وأدبًا وورعًا وجمالا . الدر المختار . قال الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (دونه سنًّا) لئلا يسرع عقمها فلا تلد . قوله : (وحسبًا) هو ما تعده من مفاخر آبائک ، عن " القاموس " أي بأن يكون الأصول أصحاب شرف وكرم وديانة ، لأنها إذا كانت دونه في ذلک ، وكذا في العزّ : أي الجاه والرِّفعة ، وفي المال تنقاد له ، ولا تحتقره وإلا ترفعت عليه ، وفي " الفتح " : روى الطبراني عن أنس عنه ﷺ : " من تزوّج امرأة لعزّها لم يزده الله إلا ذُلا ، ومن تزوّجها لمالها لم يزده الله إلا فقرًا ، ومن تزوّجها لحسبها لم يزده الله إلا دناءةً ، ومن تزوّج امرأة لم يرد بها إلا أن يغضّ بصره ويحصن فرجه أو يصل رحمه ، بارک الله له فيها وبارک لها فيه " .

(۵۸/۴ ، كتاب النكاح ، مطلب : كثيرًا ما يتساهال في إطلاق المستحب على السنة)=

رشتہ کی پیشکش میں پہل کرنا

مسئلہ (۱۳۶): آج کل ہمارے معاشرے میں لڑکی والوں کی طرف سے رشتہ کی پیشکش کو بہت معیوب، خلافِ غیرت اور عار سمجھا جاتا ہے، حالانکہ شرعًا اِس کی کوئی اصل نہیں، خود حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی بیٹی حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کا رشتہ سیدنا عثمان غنی اور سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے سامنے پیش فرمایا تھا، لہٰذا اس بات میں کوئی حرج نہیں کہ کوئی آدمی اپنی بیٹی یا بہن کا رشتہ ازخود کسی صالح و متقی مرد کے سامنے پیش کرے۔(۱)

=ما في " البحر الرائق " : ويتزوج من هي فوقه في الخلق والأدب والورع والجمال، ودونه في العزّ والحرفة والحسب والمال والسنّ والقامة، فإن ذلک أيسر من الحقارة والفتنة. (۱۴۳/۳، كتاب النكاح، الموسوعة الفقهية : ۲۲۷/۴۱، ۲۲۹)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن ابن شهاب قال : أخبرني سالم بن عبد الله، أنه سمع عبدَ الله بن عمر يحدّث أن عمر بن الخطّاب حين تأيّمت حفصةُ بنتُ عمرَ مِن خُنيس بن حذافة السهمي، وكان من أصحاب رسول الله ﷺ فتُوفِّي بالمدينة، فقال عمر بن الخطاب : " أتيتُ عثمان بن عفان فعَرضتُ عليه حفصة فقال : سأنظر في أمري فلبثتُ لياليَ ثم لقيني فقال : قد بدا لي أن لا أتزوّج يومي هذا، فقال عمر : فلقيتُ أبا بكرن الصديق فقلتُ : إن شئتَ زوّجتُک حفصة بنت عمر فصمَتَ أبوبكر لم يرجع إليّ شيئًا، وكنتُ أوجدَ عليه مني على عثمان فلبثتُ ليالي، ثم خطبها رسول الله ﷺ فأنكحتُها إياه، فلقيني أبوبكر فقال : لعلک وجدتَّ عليّ حين عرضتَ عليّ حفصة، فلم أرجع إليک شيئًا، قال عمر : قلتُ : نعم ؛ قال أبوبكر : فإنه لم يمنعني=

عورت کی، مرد کو رشتہ کی پیشکش

مسئلہ (۱۳۷): اگر کوئی عورت کسی مرد کی دینداری، بزرگی، علم اور عزت وشرافت یا اور کسی دینی خصلت کی بنا پر اپنا رشتہ از خود اُس کے سامنے پیش کرے، تو یہ جائز ہے، اس میں کوئی بے شرمی اور عیب کی بات نہیں ہے۔ (۱)

= أن أرجع إليک فيما عرضتَ عليّ إلا أنّي كنتُ قد علمتُ أن رسول الله ﷺ قد ذكرها ، فلم أكن لِأُفشِي سرَّ رسول الله ﷺ ولو تركها رسول الله ﷺ قبِلْتُها " .

(۲/۷٦۷ ، ۷٦۸ ، كتاب النكاح ، باب عَرض الإنسان ابنته أو أخته على أهل الخير، رقم الحديث : ۵۱۲۲ ، قديمي – ص/۹۴۳ ، بيروت ، السنن للنسائي : ۳/۲۷۷ ، ۲۷۸، كتاب النكاح، باب عرض الرجل ابنته على من يرضى، رقم الحديث:۵۳٦۳، بيروت)

ما في " فتح الباري لإبن حجر العسقلاني " : وفيه عرض الإنسان بنته وغيرها من مولياته على من يعتقد خيره وصلاحه لما فيه من النفع العائد على المعروضة عليه ، وأنه لا استحياء في ذلک . (۹/۲۲۲ ، ط : دار السلام الرياض ، الموسوعة الفقهية : ۳۰/۵۰ ، عَرض ، عرض الإنسان مولياته على أهل الخير)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : حدثنا علي بن عبد الله حدثنا مرحومٌ قال : سمعتُ ثابتًا البُناني قال : " كنتُ عند أنس وعنده ابنة له ، قال أنس : جاء ت امرأة إلى رسول الله ﷺ تَعرِضُ عليه نفسَها ، قالت : يا رسول الله ! ألک بي حاجةٌ ؟ فقالت بنت أنس : ما أقلّ حياء ها ، واسَوْأتاه ، قال : هي خيرٌ منکِ ، رغِبت في النبي ﷺ فعَرضت عليه نفسها " .

(ص/۹۴۳ ، كتاب النكاح ، باب عرض المرأة نفسها على الرجل الصالح ، رقم الحديث : ۵۱۲۰ – ۵۱۲۱ ، بيروت ، السنن للنسائي : ۳/۲۷۷ ، كتاب النكاح ،=

دین دار کا رشتہ رد کردینا

مسئلہ (۱۳۸): بعض والدین وسرپرست محض خاندانی بندشوں وغیرہ کی وجہ سے اپنے لڑکوں یا لڑکیوں کے لیے دین دار اور بااخلاق شخص کا رشتہ آنے کے باوجود اُسے قبول کرنے میں تاخیر یا بلاوجہ ٹال مٹول کرتے ہیں، اور بعض تو ٹھکرا بھی دیتے ہیں، حالانکہ اس صورت میں شریعت کا حکم یہ ہے کہ اس طرح کے رشتہ کو قبول کرکے نکاح کردینا چاہیے، ورنہ والدین وسرپرستوں کا یہ عمل بڑے فتنہ وفساد کا سبب ہوگا۔ (۱)

= بـاب عـرض المرأة نفسها على من ترضى، رقم الحديث : ۵۳۶۱-۵۳۶۲ ، سنن ابـن مـاجـه : ص/۱۴۴ ، أبـواب النكـاح ، باب التي وهبت نفسها للنبي ﷺ ، شروح ابـن مـاجـه : ۱/۷۸۶ ، رقـم الـحـديـث : ۲۰۰۱ ، ط : بيت الأفكار الدولية أردن ، الموسوعة الفقهية : ۳۰/۵۰ ، عرض المرأة نفسها على الرجل الصالح)

مـا فـي " فتح الباري " : وفي الحديثين جواز عرض المرأة نفسها على الرجل وتعريفه رغبتها فيه ، وأن لا غضاضة عليها في ذلك . (۹/۲۱۹)

مـا في " عمدة القاري " : فيه دليل على جواز عرض المرأة نفسها على الرجل الصالح وتعرف رغبتها فيه لصلاحه وفضله أو لعلمه وشرفه او لخصلة من خصال الدين وأنه لا عار عليها في ذلك ، بل ذلك يدل على فضلها . (۲۰/۱۶۱ ، مكتبه رشيديه كوئٹه)

الحجة على ما قلنا :

(۱) مـا في " جامع الترمذي " : عن أبي حاتم المزني قال : قال رسول الله ﷺ : " إذا جاء كم مَن ترضون دينه وخلقه فانكحوه إلا تفعلوا تكن فتنة في الأرض وفساد " .

عـن أبـي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " إذا خطب إليكم مَن ترضون دينه وخلقه فزوّجوه إلا تفعلوا تكن فتنة في الأرض وفساد عريض " .

(۱/۲۰۷ ، أبواب النكاح ، باب ما جاء في من ترضون دينه فزوّجوه ، قديمي)=

فاسق و بدچلن سے رشتہ

مسئلہ (۱۳۹): جس شخص کا فاسق ہونا معلوم ہو بہتر ہے کہ اُس سے اپنی لڑکی کا رشتہ نہ کیا جائے، اسی طرح جس لڑکی کا چال چلن صحیح نہ ہو، بہتر ہے کہ اس سے رشتہ نہ کیا جائے۔[1]

منہ بولی اولاد یا بہن بھائی سے نکاح

مسئلہ (۱۴۰): بعض لوگ کسی غیر رشتہ دار عورت کو اپنی منہ بولی بہن بناتے ہیں، اسی طرح بعض عورتیں کسی غیر رشتہ دار مرد کو اپنا منہ بولا بھائی بناتی ہیں، اسی طرح بعض لوگ کسی اور کی اولاد کو اپنا منہ بولا بیٹا یا بیٹی بناتے ہیں، لہٰذا صرف زبان سے کہہ دینے سے وہ شرعاً بھائی بہن یا بیٹا بیٹی نہیں ہو جاتے، بلکہ وہ

= ما في " رد المحتار " : فإن خطبها الكفء لا يؤخرها وهو كل مسلم تقي .

(۶۸/۴ ، كتاب النكاح ، كذا في البحر الرائق : ۱۴۳/۳ ، كتاب النكاح)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : ولا يتزوج الأمة مع طول الحرّة ولا زانية .... ولا تتزوّج فاسقًا . (۶۸/۴ ، كتاب النكاح)

ما في " البحر الرائق " : ويتزوّج امرأة صالحة معروفة النسب والحسب والديانة ، فإن العرق نزاع .... ولا يتزوّج الأمة مع طول الحرّة ... ولا زانية ... ولا تتزوّج فاسقًا . (۱۴۳/۳ ، كتاب النكاح)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ذهب الفقهاء إلى أنه يستحب أن تكون المرأة التي تختار للنكاح وافرة العقل ، حسنة الخلق ، لا حمقاء ولا سيئة الخلق .

(۲۳۱/۴۱ ، نكاح)

بدستور ایک دوسرے کے غیر محرم رہیں گے، اور پردہ بھی ضروری ہوگا، اور اگر کوئی دوسرا مانعِ شرعی نہ ہو، تو ان کا آپس میں عقدِ نکاح بھی درست ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " أحكام القرآن للجصاص " : ﴿وما جعل أدعيآء كم أبنآء كم﴾ [الأحزاب : ۴] قيل : إنه نزل في زيد بن حارثة ، وكان النبي ﷺ قد تبنّاه ، فكان يقال له زيد بن محمد ، وروي ذلک عن مجاهد وقتادة وغيرهما . قال أبو بكر : هذا يوجب نسخ السنة بالقرآن ، لأن الحكم الأول كان ثابتاً بغير القرآن ونسخه بالقرآن .... وقوله تعالى : ﴿أدعوهم لآبآئهم هو أقسط عند الله ، فإن لم تعلموا آبآئهم فإخوانكم في الدين ومواليكم﴾ [الأحزاب : ۵] فيه إباحة إطلاق إسم الأخوة ، وحظرُ إطلاق إسم الأبوّة من غير جهة النسب .... وروي عن النبي ﷺ أنه قال : " من ادّعى إلى غير أبيه وهو يعلم أنه غير أبيه فالجنة عليه حرام " .

(۳/۴۶۴ ، سورة الأحزاب ، الآية/۴ ، ۵)

ما في " تفسير المظهري " : ﴿أبنآء كم﴾ فلا يثبت بالتبنّي شيء من أحكام البنوّة من الإرث وحرمة النكاح وغير ذلک ، وفي الآية ردّ لما كانت العرب تقول ....
والزوجة المظاهر منها تبين من زوجها وتحرم عليه كالأمر ودعي الرجل ابنه يرثه ويحرّم بالتبنّي ما يحرم بالنسب . (۷/۲۹۲ ، سورة الأحزاب)

وما في " تفسير المظهري " : ﴿فإخوانكم في الدين ومواليكم﴾ أي فهم إخوانكم في الدين وأوليائكم فقولوا : هذا أخي في الدين ومولاي . (۷/۲۹۲)

ما في " متخصر تفسير ابن كثير " : ﴿ذلكم قولكم بأفواهكم﴾ يعني تبنّيكم لهم قول لا يقتضي أن يكون ابناً حقيقياً فإنه مخلوق من صلب رجل آخر ...... ﴿أدعوهم لآبأئهم هو أقسط عند الله﴾ وقد كانوا يعاملونهم معاملة الأبناء من كل وجه في الخلوة بالمحارم وغير ذلک . (۳/ ۸۱ ، سورة الأحزاب)(فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۲۰۵۳)

نکاح کے بعد رخصتی میں تاخیر

مسئلہ (۱۴۱): بعض علاقوں میں عقدِ نکاح کے بعد خاندانی رسومات کی بنا پر، رخصتی کو ایک دوسال کے لیے مؤخر کرتے ہیں، یہ اچھی بات نہیں ہے، بہتر یہ ہے کہ نکاح کے بعد سادگی کے ساتھ رخصتی کے عمل کو انجام دیا جائے، اسی میں بہتری اور خیر مضمر ہے، ہاں! اگر واقعۃً کوئی مجبوری ہے، مثلاً لڑکی کم عمر ہے، ازدواجی تعلقات وذمہ داریوں کی متحمل نہیں ہے، تو اس عمر کو پہنچنے تک رخصتی کے تاخیر کی اجازت ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن هشام بن عروة ، عن عروة : " تزوّج النبي ﷺ عائشة وهي ابنة ستّ ، وبنى بها وهي ابنة تسعٍ ، ومكثت عنده تسعاً " .

(۲/۷۷۵ ، كتاب النكاح ، باب من أحب البنا قبل الغزو ، قديمي ، فتح الباري لإبن حجر العسقلاني : ۹/۲۷۹ ، رقم الحديث : ۵۱۵۸ ، باب من بنى بامرأة وهي بنت تسع سنين ، دار السلام الرياض ، فيض الباري شرح صحيح البخاري : ۵/۵۳۹ ، رقم الحديث : ۵۱۵۸ ، ۴/۵۳۴ ، رقم الحديث : ۳۸۹۴ ، ۳۸۹۶ ، كتاب مناقب الأنصار ، باب تزويج النبي ﷺ عائشة الخ ، بيروت)

ما في " عمدة القاري " : عن هشام ، عن أبيه ، عن عائشة رضي الله عنها : أن النبي ﷺ تزوّجها وهي بنتُ ستّ سنين ، وأدخلت عليه وهي بنتُ تسعٍ ، ومكثت عنده تسعاً " . (۲۰/۱۷۸ ، رقم الحديث : ۵۱۳۳ ، كتاب النكاح ، باب إنكاح الرجل ولده الصغار ، مكتبه رشيديه كوئٹه)

وما في " عمدة القاري " : واختلف العلماء في الوقت الذي تدخل على زوجها إذا اختلف الزوج وأهل المرأة ، فقالت طائفة ، منهم أحمد وأبوعبيد : يدخل وهي بنت=

شادی ہال یا شادی لان میں نکاح خوانی

مسئلہ (۱۴۲): آج کل لوگ اپنی شادیاں، شادی ہال یا شادی لان میں کرنے کو زیادہ رواج دے رہے ہیں، جب کہ حضور اکرم ﷺ نے خود اپنے اور اپنی صاحبزادیوں کے نکاح انتہائی سادگی سے ریا ونمود کے بغیر انجام دیئے [۱]، اور امت کو یہ تعلیم دی کہ نکاح مسجدوں میں کریں [۲]، اور کم سے کم اخراجات والی شادی کو خیر وبرکت کا ذریعہ قرار دیا ہے [۳]، اس لیے شادی ہال یا شادی لان میں شادیاں کرنے اور فضول خرچی سے بچنا انتہائی ضروری ہے [۴]، ہاں! اگر کسی کے متعلقین زیادہ ہوں، یا وہ اپنے بچے کی اس خوشی کے موقع پر اظہارِ مسرت کے طور پر چھوٹی بڑی دعوت کا انتظام کرے اور ریا ونمود مقصد نہ ہو [۵]، اور خرافات سے بچتے ہوئے [۶]، یہ دعوت کسی بڑے شادی ہال یا شادی لان وغیرہ میں کرلے، تو اس کی گنجائش ہے۔

= تسع اتباعاً لحديث عائشة ، وعن أبي حنيفة : نأخذ بالتسع غير أنا نقول : إن بلغت التسع ولم تقدر على الجماع كان لأهلها منعها ، وإن لم تبلغ التسع وقويت على الرجال لم يكن لهم منعها من زوجها .... وقال الشافعي : إذا قاربت البلوغ وكانت جسيمة تحتمل الجماع فلزوجها أن يدخل بها وإلا منعها أهلها حتى تحتمله أي : الجماع . (۲۰/۱۷۹ ، تحت رقم الحديث : ۵۱۳۳) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۸۹۴۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن أنس أن رسول الله ﷺ : " أعتق صفية وتزوّجها وجعل عتقها صداقها ، وأولم عليها بحَيس " .

(۲/۷۷۷ ، كتاب النكاح ، باب الوليمة ولو بشاة)=

= ما في " صحيح البخاري " : عن ثابت قال : ذُكر تزويجُ زينب ابنة جحشٍ عند أنس فقال : " ما رأيت النبي ﷺ أولم على أحد من نسائه ما أولم عليها أولم بشاة " .

(۲/۷۷۷ ، باب من أولم على بعض نسائه أكثر من بعض)

وما في " صحيح البخاري " : حدثنا سفيٰن عن منصور بن صفية ، عن أمه صفية بنت شيبة قالت : " أولم النبي ﷺ على بعض نسائه بمُدّين من شعير " .

(۲/۷۷۷ ، باب من أولم بأقلّ من شاة ، قديمي)

ما في " مرقاة المفاتيح " : ذكر السيد جمال الدين المحدث في " روضة الأحباب " أن صداق فاطمة كان أربعمائة مثقال فضة ، وكذا ذكره صاحب " المواهب " ، ولفظه أن النبي ﷺ قال لعلي رضي الله عنه : " إن الله عزّ وجلّ أمرني أن أزوجک فاطمة على أربعمائة مثقال فضة " . (۶/۳۳۰ ، كتاب النكاح ، باب الصداق)

(۲) ما في " السنن للترمذي " : عن عائشة قالت : قال رسول الله ﷺ : " أعلنوا هذا النكاح ، واجعلوه في المساجد ، واضربوا عليه بالدفوف " .

(۱/۲۰۷ ، كتاب النكاح ، باب ما جاء في إعلان النكاح ، قديمي)

(۳) ما في " مشكوة المصابيح " : عن عائشة قالت : قال النبي ﷺ : " إن أعظم النكاح بركة أيسره مؤنة " . رواه البيهقي في شعب الإيمان .

(ص/۲۶۸ ، كتاب النكاح ، الفصل الثالث ، قديمي)

(۴) ما في " القرآن الكريم " : قوله تعالىٰ : ﴿ ولا تبذّر تبذيراً ﴾ . (سورة الإسراء : ۲۷)

ما في " التفسير الكبير للرازي " : والتبذير في اللغة افاد المال وإنفاقه في السرف .

(۷/۳۲۸)

ما في " صحيح البخاري " : وعن المغيرة بن شعبة قال : قال النبي ﷺ : " إن الله حرّم عليكم عقوق الأمهات ، ووأد البنات ، ومنعاً وهات ، وكره لكم قيل وقال ، وكثرة السؤال ، وإضاعة المال " . (۱/۳۲۴ ، كتاب في الاستقراض وأداء الديون والحجر .. الخ ، باب ما ينهى عن إضاعة المال ، الآداب للبيهقي :ص/۴۰ ، رقم الحديث : ۱۰۵ ، باب في كراهية إضاعة المال ، بيروت)=

شادی بیاہ کے موقع پر ’’جوتا چھپائی‘‘ کی رسم

مسئلہ (۱۴۳): شادی بیاہ کے موقع پر جہاں بہت ساری رسومات کو دل وجان سے اَپنایا جاتا ہے، ان ہی میں سے ایک رسم ’’جوتا چھپائی‘‘ ہے، دولہا جب گھر جاتا ہے، تو سالیاں اس کا جوتا چھپا کر، جوتا چھپائی کے نام سے ایک رقم لیتی ہیں، حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ’’شاباش! ایک تو چوری کریں اور اُلٹا انعام پائیں، اول تو ایسی مہمل ہنسی کہ کسی کی چیز اُٹھائی- چھپادی- حدیث میں اس کی ممانعت آئی ہے[1]، پھر یہ کہ ہنسی دل لگی

=(۵) ما في ’’ مشکوۃ المصابیح ‘‘ : عن جندب قال : قال النبي ﷺ : ’’ من سمّع سمّع الله به ، ومن یرائي یرائي الله به ‘‘ متفق علیه .

(ص/۴۵۴ ، کتاب الرقاق ، باب الریاء والسمعة ، الفصل الأول ، قدیمي)

(۶) ما في ’’ الدر المختار مع الشامیة ‘‘ : وفي السراجي : ودلّت المسئلة أن الملاهي کلها حرام . الدر المختار . وفي الشامیة : قوله : (ودلت المسئلة الخ) ...... فاللعب وهو اللهو حرام بالنص ، قال علیه الصلاة والسلام : ’’ لهو المؤمن باطلٌ إلا في ثلاث : تأدیبِه فرسَه ‘‘ .... ’’ کفایة ‘‘ .

(۹/۵۰۲ ، کتاب الحظر والإباحة ، بیروت) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۹۶۵۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في ’’ السنن لأبي داود ‘‘ : عن عبد الله بن السائب بن یزیدَ ، عن أبیه ، عن جدّه أنه سمع النبي ﷺ یقول : ’’ لا یأخُذَنَّ أحَدُکُمْ مَتاعَ أخیهِ لاعِبًا جَادًّا ‘‘ . وقال سلیمان : ’’ لَعِباً ولا جِدًّا ، ومَنْ أخَذَ عَصَا أخِیهِ فَلْیَرُدَّهَا ‘‘ .

(ص/۶۸۳ ، کتاب الأدب ، عون المعبود : ص/۲۱۴۶ ، رقم الحدیث : ۵۰۰۳ ، باب من یأخذ الشيء من مزاح ، وأخرجه الترمذي : ۲/۳۹ ، أبواب الفتن ، باب ما جاء لا یحل لمسلم أن یروّع مسلماً)

کا خاصہ ہے کہ اس سے ایک بے تکلفی بڑھتی ہے، بھلا اجنبی مرد سے ایسا تعلق وارتباط پیدا کرنا خود شرع کے خلاف ہے (۱)، پھر اس انعام کو حقِ لازمی سمجھنا بھی جبر فی التبرّ ع وتعدّ یٔ حدود ہے، اس لیے اِس رسم سے پوری احتیاط برتنی چاہیے۔

عقدِ نکاح کو مطالبات پر موقوف کرنا

مسئلہ (۱۴۴): بعض علاقوں میں یہ دستور اور رواج ہے کہ جب لڑکے کی طرف سے کسی جگہ نکاح کا پیغام دیا جاتا ہے، تو لڑکی والوں کی طرف سے ایک رقم کا مطالبہ ''جہیز'' کے نام سے ہوتا ہے، لڑکی والے رقم وصول کر کے اس رقم سے

ما في '' عون المعبود '' : (لاعباً جادًا) : قال الخطابي : معناه أن يأخذه على وجه الهزل وسبيل المزاح ثم يحبسه عنه ولا يرده ، فيصير ذلک جداً . (قال سليمان) : .... (لعبًا ولا جداً) : وجه النهي عن الأخذ جداً ظاهر لأنه سرقة ، وأما النهي عن الأخذ لعباً فلأنه لا فائدة فيه بل قد يكون سبباً لإدخال الغيظ والأذى على صاحب المتاع .
(ص/۲۱۴۶ ، ۲۱۴۷ ، بيت الأفكار الدولية ، الأردن ، معالم السنن للخطابي : ۱۲۶/۴ ، رقم الحديث : ۱۳۶۹ ، كتاب الأدب ، باب في المزاح ، بيروت)

(۱) ما في '' السنن لأبي داود '' : عن ابن عمر : '' نهى النبي ﷺ أن يمشي الرجل بين المرأتين '' . (۷۱۵/۲ ، كتاب الأدب ، باب في مشي النساء في الطريق)

ما في '' مرقاة المفاتيح '' : قال النووي : نظر الرجل إلى المرأة الأجنبية حرام من كل شيء من يدفعها ، وكذلک نظر المرأة إلى الرجل ، سواء كان بشهوة أو بغيرها .
(۲۵۲/۶ ، باب النظر إلى المخطوبة ، شرح الطيبي : ۲۵۲/۶ ، البحرالرائق : ۳۵۲/۸ . ۳۵۶ ، كتاب الكراهية ، فصل في النظر واللمس ، الفتاوى الهندية : ۳۲۸/۵ ، الباب الثامن فيما يحلّ للرجل النظر إليه)

(اصلاح الرسوم: ص/۸۱، ۸۲، عروش پبلی کیشنز دیوبند)

دعوت اورلڑکی کے کپڑوں وغیرہ کا انتظام کرتے ہیں، اسی طرح بعض علاقوں میں جب لڑکی والوں کی طرف سے کسی جگہ نکاح کا پیغام دیا جاتا ہے، تو لڑکے والوں کی طرف سے کسی رقم یا پھر گھڑی، ریڈیو، موٹر سائیکل، صوفا سیٹ وغیرہ کا مطالبہ ہوتا ہے......عقدِ نکاح کو ان مطالبات پر موقوف کرنا، یہ شبہ پیدا کرتا ہے کہ اصل مقصود مال واسباب ہے نہ کہ عقدِ نکاح، اور عقدِ نکاح کو اس مال واسباب کی تحصیل کا ذریعہ بنایا جارہا ہے، یہ طریقہ تعلیماتِ اسلام کے خلاف ہے، اور بیع کے مشابہ ہوکر مقصود کو غیر مقصود، اور غیر مقصود کو مقصود قرار دینا ہے، نکاح کے موقع پر لڑکی یا لڑکے والوں کی طرف سے مہر کے علاوہ کسی اور چیز کا مطالبہ کرنا اور اس کا لینا دینا رشوت ہے، اور رشوت شریعت میں حرام ہے[1]، البتہ اگر لین دین کی شرط نہ کی جائے اور اس لین دین کا دستور بھی نہ ہو، اپنے ذہن میں یہ نہ سمجھتے ہوں کہ کچھ دیا جائے گا، یا کچھ لیا جائے گا، پھر کوئی تازہ رشتہ پر خوشی میں لڑکے کی طرف سے، یا لڑکی کی طرف سے کچھ دیدیا جائے، تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار مع الدر والتنوير " : (أخذ أهل المرأة شيئًا عند التسليم فللزوج أن يستردّه) لأنه رشوة . الدر المختار . وفي الشامية : قوله : (عند التسليم) أي بأن أبى أن يسلمها أخوها أو نحوه حتى يأخذ شيئًا ، وكذا لو أبى أن يزوجها فللزوج الاسترداد قائمًا أو هالكًا ، لأنه رشوة . بزازية .

(۳۰۷/۴ ، كتاب النكاح ، باب المهر ، مطلب فيما يرسله إلى الزوجة ، بيروت)

(۲) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي حرّة الرّقاشيّ ، عن عمه (رضي الله عنه) قال : قال رسول الله ﷺ : " ألا لا تظلموا ! ألا يحلّ مال امرئ إلا بطيب نفس منه " . =

بہو کا سامانِ جہیز دوسرے کو ہدیہ دینا

مسئلہ (۱۴۵): بعض شادیوں میں، شادی میں شرکت کرنے والے لوگ دلہن کے لیے کوئی سامان یا برتن تحفہ میں دیتے ہیں، جب یہ سامان ڈبل یا اُس سے زائد ہوجاتا ہے، مثلاً دو مِکسر مشین یا دو دیوار گھڑیاں ہوجاتی ہیں، تو دلہن کے گھر کی عورتیں اس میں سے ایک رکھ لیتی ہیں، اور ایک دیدیتی ہیں، اس کا علم نہ تحفہ دینے والے شخص کو ہوتا ہے اور نہ دلہن کو۔

اسی طرح بعض لوگ اپنی بہو کو جہیز میں آئے ہوئے سامان میں سے کوئی سامان یا برتن، اُس کی اجازت کے بغیر، اپنے کسی عزیز وقریب کی لڑکی کی شادی میں بطورِ تحفہ دیتے ہیں، شرعاً یہ دونوں عمل درست نہیں، کیوں کہ جو ہدیہ وتحفہ دلہن کو دیا گیا وہ اس کی مالک ہے، اور اس کی اجازت کے بغیر اس کی ملک میں اس طرح کا تصرف درست نہیں ہے۔[1]

= رواه البيهقي في شعب الإيمان والدار قطني في المجتبى . (ص/۲۵۵ ، باب الغصب والعارية ، قديمي ، سنن الدارقطني : ۲۲/۳ ، كتاب البيوع ، رقم الحديث : ۲۸۶۲ ، جمع الجوامع : ۷/۹ ، تتمة حرف اللام الألف ، رقم الحديث : ۲۶۷۵۹)

ما في " شرح المجلة لسليم رستم باز " : ليس لأحد أن يأخذ مال أحد بلا سبب شرعي . (ص/۶۲ ، رقم المادة :۹۷ ، احياء التراث العربي بيروت ، البحر الرائق: ۱۹۸/۸ ، كتاب الغصب ، بيروت) (فتاویٰ رحیمیہ: ۲۳۳/۸، فتاویٰ امارتِ شرعیہ: ۳۵۹/۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " السنن الكبرى للبيهقي " : " لا يحل مال امرئٍ مسلم إلا بطيب نفس منه ".

(۱۶۶/۶ ، كتاب الغصب ، مشكوة المصابيح : ص/۲۵۵ ، السنن الدارقطني : =

....

....

....

....

= ۲۲/۳ ، كتاب البيوع ، رقم الحديث : ۲۸۶۲ ، المسند للإمام أحمد بن حنبل : ۴۰۰/۱۵ ، رقم الحديث : ۲۰۹۸۰ ، جمع الجوامع : ۷/۹ ، رقم الحديث : ۲۶۷۵۹، شعب الإيمان للبيهقي : ۳۸۷/۴ ، رقم الحديث : ۵۴۹۲)

ما فی " درر الحکام شرح مجلة الأحکام " : لا یجوز لأحد أن یتصرف فی ملک الغیر بلا إذنه . وفیه أیضاً : لا یجوز لأحد أن یأخذ مال أحد بلا سبب شرعي .

(۹۶/۱ - ۹۸ ، رقم المادة : ۹۶ - ۹۸)

ما فی " رد المحتار " : لا یجوز لأحد من المسلمین أخذ مال أحد بغیر سبب شرعي .

(۷۷/۶، كتاب الحدود، باب التعزير ، مطلب في التعزير بأخذ المال ، البحر الرائق : ۶۸/۵، كتاب الحدود ، فصل في التعزير)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : لا يجوز التصرف في مال غيره بلا إذنه ولا ولايته . (۲۴۰/۹ ، كتاب الغصب ، مطلب فيما يجوز من التصرف بمال الغير)

کتاب الطلاق والعدة

(طلاق وعدت کے احکام)

عدت کے اندر بیوہ یا مطلقہ عورت سے نکاح

مسئلہ (۱۴۶): بعض لوگ عدت کے اندر بیوہ یا مطلقہ عورت سے نکاح کر لیتے ہیں، عدت پوری ہونے کا انتظار نہیں کرتے، پھر بعض لوگ اپنے نزدیک بڑی احتیاط یہ کرتے ہیں کہ نکاح کو تو جائز سمجھتے ہیں، مگر میاں بیوی والے تعلقات نہیں رکھتے، جب کہ یہ بات یاد رکھنا چاہیے کہ عدت کے اندر نکاح جائز نہیں ہے، اگر کر لیا تو منعقد نہیں ہوگا، اور گناہ لازم آئیگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تعزموا عُقدة النكاح حتى يبلغ الكتٰب أجله﴾ .

(سورة البقرة : ۲۳۵)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : يعني به انقضاء العدة ، وذلک في مفهوم الخطاب غير محتاج إلى بيان ، ألا ترى أن فُريعة بنت مالک حين سألت النبي ﷺ أجابها بأن قال : لا ! حتى يبلغ الكتاب أجله ، فعقلت من مفهوم خطابه انقضاء العدة ولم يحتج إلى بيان من غيره، ولا خلاف بين الفقهاء أن من عقد على امرأة نكاحًا وهي في عدة من غيره أن النكاح فاسد . (۱/۵۱۵ ، باب التعريض بالخطبة في العدة)

ما في " رد المحتار " : أما نكاح منكوحة الغير ومعتدته .... لم يقل أحد بجوازه فلم ينعقد أصلا . (۴/۲۰۳ ، باب المهر ، مطلب في النكاح الفاسد)=

شوہر کی طرف سے مطلقہ مغلظہ کی مالی معاونت

مسئلہ (۱۴۷): بسا اوقات میاں بیوی کے آپسی جھگڑے میں مرد غصہ کی حالت میں اپنی بیوی کو تین طلاق دے دیتا ہے، اور اب بدونِ حلالہ دوبارہ نکاح کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی، جب کہ ایک غیرت مند عورت حلالہ کو کسی بھی طرح پسند نہیں کرتی، اور اس کا کوئی سہارا بھی نہیں ہوتا، نہ کوئی مکان، جس میں وہ اپنے بچوں کے ساتھ اپنی بقیہ زندگی گذار سکے، اور نہ تو وہ دوسری شادی کے لیے آمادہ ہوتی ہے، ایسے حالات میں شوہر کو اپنی اس سابقہ بیوی کی حالت دیکھی نہیں جاتی، اور وہ اس کے لیے مکان اور گذر بسر کے لیے کچھ مالی تعاون کرنا چاہتا ہے، تو لوگ اسے کہتے ہیں کہ طلاق کی صورت میں اب کسی بھی قسم کا کوئی تعلق، خواہ وہ اخلاقی ہی کیوں نہ ہو، اس عورت کے ساتھ جائز نہیں ہے، عوام الناس کا یہ خیال غلط ہے، صحیح یہ ہے کہ اگر مرد اس عورت کے لیے اپنا مکان خالی کردے اور خود

=ما في " الفتاوى الهندية " : لا يجوز للرجل أن يتزوج زوجة غيره ، وكذلك المعتدة . كذا في السراج الوهاج . سواء كانت العدة عن طلاق أو وفاة أو دخول في نكاح فاسد أو شبهة نكاح ، كذا في البدائع . (۱/۲۸۰ ، كتاب النكاح ، القسم السادس المحرمات التي يتعلق بها حق الغير ، كذا في التاتارخانية : ۲/۲۷۷ ، الفصل الثامن في بيان ما يجوز من الأنكحة وما لا يجوز)

ما في " النتف في الفتاوى " : وأما الحرام المؤقت فهو على عشرة أوجه : أحدها حرمة بينونة المرأة من زوجها بثلاث .... الخامس العدة .

(ص/۱٦٥ ، كتاب النكاح ، الحرام المؤقت) (فتاویٰ محمودیہ: ۱٦/۳۲۸)

دوسری جگہ رہائش اختیار کرلے، تو وہ اپنے بچوں کے ساتھ اس گھر میں رہ سکتی ہے، اور شوہرِ سابق اس کی مالی معاونت بھی کرسکتا ہے، مگر جب بھی وہ اپنے بچوں کے پاس آئے، تو اجنبی غیر محرم کی طرح اس گھر میں رہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الهندية " : إذا طلقها ثلاثاً أو واحدة بائنة ، وليس له إلا بيت واحد فينبغي له أن يجعل بينه وبينها حجاباً حتى لا تقع الخلوة بينه وبين الأجنبية ، فإن كان فاسقاً يخاف عليها منه ، فإنها تخرج وتسكن منزلا آخر ، وإن خرج الزوج وتركها فهو أولى . (۱/۵۳۵ ، كتاب الطلاق ، الباب الرابع عشر في الحداد ، ط : دار الفكر بيروت ، ومكتبه رشيديه كوئٹه ، ومكتبه زكريا ديوبند) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۹۲۵۱)

کتاب البیوع

(خرید وفروخت کے مسائل)

انٹرنیٹ کے ذریعہ خرید وفروخت کی ایک نئی صورت

مسئلہ (۱۴۸): آج کل انٹرنیٹ کے ذریعہ خرید وفروخت کی ایک نئی صورت فارکس (Forex) کے نام سے متعارف کرائی جارہی ہے، جس میں آدمی رقم جمع کر کے اپنا ایک اکاؤنٹ کھولتا ہے، گھر بیٹھے اس اکاؤنٹ میں موجود رقم کے ذریعہ کوئی چیز مثلاً سونا، چاندی یا اور کوئی چیز اس مارکیٹ سے خریدتا ہے، پھر اس پر قبضہ سے پہلے ہی نفع ملنے پر اس کو آگے بیچ دیتا ہے، عموماً اس طرح کے کاروبار میں خرید وفروخت مقصود نہیں ہوتی، بلکہ فرق برابر کر کے نفع کمانا مقصود ہوتا ہے، یہی وجہ ہے کہ قبضہ کے بغیر ہی وہ چیز آگے بیچ دی جاتی ہے، شرعاً اس طرح کا کاروبار کرنا منع ہے۔[۱]

الحجة على ما قلنا :

(ا) ما في " مشكاة المصابيح " : عن ابن عباس رضي الله عنهما قال : " أما الذي نهى عنه النبي ﷺ فهو الطعام أن يباع حتى يقبض " . قال ابن عباس رضي الله عنهما : " ولا أحسب كل شيء إلا مثله " .

(ص/۲۴۷، كتاب البيوع ، باب المنهي عنها من البيوع ، قديمي)

ما في " موسوعة فتح الملهم مع التكملة " : فيحرم بيع كل شيء قبل قبضه طعاماً كان أو غيره . (۱/ ۳۵۰ ، باب بطلان بيع المبيع قبل القبض)=

بالوں کے بدلے غبارے (Balloon) خریدنا

مسئلہ (۱۴۹): بعض عورتیں اپنے بال سنوارنے (کنگھی کرنے) کے بعد جو بال جھڑ جاتے ہیں، انہیں اکٹھا کرکے رکھتی ہیں، پھر جب وہ بہت زیادہ ہوجاتے ہیں، تو اپنے بچوں کے کھیلنے کے واسطے غبارے (Balloon) لینے کے لیے، انہیں کسی غبارے والے کے ہاتھ فروخت کردیتی ہیں، شرعاً ان کا یہ عمل ناجائز اور ممنوع ہے، کیوں کہ انسان اپنے کل اجزاء واعضاء کے ساتھ محترم ومکرم ہے، لہٰذا اس حرمت وکرامت کے پیشِ نظر انسانی بالوں کی یہ خرید وفروخت جائز نہیں ہے[۱]، بلکہ مناسب یہ ہے کہ ان بالوں کو دفن کردیا جائے۔[۲]

= ما في " مجمع الأنهر " : لا يصح بيع المنقول قبل قبضه لنهيه عليه السلام عن بيع ما لم يقبض ، ولأن فيه غرر انفساخ العقد على اعتبار الهلاک .

(۱۱۳/۳ ، باب البيع الفاسد ، الهداية : ۷۷/۳ ، كتاب البيوع ، باب التولية ، البحر الرائق : ۱۹۳/۶ ، كتاب البيوع ، فصل في بيان التصرف في البيع ، تبيين الحقائق : ۴۳۵/۴ ، كتاب البيوع ، فصل في معرفة المبيع)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولقد كرّمنا بنيٓ اٰدم وحملنٰهم في البرّ والبحر ورزقنٰهم من الطيّبٰت وفضّلنٰهم على كثير ممن خلقنا تفضيلاً﴾ . (بني اسرائيل : ۷۰)

ما في " فتح القدير لإبن الهمام " : ولا يجوز بيع شعور الإنسان، ولا الانتفاع بها ، لأن الاٰدمي مكرم لا مبتذل ، فلا يجوز أن يكون شيء من أجزائه مهاناً ومبتذلاً .

(۳۹۰/۶ ، ۳۹۱ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد)

ما في " رد المحتار " : قوله : (وشعر الإنسان) لكرامة الآدمي ولو كافرا ، ذكره المصنف وغيره في بحث شعر الخنزير اهـ . " الدر المختار " . وفي الشامي : قوله :=

آلاتِ موسیقی کی خرید وفروخت

مسئلہ (۱۵۰): اسلام میں موسیقی ناجائز اور حرام ہے، اس لیے وہ آلات جو محض موسیقی کے لیے استعمال ہوتے ہیں، اور بغیر کسی تغییر وتبدیلی کے ان سے موسیقی کا ہی کام لیا جاتا ہو، تو ان آلات کے، آلاتِ معاصی ہونے کی وجہ سے ان کی خرید وفروخت جائز نہیں ہوگی، کیوں کہ اس میں اعانت علی المعصیت ہے، جو شرعاً ممنوع ہے۔[1]

= (ذكره المصنف) حيث قال : والآدمي مكرّم شرعاً وإن كان كافراً ، فإيراد العقد عليه وابتذاله به ، وإلحاقه بالجمادات إذلالٌ له اهـ . أي وهو غير جائز وبعضه في حكمه ، وصرّح في فتح القدير ببطلانه .

(٧/٢٤٥ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد ، مطلب : الآدمي مكرم شرعاً ولو كافراً)

ما في " الفتاوى الهندية " : الانتفاع بأجزاء الآدمي لم يجز ، قيل للنجاسة ، وقيل للكراهة ، هو الصحيح . كذا في جواهر الأخلاطي . (٥/٣٥٤ ، كتاب الكراهية ، الباب الثامن عشر في التداوي والمعالجات وفيه العزل وإسقاط الولد)

(٢) ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : وروي أن النبي ﷺ أمر بدفن الشعر والظفر............. وفي الخانية : ينبغي أن يُدفن قلامة ظفره ومحلوق شعره وإن رماه فلا بأس . (ص/٥٢٧ ، الفقه الإسلامي وأدلته : ١/٤٦٤ ، الفتاوى الهندية : ٥/٣٥٨ ، كتاب الكراهية ، الباب التاسع عشر)

ما في " المغني " : وعن ابن جريج عن النبي ﷺ يعجبه دفن الدم ، وكان ابن عمر يدفن شعره وأظفاره .....كلهم .

(١/٨٨ ، كشاف القناع : ١/٨٤ ، حاشية الفقه الإسلامي وأدلته : ١/٤٦٥)

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وتعاونوا على البرّ والتقوى ، ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ . (سورة المائدة : ٢)=

....

....

....

....

= ما في " أحكام القرآن للجصاص " : قوله تعالى : ﴿وتعاونوا على البرّ والتقوى﴾ ليقتضي ظاهره إيجاب التعاون على كل ما كان طاعة الله تعالى ، وقوله تعالى : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ نهى عن معاونة غيرنا على معاصي الله تعالى . (۲/ ۳۸۱)

ما في " الدر المنثور في التفسير المأثور " : عن عبد الرحمن بن عوف رضي الله عنه أن رسول الله ﷺ قال : " إنما نهيت عن صوتين فاجرين : صوت عند نغمة لهو ولعب ، ومزامير الشيطان ، وصوت عند مصيبة خدش وجوه ، وشقّ جيوب ورنة الشيطان " . (۵/ ۳۰۹)

ما في " البحر الرائق " : وكره بيع السلاح من أهل الفتنة ، لأنه إعانة على المعاصي ، قيّد بالسلاح لأن بيع ما يتخذ منه السلاح كالحديد ونحوه لا يكره ، لأنه لا يصير سلاحاً إلا بالصنعة ، نظيره بيع المزامير يكره . (۵/ ۲۴۰ ، كتاب السير ، باب البغاة)

ما في " رد المحتار " : قلت : وأفاد كلامهم أن ما قامت المعصية بعينه يكره بيعه تحريماً ، وإلا فتنزيهاً . نهر . قوله : (تحريماً) وظاهر كلامهم أن الكراهة تحريمية لتعليلهم بالإعانة على المعصية ، وقوله : (لأنه إعانة على المعصية) لأنه يقاتل بعينه بخلاف ما لا يقاتل به إلا بصنعه تحدث فيه كالحديد ، ونظيره كراهة بيع المعازف ، لأن المعصية تقام بها عينها . (۶/ ۳۲۳ ، كتاب الجهاد ، باب البغاة)

ما في " المقاصد الشرعية للخادمي " : إن الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرماً ، وتكون واجبةً إذا كان المقصد واجباً . (ص/ ۴۶)

ما في " جمهرة القواعد الفقهية " : " الإعانة على محظور محظور " .

(۲/ ۶۴۴) (فتاویٰ حقانیہ: ۶/ ۴۶)

خرید وفروخت میں زیادہ سے زیادہ نفع کی حد

مسئلہ (۱۵۱): خرید وفروخت میں زیادہ سے زیادہ نفع لینے کی شرعاً کوئی حد مقرر نہیں[۱]، فریقین کی باہمی رضامندی سے تھوڑا یا زیادہ لینے کی گنجائش ہے[۲]، البتہ اتنا زیادہ نفع لینا جو عام مارکیٹ کے تاجروں کی نظر میں زیادہ بنتا ہو، غبنِ فاحش (زبردست دغابازی) کہلاتا ہے، اور یہ خریدار کو بتلائے بغیر جائز نہیں، یعنی یہ بتلا دینا چاہیے کہ گرچہ یہ چیز مجھے اتنے روپئے ہی میں پڑی ہے،

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن ابن ماجه " : عن أنس بن مالك (رضي الله عنه) قال : غلا السِّعر على عهد رسول الله ﷺ فقالوا : يا رسول الله ! قد غلا السِّعر ، فسعِّرُ لنا ، فقال : " إن الله هو المسَعِّر القابض الباسط الرّزّاق ، إني لأرجو أن ألقى ربي ، وليس أحد يطلبني بمظلمة في دم ولا مال " .

(ص/۱۵۹ ، باب من كره أن يسعّر ، قديمي ، أبوداود : ۳/۱۳۷ ، ط : عزت عبيد دعاس ، التلخيص الحبير : ۳/۳۱ ، رقم الحديث : ۱۱۶۰ ، ط : مؤسسة قرطبية ، ۳/۱۴ ، ط : شركة الطباعة الفنية ، الموسوعة الفقهية : ۱۱/۳۰۳ ، تسعير)

ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام " : لا يمنع أحد من التصرف في ملكه ما لم يكن فيه ضررٌ فاحشٌ للغير . (۳/۲۰۱ ، المادة : ۱۱۹۷ ، دار الجيل بيروت ، شرح المجلة لسليم رستم باز البناني : ص/۶۵۷ ، المادة : ۱۱۹۷ ، دار احياء التراث العربي)

(۲) ما في " الفتاوى الهندية " : ومن اشترى شيئًا وأغلى في ثمنه فباعه مرابحة على ذلك جاز ، وقال أبويوسف رحمه الله : إذا زاد زيادة لا يتغابن الناس فيها فإني لا أحبّ أن يبيعه مرابحة حتى يبين . اهـ . (۳/۱۶۱)

مگر مجھے اتنے روپئے میں فروخت کرنا ہے، اگر آپ راضی ہوں تو خرید و، ورنہ چھوڑ دو، بعض حضرات نے اس کی تعیین ۱۰ر فی صد سے زیادہ نفع لینے سے کی ہے[1]، اس لیے اتنی مقدار سے زیادہ نفع لینے سے احتراز کرنا چاہیے۔

موبائل ومیمری کارڈ کی خرید وفروخت

مسئلہ (۱۵۲): موبائل ومیمری کارڈ (Mobile & Memory Card) کی خرید وفروخت جائز ہے، البتہ اگر خریدنے والا اس کو غلط استعمال کرتا ہے، تو وہ گنہگار ہوگا، فروخت کرنے والے پر اس کی کوئی ذمہ داری نہیں ہے۔[2]

---

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (وغبن يسير) وهو ما يقوم به مقوّم ، وهذا (إذا لم يكن سعره معروفاً الخ) . الدر المختار . وفي الشامية : قوله : (ما يقوم به مقوّم) أي لم يدخل تحت تحت تقويم أحد من المقوّمين ، قال مسكين : فلو قوّمه عدل عشرة وعدل آخر ثمانية وآخر سبعة فما بين العشرة والسبعة داخل تحت تقويم المقوّمين .
(۸/۲۶۰ ، كتاب الوكالة ، باب الوكالة بالبيع والشراء ، فصل لا يعقد وكيل البيع والشراء، بيروت ، ۵/۵۲۴ ، دار الفكر بيروت) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۰۸۵۷)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " رد المحتار " : لا يكره بيع الجارية المغنّية والكبش النطوح والدّيک المقاتل والحمامة الطيارة ، لأنه ليس عينها منكرًا ، وإنما المنكر في استعمالها المحظور . اهـ .
(۶/۴۲۰ ، كتاب الجهاد ، باب البغاة ، مطلب في كراهة بيع ما تقوم المعصية بعينه ، بيروت)
ما في " النهر الفائق " : وعرف بهذا أنه لا يكره بيع ما لم تقم المعصية به كبيع الجارية المغنّية ، والكبش النطوح ، والحمامة الطيارة ، والعصير ، والخشبُ الذي يُتخذُ منه المعازف . (۳/۲۶۸ ، كتاب الجهاد ، باب البغاة ، ط : دار الإيمان سهارنفور ، البحر الرائق : ۵/۲۴۰ ، كتاب السير ، باب البغاة ، بيروت) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۲۰۶۵)

حقِ تصنیف کی تخصیص اور خرید وفروخت

مسئلہ (۱۵۳): تصنیف، مصنف کی دن رات کی محنتوں کا نچوڑ ہوتی ہے، جس سے مصنف کچھ مادی نفع کا بھی امیدوار ہوتا ہے، اور حقِ تصنیف کو محفوظ نہ کرنے کی صورت میں مصنف کو ضرر لاحق ہوتا ہے، اس لیے دفعِ ضرر کے خاطر حق تصنیف کو خاص کرنا جائز ہے، اور اگر مصنف اپنے حق تصنیف کو بیچنا چاہے تو بیچ بھی سکتا ہے، کیوں کہ صحتِ بیع کے لیے مبیع کا قابلِ ادّخار ہونا ضروری ہے، اور احراز وتحفظ قانوناً رجسٹریشن کرانے سے ہوجاتا ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " السنن لأبي داود " : عن أسمر بن مضرس قال : أتيت النبي ﷺ فبايعته فقال : " من سبق إلى ما لم يسبقه إليه مسلم فهو له " . وفي نسخة : " إلى ما لم يسبقه " .
(ص/۴۳۷ ، بذل المجهود : ۱۰/۶/۱۰/۳۱۶)

ما في " بحوث في قضايا فقهية معاصرة " : وإن كان العلامة المناوي رحمه الله تعالى رجّح أن هذا الحديث واردٌ في سياق احياء الموات ، ولكنه نقل عن بعض العلماء أنه يشمل كل عين وبئر ومعدن ، ومن سبق لشيء منها فهي له ، ولا شكّ أن العبرة لعموم اللفظ لا لخصوص السبب . (ص/۱۲۳ ، حق الابتكار وحق الطباعة)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : لا يجوز الاعتياض عن الحقوق المجردة كحق الشفعة، وعلى هذا لا يجوز عدم اعتبار العرف الخاص ، لكن أفتى كثير باعتباره ، وعليه فيفتى بجواز النزول عن الوظائف بمال .

(۲۵/۷ ، كتاب الوقف ، مطلب في الاعتياض عن الوظائف والنزول عنها)=

= ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : والمؤلف قد بذل جهداً كبيراً في اعداد مؤلفه ، فيكون أحق الناس به ، سواء فيما يمثل الجانب المادي ، وهو الفائدة المادية التي يستفيدها من علمه ، أو الجانب المعنوي وهو نسبة العمل إليه ، ويظل هذا الحق خالصاً دائماً له ، ثم لورثته لقول النبي ﷺ فيما رواه البخاري وغيره : " من ترك مالاً أو حقاً فلورثته " . (۴/ ۲۸۶۱)

ما في " بحوث في قضايا فقهية معاصرة " : ومقتضى ذلك أن يجوز النزول عن حق الابتكار أو حق الطباعة لرجل آخر بعوض يأخذه النازل ، ولكن هذا إنما يتأتى في أصل حق الابتكار وحق الطباعة ، أما إذا قرن هذا الحق بالتسجيل الحكومي الذي يبذله المبتكر من أجله جهده وماله ووقته ، والذي يعطي هذا الحق مكانة قانونية تمثلها شهادة مكتوبة بيد المبتكر ، وفي دفاتر الحكومة ، وصارت تعتبر في عرف التجار مالاً متقوماً ، فلا يبعد أن يصير هذا الحق المسجل ملحقاً بالأعيان والأموال بحكم هذا العرف السائر ، وقد أسلفنا أن للعرف مجالاً في ادراج بعض الأشياء في حكم الأموال والأعيان ، لأن المالية كما حكينا عن ابن عابدين رحمه الله تعالى تثبت بتموّل الناس ، وإن هذا الحق بعد التسجيل يحرز أحد الأعيان ويدّخر لوقت الحاجة ادخار الأموال ، وليس في اعتبار هذا العرف مخالفة لأي نص شرع من الكتاب أو السنة ، وغايته أن يكون مخالفاً للقياس ، والقياس يترك للعرف ، ونظراً إلى هذه النواحي أفتى جمع من العلماء المعاصرين بجواز هذا الحق، أذكر منهم علماء القارة الهندية مولانا الشيخ فتح محمد اللكنوي ، تلميذ الإمام عبد الحي اللكنوي ، والعلامة الشيخ المفتي محمد كفايت الله ، والعلامة الشيخ نظام الدين مفتي دار العلوم بديوبند ، وفضيلة الشيخ المفتي عبد الرحيم اللاجفوري. (ص/۱۲۳)

(فتاویٰ محمودیہ:۱۶/ ۱۸۶، نظام الفتاویٰ:۱/ ۱۲۸، فتاویٰ رحیمیہ:۹/ ۲۱۹، جدید فقہی مسائل:۴/ ۱۷۸، فقہی مقالات: ۱/ ۲۲۴-۲۲۹)

نقد و ادھار قیمت میں فرق

مسئلہ (۱۵۴): کسی چیز کو نقد مثلاً سو روپئے میں، اور ادھار و قسط وار ایک سو بیس روپئے میں فروخت کرنا ان شرطوں کے ساتھ جائز ہے:

۱- مجلسِ عقد میں یہ طے کرلیا جائے کہ یہ معاملہ ادھار اور قسط وار ہوگا۔

۲- ہر قسط اتنے روپئے کی ہوگی۔

۳- کل قسطیں اتنی ہوں گی۔

۴- کسی قسط کی ادائیگی میں تاخیر پر کوئی جرمانہ عائد نہ ہوگا۔[1]

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن أبي هريرة قال : " نهی رسول الله ﷺ عن بيعتين في بيعة"........ وقد فسّر بعض أهل العلم قالوا : بيعتين في بيعة أن يقول : أبيعک هذا الثوب بنقدٍ بعشرة وبنسيئة بعشرين ، ولا يفارقه علیٰ أحد البيعتين ، فإذا فارقه علیٰ أحدهما فلا بأس به إذا كانت العقدة علی أحد منهما . (۱/۲۳۳ ، أبواب البيوع ، باب ما جاء في النهي عن بيعتين في بيعة ، إعلاء السنن : ۱۴/۲۰۵)

ما في " اعلاء السنن " : وعن سماک ، عن عبد الرحمن بن عبد الله بن مسعود ، عن أبيه رضي الله تعالی عنه ، قال : " نهی النبي ﷺ عن صفقتين في صفقةٍ " .
(۱۴/۲۰٦ ، كتاب البيوع ، باب النهي عن بيعتين في بيعة)

ما في " المبسوط للسرخسي " : وإذا عقد العقد علی أنه إلی أجل كذا بكذا ، وبالنقد بكذا أو (قال) : إلی شهر بكذا ، أو إلی شهرين بكذا ، فهو فاسد ، لأنه لم يعاطه علی ثمنٍ معلوم ، ولنهي النبي ﷺ عن شرطين في البيع ، وهذا هو تفسير الشرطين في بيع .... وهذا إذا افترقا علی هذا ، فإن كان يتراضيان بينهما ولم يتفرقا حتی قاطعه علی ثمن معلوم وأتما العقد عليه فهو جائز ، لأنهما ما افترقا إلا بعد تمام شرط صحة العقد . (۱۳/۹ ، كتاب البيوع ، باب البيوع الفاسدة ، بيروت)=

بیع وشراء کے وکیل کی حیثیت امین کی ہے

مسئلہ (۱۵۵): اگر بازار میں کسی چیز کی قیمت مثلاً سو روپئے ہیں، اور زید کو اس چیز کی ضرورت ہے، وہ اپنے دوست حامد کو اس چیز کی خریدنے کا وکیل بنائے کہ آپ میرے لیے یہ چیز خرید کر لادیں، حامد کا چوں کہ دکاندار سے اچھا تعلق ہے، اور حامد مستقلاً اس کا گاہک ہے، اس لیے دکاندار نے حامد کو وہ چیز ۹۰ روپئے ہی میں دیدی، اب جو دس روپئے بچ گئے وہ حامد کے پاس امانت ہیں، وہ اسے زید کی اجازت کے بغیر استعمال نہیں کرسکتا، کیوں کہ بیع وشراء کے وکیل کی حیثیت امین کی ہے، اور امین صاحبِ امانت کی چیز میں اجازت کے بغیر کوئی خرد برد نہیں کرسکتا، ہاں! اگر حامد زید سے یہ کہے کہ یہ چیز میں آپ کے لیے خرید کر لادوں گا، مگر میں اس پر دس روپئے اجرت لوں گا، تو اس صورت میں وہ دس روپئے کا حقدار ہوگا، اب چاہے تو زید اجرت میں وہی دس روپئے دیدے جو بچ گئے، یا نہ بچنے کی صورت میں اپنے جیب سے دیدے، اب یہ رقم جائز ہوگی اور اس کا استعمال میں لانا درست ہوگا۔[1]

= ما في " الهداية " : لأن للأجل شبهاً بالبيع ، ألا ترى أنه يزاد في الثمن لأجل الأجل . (۳/۷۴ ، كتاب البيوع ، باب المرابحة والتولية ، البحر الرائق : ۶/۱۹۰ ، كتاب البيوع ، باب البيوع المرابحة والتولية) (فتاویٰ رحیمیہ: ۹/ ۱۹۵، فتاویٰ محمودیہ: ۱۶/ ۱۵۱، آپ کے مسائل اور ان کا حل: ۶/ ۲۷، فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۳۶۴۷۶)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام " : المال الذي قبضه الوكيل والرسول من جهة الوكالة ومن جهة الرسالة أمانة في يدهما . (۲/ ۲۳۶ ، المادة : ۱۴۶۳)=

''بِکا ہوا مال واپس نہیں لیا جائے گا'' لکھنا

مسئلہ (۱۵۶): اگر خریدے ہوئے مال میں کوئی عیب نکل آئے، یا کسی نے کوئی مال بغیر دیکھے خرید لیا تھا، اور اس میں عیب نکل آیا، تو اِس صورت میں خریدار کو خیارِ عیب یا خیارِ رؤیت حاصل ہوتا ہے، جس کی بنا پر وہ اُس مال کو واپس کرسکتا ہے [۱]، لیکن آج کل عام طور پر دکاندار اپنی دکانوں میں یہ بورڈ لگا دیتے ہیں- ''بِکا ہوا مال واپس نہیں لیا جائے گا، صرف بدلا جاسکتا ہے''- اس طرح کا بورڈ لگانے سے خریدار کا یہ حق ساقط نہیں ہوگا، اور دکاندار کا واپس نہ لینا درست نہیں ہے، ہاں! اگر سامان دیکھ بھال کر خریدا گیا اور اس میں کوئی عیب نہیں نکلا، تو اب دکاندار کو واپس لینے پر مجبور کرنا درست نہیں، اگر وہ واپس لے لے، تو اس کا احسان ہے، جس پر اُسے ثواب ملے گا۔ [۲]

= وفیه أیضًا : المال الذي قبضه الوکیل بالبیع والشراء وإیفاء الدین واستیفائه وقبض العین من جهة الوکالة في حکم الودیعة في یده .

(۳/ ۵٦۱ ، المادة : ۱۴٦۳ ، أحکام الودیعة العمومیة ، دار الجیل بیروت ، شرح المجلة لسلیم رستم باز : ص/ ۷۸۴ ، المادة : ۱۴٦۳ ، دار احیاء التراث العربي بیروت)

ما في " الفتاوی الهندیة " : وکذلک إن اشتری بها ماکولا ونقدها لم یحلّ أن یأکل ذلک قبل أداء الضمان . اهـ . (۴/ ۳۴۸ ، کتاب الودیعة ، الباب الرابع فیما یکون تضییعًا للودیعة وما لا یکون .. الخ) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۲٦۱۸)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " المختصر للقدوري " : ومن اشتری ما لم یره فالبیع جائز وله الخیار ، إذا رآه إن شاء أخذه وإن شاء ردّه ...... وإذا اطلع المشتري علی عیب في المبیع فهو =

= بالخيار إن شاء أخذه بجميع الثمن وإن شاء ردّه .

(ص/۷۵ ، ۷٦ ، باب خيار الرؤية وخيار العيب)

ما في " البحر الرائق " : شراء ما لم يره جائز أي صحيح لما رواه ابن أبي شيبة والبيهقي مرسلا عن المكحول مرفوعًا : من اشترى شيئًا لم يره فله الخيار إذا رآه إن شاء أخذه وإن شاء تركه ... من وجد بالمبيع عيبًا أخذه بكل الثمن أو ردّه لأن مطلق العقد يقتضي وصف السلامة فعند فواته يتخير كيلا يتضرر بلزوم ما لا يرضى به .

(٦/٤٣ – ٥٨ ، باب خيار الرؤية والعيب ، الفتاوى الهندية : ٣/٥٧–٦٦)

ما في " الهداية " : ومن اشترى شيئًا لم يره فالبيع جائز وله الخيار إذا رآه إن شاء أخذه بجميع الثمن وإن شاء ردّه . (٣/١٩ ، باب خيار الرووية ، المبسوط للسرخسي : ١٣/٨٢، باب الخيار بغير شرط، التنوير مع الدر والرد: ٧/١٥١ ، باب خيار الرؤية، نصب الراية للزيلعي : ٤/٢١ ، فتح القدير لإبن الهمام : ٦/٣٠٩)

وما في " الهداية " : وإذا اطلع المشتري على عيب في المبيع فهو بالخيار إن شاء أخذه بجميع الثمن وإن شاء ردّه ، لأن مطلق العقد يقتضي وصف السلامة فعند فواته يتخيّر كيلا يتضرر بلزوم ما لا يرضى به.

(٣/٢٣ ، باب خيار العيب ، فتح القدير لإبن الهمام : ٦/٣٢٧ ، نصب الراية للزيلعي: ٤/٢٥ ، الدر المختار مع الشامي : ٧/١٦٧ ، باب خيار العيب)

(٢) ما في " المختصر للقدوري " : الإقالة جائزة في البيع للبائع والمشتري بمثل الثمن الأول .

(ص/٨٠ ، باب الإقالة ، الفتاوى الهندية : ٣/١٥٦ ، الباب الثالث عشر في الإقالة)

ما في " سنن الدار قطني " : عن محمد بن سيرين ، عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " من اشترى شيئًا لم يره فهو بالخيار إذا رآه " .

(٣/٥ ، رقم الحديث : ٢٧٧٩ ، كتاب البيوع ، السنن الكبرى للبيهقي : ٥/٤٤٠ ، رقم الحديث : ١٠٤٢٦ ، كتاب البيوع ، باب من قال يجوز بيع العين الغائبة)

باب الربوا

(سود کے احکام)

اے ٹی ایم (A.T.M) سے قرض کی ادائیگی

مسئله (۱۵۷): آج کل بعض لوگ اپنے قرضوں کی ادائیگی اے ٹی ایم (A.T.M) کے ذریعہ کرتے ہیں، مثلاً ایک شخص کسی سے ایک ہزار روپئے قرض لیتا ہے، اور مقررہ وقت پر قرض خواہ کے اے ٹی ایم (A.T.M) اکاؤنٹ میں ایک ہزار روپئے ڈال دیتا ہے، بینک اپنا سروس چارج ۲۵/روپئے اس میں سے کاٹ لیتا ہے، تو قرض خواہ کو اس کی پوری رقم ایک ہزار کی بجائے ۹۷۵/روپئے ہی ملتے ہیں، جب کہ وہ پورے ایک ہزار کا حقدار ہے، اس لیے ادائیگیٔ قرض کی یہ صورت درست نہیں ہے، البتہ اے ٹی ایم (A.T.M) کے ذریعہ ادائیگیٔ قرض کی یہ صورت، اس وقت درست ہو جائے گی، جب قرض دار اصل قرض کی رقم کے ساتھ بینک کا سروس چارج بھی قرض خواہ کے اکاؤنٹ میں ڈال دے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : إن الديون تقضى بأمثالها على معنى أن المقبوض مضمون على القابض ، لأن قبضه بنفسه على وجه التملک ، ولرب الدين على المديون مثله .

(۲۷۵/۵)

ما في " بحوث في قضايا فقهية معاصرة " : القرض يجب في الشريعة الإسلامية أن تقضى بأمثالها .... والذي يتحقق من النظر في دلائل القرآن والسنة ، ومشاهدة =

موبائل کمپنیوں کی ایک اسکیم

مسئلہ (۱۵۸): بعض موبائل کمپنیاں ایس ایم ایس (SMS) کے ذریعہ اپنے گاہکوں کے موبائل پر سوالات بھیجتی ہیں، اور یہ اعلان کرتی ہیں کہ جن لوگوں کے جوابات صحیح ہوں گے، ان کے درمیان قرعہ اندازی کے ذریعہ انعامات کی تقسیم ہوگی، اگر یہ کمپنیاں ہر جواب دینے والے سے ان کے بیلینس میں سے کچھ رقم کی کٹوتی نہ کرتی ہوں، بلکہ جواب درست ہونے کی صورت میں اسے انعام سے نوازتی ہوں، تو ایسی اسکیم میں شمولیت اور جیتنے کی صورت میں انعام وصول کرنا درست ہے، لیکن اگر کمپنیاں جواب دینے والوں سے ان کے بیلینس میں سے کچھ رقم کی کٹوتی کرتی ہیں، تو یہ ایک قسم کا قمار ہونے کی بنا پر ناجائز اور منع ہے، اوراس سے احتراز بھی لازم ہے۔[۱]

= معاملات الناس أن المثلية المطلوبة في القرض هي المثلية في المقدار والكمية ، دون المثلية في القيمة والمالية . (ص/۱۷۴)

ما في " الفتاوى الهندية " : والقرض هو أن يقرض الدراهم والدنانير أو شيئاً مثلياً يأخذ مثله في ثاني الحال . (۳۶۶/۵)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآيها الذين آمنوا إنما الخمر والميسر والأنصاب والأزلام رجسٌ من عمل الشيطٰن فاجتنبوه لعلكم تفلحون﴾ . (سورة المائدة : ۹۰)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : ولا خلاف بين أهل العلم في تحريم القمار ، وأن المخاطرة من القمار . (۳۹۸/۱)=

بیعانہ کی رقم ضبط کرنا

مسئلہ (۱۵۹): اگر کوئی شخص کسی سے کوئی مکان یا زمین خریدے، پھر خریدار قیمت کا ایک حصہ مثلاً ۲۵؍ ہزار روپئے میں سے چار ہزار روپئے بطورِ بیعانہ دیدے، اور بقیہ قیمت فراہم کرنے کے لیے چھ ماہ کا موقع مانگے، اور طرفین کی رضامندی سے یہ بات طے پائے کہ اگر چھ ماہ گزر جانے پر خریدار بقیہ قیمت ادا کرکے، مکان یا زمین کا بیع نامہ نہیں کراتا، تو جو چار ہزار روپئے بطورِ بیعانہ کے دیئے گئے وہ ضبط ہوجائیں گے۔ بیع کی اس صورت میں چھ ماہ کا موقع گزر جانے اور خریدار کے بقیہ قیمت فراہم کرکے بیع نامہ کرالینے میں نامراد ہوجانے پر بائع (بیچنے والے شخص) پر بیعانہ کی رقم کا واپس کرنا واجب ہے، اور بیعانہ کے ضبط ہوجانے کا جو معاہدہ کیا گیا تھا وہ خلافِ شرع ہونے کی وجہ سے اُس کی پابندی لازم نہیں ہے، بلکہ اس معاہدہ کا توڑنا ضروری ہے۔ (۱)

= ما في " رد المحتار " : لأن القمار من القمر الذي يزداد تارة وينقص أخرى ، وسمي القمار قمارًا ، لأن كل واحد من المقامرين ممن يجوز أن يذهب ماله إلى صاحبه ، ويجوز أن يستفيد مال صاحبه ، وهو حرام بالنص . (۹/۵۷۷ ، ۵۷۸ ، كتاب الحظر والإباحة ، باب الاستبراء وغيره) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۱۷۰۵)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بذل المجهود " : قلت : ويردّ العربان إذا ترك العقد على كل حال بالاتفاق . (۱۱/۲۲۱)

ما في " عون المعبود " : وروي عن ابن عمر وجماعة من التابعين إجازته ويردّ العُربان على كل حال . (ص/۱۴۹۸) (فتاویٰ محمودیہ: ۲۴/۲۰۴، میرٹھ)

کتاب الإجارة

(اجارہ کے مسائل)

''ایزی پیسہ'' کا کاروبار

مسئلہ (۱۶۰): ''ایزی پیسہ'' کا کاروبار عقدِ اجارہ کی ایک ایسی صورت ہے، جو گاہک اور کمپنی کے مابین طے پاتی ہے، گاہک اپنی رقم کمپنی کے ایجنٹ کو دے دیتا ہے، تاکہ مطلوب ومتعین شخص جس کے لیے یہ رقم بھیجی جارہی ہے، دوسرے شہر سے اِسے وصول کرے، کمپنی اپنی اِس سروس وخدمت پر کچھ رقم بطور فیس وصول کرتی ہے، جو درحقیقت اُس کے اِس مہیا کردہ خدمت کی اجرت ہوتی ہے، اِس طرح کا کاروبار اور اِس طریقے سے پیسہ بھیجنا دونوں عمل شرعاً درست ہیں، اِس میں کوئی حرج نہیں ہے۔[۱]

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في '' المبسوط للسرخسي '' : اعلم أن الإجارة عقد علی المنفعة بعوض هو مال . اهـ . (۱۵/۸۶ ، کتاب الإجارات ، بیروت)

ما في '' بدائع الصنائع '' : وفي في الحقیقة نوع واحد ، لأنها بیع المنفعة ، فکان المعقود علیه المنفعة في النوعین جمیعاً ، إلا أن المنفعة تختلف باختلاف محل المنفعة ، فیختلف استیفائها باستیفاء منافع المنازل بالسکنی ، والأراضي بالزراعة . اهـ . (۵/۵۱۷ ، کتاب الإجارة ، فصل في رکن الإجارة ومعناها ، بیروت)

ما في '' الفتاوی الهندیة '' : ونوع یرد علی العمل کاستئجار المحترفین للأعمال کالقصارة والخیاطة والکتابة وما أشبه ذلک . کذا في المحیط . اهـ .

(۴/۴۱۱ ، کتاب الإجارة ، الباب الأول في تفسیر الإجارة ورکنها .. الخ)

(فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۳۰۸۲)

فوج میں ملازمت

مسئلہ (۱۶۱): فوج کا بنیادی مقصد ملک کی سرحدوں کی حفاظت اور غیر معمولی حالات میں امن وامان کا قیام ہے، یہ دونوں مقاصد شریعتِ اسلامیہ میں بھی مطلوب ہیں، اس لیے مصلحتِ عامہ کے پیشِ نظر فوج کی ملازمت مسلمانوں کے لیے جائز ہے، البتہ حتی الامکان غیر شرعی اِقدام سے احتراز ضروری ہے۔[۱]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن سعيد بن زيد أن رسول الله ﷺ قال : " مَن قُتِلَ دون دينه فهو شهيد ، ومَن قُتِلَ دون دمه فهو شهيد ، ومَن قُتِلَ دون ماله فهو شهيد ، ومَن قُتِلَ دون أهله فهو شهيد" . رواه أبوداود والترمذي والنسائي . (ص/۳۰۶ ، كتاب القصاص ، ما لا يضمن من الجنايات ، الفصل الثاني ، رقم الحديث : ۳۵۲۹)

ما في " مرقاة المفاتيح " : وعامة العلماء على أن الرجل إذا قصد ماله أو دمه أو أهله فله دفع القاصد بالأحسن ، فإن لم يمتنع إلا بالمقاتلة فقتله فلا شيء عليه .

(۸۳/۷ ، قبيل باب القسامة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : إذا تعرض شخص لإنسان يريد الاعتداء على نفسه أو أهله أو ماله ، فإن أمكنه ردّه بأسهل طريقة ممكنة فعل ذلك ، وإن لم يكن ردّه إلا بالقتال قاتله ، فإن قُتِلَ المعتدى عليه فهو شهيد ، وإن قُتِلَ المعتدي فلا قصاص ولا دية . (۳۱۸/۳۲ ، قتال ، القتال دفاعًا عن العوض والنفس والمال)

ما في " شرح المجلة لسليم رستم باز " : الأمور بمقاصدها ، يعني أن الحكم الذي يترتب على أمر يكون على مقتضى ما هو المقصود من ذلك الأمر .... ثم اعلم أن الكلام هنا حذف المضاف ، والتقدير حكم الأمور بمقاصد فاعلها ، أي أن الأحكام=

فائیو اسٹار ہوٹل میں ملازمت

مسئلہ (۱۶۲): عام طور پر فائیو اسٹار ہوٹلوں میں غیر اسلامی کام ہوتے ہیں، اگر کوئی شخص ان میں ملازمت اختیار کرے اور اُس کے ذمہ کسی غیر اسلامی کام کی انجام دہی نہ ہو، تو ان میں غیر اسلامی کام ہونے سے اس کی ملازمت اور تنخواہ پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، ملازمت جائز ہے اور تنخواہ بھی حلال ہے، لیکن اگر اس کے ذمہ کسی غیر اسلامی کام کی انجام دہی ہو، تو پھر نہ یہ ملازمت جائز ہے اور نہ تنخواہ حلال ہے، اس لیے کوشش یہ ہونی چاہیے کہ ایسی کمپنی، ادارے یا ہوٹل میں ملازمت کی جائے، جس میں بالواسطہ یا بلا واسطہ غیر اسلامی کام نہ کرنے پڑتے ہوں، تاکہ گناہ پر کسی بھی طرح کا تعاون لازم نہ آئے۔ (۱)

= الشرعية التي تترتب على أفعال المكلفين منوطة بمقاصدهم من تلك الأفعال ، فلو أن الفاعل المكلف قصد بالفعل الذي فعله أمرًا مباحًا كان فعله مباحًا ، وإن قصد أمرًا محرمًا كان فعله محرمًا . (۱/۱۷ – ۱۸ ، المقالة الثانية ، رقم المادة : ۲)

ما في " الموافقات في أصول الأحكام للإمام الشاطبي " : ومجموع الضروريات خمسة : وهي حفظ الدين والنفس والنسل والمال والعقل .

(۲/۴ ، كتاب المقاصد ، المسئلة الأولى)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وتعاونوا على البر والتقوى ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ . (المائدة : ۲)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : قوله تعالى : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ نهي عن معاونة غيرنا على معاصي الله تعالى . (۲/۳۸۱)=

= ما في " التفسير المنير " : ولا تتعاونوا على الإثم وهو الذنب ....
والمعصية : وهي كل ما منعه الشرع ، أو حاك في الصدر وكرهت أن يطلع عليه الناس، ولا تتعاونوا على التعدي على حقوق غيركم ، والإثم والعدوان يشمل كل الجرائم التي يأثم فاعلها ، ومجاوزة حدود الله بالاعتداء على القوم ، واتقوا الله بفعل ما أمركم به واجتناب ما نهاكم ﴿إن الله شديد العقاب﴾ لمن عصى وخالف .
(۷/۴۱۸ ، الوفاء بالعقود ومنع الاعتداء ، والتعاون على الخير وتعظيم شعائر الله)

ما في " تفسير المظهري " : يعني لا تعاونوا على ارتكاب المنهيات ولا على الظلم لتشفى صدوركم بالانتقام . (۳/ ۴۸)

ما في " التفسير لإبن كثير " : يأمر تعالى عباده المؤمنين بالمعاونة على فعل الخيرات وهو البر ، وترك المنكرات وهو التقوى وينهاهم عن التناصر على الباطل والتعاون على المآثم والمحارم . (۱/ ۴۷۸)

ما في " كنز العمال " : عن ابن مسعود رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : " من نصر قوماً على غير الحق فهو كالبعير الذي تردى فهو ينزع بذنبه " .
(۳/۴۰۲ ، رقم الحديث : ۷۶۵۳)

ما في " جواهر الفقه " : قال العلامة المفتي محمد شفيع رحمه الله : إن الإعانة على المعصية حرام مطلقاً بنص القرآن أعني قوله تعالى :﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ ، وقوله تعالى :﴿فلن أكون ظهيراً للمجرمين﴾ ، ولكن الإعانة حقيقة هي ما قامت المعصية بعين فعل المعين ، ولا يتحقق إلا بنية الإعانة أو التصريح بها أو تعينها في استعمال هذا الشيء بحيث لا يحتمل غير المعصية . (۲/۴۴۷)

ما في " جمهرة القواعد الفقهية " : " الإعانة على محظور محظور " . (۲/۶۴۴)

ما في " الفتاوى الهندية " : آكل الربا وكاسب الحرام أهدى إليه أو أضافه وغالب ماله حرام لا يقبل ...... وإن كان غالب ماله حلالا لا بأس بقبول هدية والأكل منها .
(۵/۳۴۳)(فتاویٰ بنوریہ،رقم الفتویٰ:۲۱۸۲)

کتاب الهبة

(هدیه کے مسائل)

بعض خاص مواقع پر دوست واحباب کو تحفہ دینا

مسئلہ (۱۶۳): مختلف مواقع پر مثلاً بیماری کے بعد صحت یابی، نوکری یا کاروبار میں ترقی، کسی مقام پر جاکر واپس آنے، یا مختلف تقریبات مثلاً بچے کی پیدائش، نیا گھر یا جائداد کی خریدی، اسکول یا مدرسہ میں مطلوبہ درجہ میں داخلہ یا کامیابی کے موقع پر اپنے دوست واحباب اور متعلقین کو تحفہ دینا، نہ صرف جائز بلکہ مستحب ہے، رسول اللہ ﷺ نے ایک دوسرے کو تحفہ دینے کی تلقین کی ہے، اور فرمایا ہے کہ اس سے محبت میں اضافہ ہوتا ہے [1]، نیز آپ ﷺ کا یہ معمول مبارک بھی تھا کہ تحفہ دینے والے کو اسی وقت یا کسی اور موقع پر تحفہ پیش فرماتے تھے [2]۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الحديث النبوي " : عن عائشة قالت : قال رسول الله ﷺ : " تَهَادَوْا تَحابّوْا ، وهاجروا تورِّثوا أولادكم مجداً ، وأقيلوا الكِرَام عثراتهم " .

(مجمع الزوائد : ۱۸۵/۴ ، رقم الحديث : ۶۷۱۶ ، المعجم الأوسط للطبراني : ۲۵۴/۵ ، رقم الحديث : ۷۲۴۰ ، كنز العمال : ۴۴/۶ ، رقم الحديث : ۱۵۰۵۱ ، شعب الإيمان للبيهقي : ۴۷۹/۶ ، رقم الحديث : ۸۹۷۶ ، نصب الراية للزيلعي : ۲۹۷/۴ ، كتاب الهبة)

(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة قالت : " كان رسول الله ﷺ يقبَل الهدية ويُثيبُ عليها " . (۳۵۲/۱ ، كتاب الهبة ، باب المكافأة في الهبة ، السنن لأبي داود : ص/۴۹۸، كتاب البيوع، باب في قبول الهدايا ، السنن للترمذي : ۱۶/۲ ، كتاب البر والصلة ، باب ما جاء في قبول الهدية والمكافأة عليها)

اگر کوئی شخص تحفہ دینے والے کو مالی بدلہ نہ دے سکے تو دعا کے کلمات کہہ دے، کہ یہ بھی ہدیہ کا جواب ہے[۱]، لیکن اس نیت سے کسی کو ہدیہ دینا کہ پھر اسی طرح کا ہدیہ اسے واپس مل جائے درست نہیں۔

مرض سے صحتیابی کے بعد پھولوں کا ہار پہنانا

مسئلہ (۱۶۴): بعض اوقات مریض کے بیماری سے شفا پانے پر دوست واحباب اُس کے گلے میں پھولوں کا ہار ڈالتے ہیں، دوستوں کا یہ عمل اظہارِ مسرت اور شکرِ نعمت کے لیے ہوتا ہے، اس لیے ایسا کرنا جائز ہے[۲]، مگر اس میں غلو کرنا جائز نہیں ہے، نیز اس قسم کی چیزیں ابتداءً صحیح نیت سے انفرادی طور پر

---

(۱) ما في " السنن للترمذي " : عن أسامة بن زید قال : قال رسول اللہ ﷺ : " من صنع إلیہ معروف فقال لفاعلہ : " جزاک اللہ خیراً " فقد أبلغ في الثناء " .
(۲/۲۳ ، أبواب البر والصلة ، باب ما جاء في الثناء بالمعروف ، مشکوۃ المصابیح : ص/ ۲۶۱ ، کتاب البیوع ، باب بعد باب العطایا ، الفصل الثاني ، عمل الیوم واللیلة لإبن السني : ص/ ۱۰۱ ، باب ما یقول لمن صنع إلیہ معروفاً)

ما في " مرقاة المفاتیح " : (فقد أبلغ في الثناء) أي بالغ في أداء شکرہ ، وذلک أنہ اعترف بالتقصیر وأنہ ممن عجز عن جزائہ وثنائہ ، ففوّض جزاءہ إلی اللہ لیجزیہ الجزاء الأوفی . (۱۹۳/۶)

الحجة علی ما قلنا :

(۲) ما في " القرآن الکریم " : ﴿وأما بنعمةِ ربّک فَحَدِّث﴾ . (سورة الضحی : ۱۱)

ما في " تفسیر المظھري " : والتحدّث بنعمة شکر . (۲۶۵/۱۰)=

شروع ہوتی ہیں، پھر آگے چل کر با قاعدہ رسم کی شکل اختیار کر جاتی ہیں، اور اُن کا التزام ہونے لگتا ہے، جس میں کئی قباحتیں اور ناجائز اُمور بھی شروع ہو جاتے ہیں، اِس لیے ان کے سدّ باب کے لیے ایسے اُمور سے احتراز ضروری ہے [۱]، شکرِ نعمت کی حقیقت یہ ہے کہ معاصی سے توبہ کی جائے اور منعِمِ حقیقی کی طرف رجوع کیا جائے۔[۲]

= ما في " الحديث النبوي " : عن عائشة قالت : قال رسول الله ﷺ : " تَهَادوْا تَحابّوْا ، وهاجروا تورِّثوا أولادكم مجداً ، وأقيلوا الكِرَام عثراتهم " .

(مجمع الزوائد : ۴/۱۸۵ ، رقم الحديث : ۶۷۱۶ ، المعجم الأوسط للطبراني : ۵/۲۵۴ ، رقم الحديث : ۷۲۴۰ ، كنز العمال : ۶/۴۴ ، رقم الحديث : ۱۵۰۵۱ ، شعب الإيمان للبيهقي : ۶/۴۷۹ ، رقم الحديث : ۸۹۷۶ ، نصب الراية للزيلعي : ۴/۲۹۷ ، كتاب الهبة ، الأدب المفرد للبخاري :ص/۲۰۵ ، باب قبول الهدية)

ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة قالت : " كان رسول الله ﷺ يقبَل الهدية ويُثيبُ عليها " . (۱/۳۵۲ ، كتاب الهبة ، باب المكافأة في الهبة ، السنن لأبي داود : ص/۴۹۸ ، كتاب البيوع ، باب في قبول الهدايا ، السنن للترمذي : ۲/۱۶ ، كتاب البر والصلة ، باب ما جاء في قبول الهدية والمكافأة عليها)

ما في " فتاوى ابن حجر ":حول ما اعتاده الناس تقديم هدية للمريض عند عيادته قال: إنه إحسان للمعارف وللأقارب ، وهو سنة . (۲/۳۱ ، على شبكة الانترنيت)

(۱) ما في " المقاصد الشرعية للخادمي " : ان الوسيلة أو الذريعة تكون محرَّمة إذا كان المقصد محرَّمًا ، وتكون واجبةً إذا كان المقصد واجبًا . (ص/۴۶)

(۲) ما في " تفسير المظهري " : مسئلة : يجب الشكر على كل نعمة ، والشكر صرف النعمة في رضاء المنعِم ، فشكر نعمة المال صرفها بالإخلاص في سبيل الحق ، وشكر نعمة البدن أداء الواجب ، والاجتناب عن المعاصي ، وشكر نعمة العلم والعرفان التعليم والإرشاد . (۱۰/۲۶۵) (احسن الفتاویٰ:۸/۱۵۳)

کتاب الوقف

(وقف کے احکام)

نابالغ بچہ کا وقف

مسئلہ (۱۶۵): اگر نابالغ بچہ اپنی کسی ملکیت کو وقف کرے، تو اس کا وقف کرنا درست نہیں ہوگا[۱]، کیوں کہ وقف کے صحیح ہونے کے لیے واقف کا عاقل اور بالغ ہونا ضروری ہے[۲]، شریعت نے نابالغ بچوں کو اپنے مال میں صرف اُن ہی معاملات میں تصرف کا اختیار دیا ہے، جن میں اُن کے لیے خالص نفع کا پہلو ہو، یا یہ کہ نقصان کا اندیشہ موہوم ہو، اور ایسے تصرفات جن میں دنیاوی اعتبار سے صرف نقصان ہو، وہ اس کے مجاز نہیں ہیں، کیوں کہ ممکن ہے کہ وہ ان میں اپنی نادانی اور بے شعوری کی وجہ سے اپنا نقصان کربیٹھیں، اور وقف چونکہ ایسے ہی تصرفات میں داخل ہے، اس لیے بچہ کا وقف کرنا درست نہیں ہوگا۔

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : أما الذي یرجع إلی الواقف فأنواع : منها العقل ومنها البلوغ، فلا یصح الوقف من الصبي والمجنون ، لأن الوقف من التصرفات الضارة لکونه إزالة الملک بغیر عوض ، والصبي والمجنون لیسا من أهل التصرفات الضارة ، ولهذا لا تصح منهما الهبة والصدقة والإعتاق ونحو ذلک .

(۳۹۵/۸ ، کتاب الوقف والصدقة ، فصل في شروط الجواز)

(۲) ما في " حاشیة القدوري " : وشرطه ما هو شرائط في سائر التبرعات من کونه عاقلا بالغًا حرًا . (ص/۱۳۸ ، کتاب الوقف)

ما في " البحر الرائق " : وشرائطه أهلیة الواقف للتبرع من کونه حرًا عاقلا بالغًا .

(۳۱۳/۵ ، کتاب الوقف ، کذا في التنویر مع الدر والرد : ۴۱۰/۶)=

كتاب الحظر والإباحة

(مباح وممنوع چیزوں کے احکام)

ریلوے ملازم کا ''ریلوے قانون'' کی خلاف ورزی

مسئلہ (۱۶۶): بعض لوگ ریلوے میں ملازم ہوتے ہیں، ریلوے کے قانون کے مطابق ان لوگوں کو ایک سال میں کئی مرتبہ مفت پاس ملتا ہے، کہ وہ جہاں چاہیں بلاٹکٹ کے پاس دکھا کر آجا سکتے ہیں، اب یہ لوگ دوسرے کے بچوں اور رشتہ داروں کو اپنا بچہ اور رشتہ دار بتا کر پاس دے کر ان سے روپئے وصول کرتے ہیں، ان کا یہ عمل شرعاً ناجائز ہے، کیوں کہ یہ طریقہ دھوکہ دہی اور خیانت پر مبنی ہے، جو شرعِ اسلامی میں منع ہے۔[1]

= ما في " التنوير مع الدر والرد " : وتصرف الصبي والمعتوه إن كان نفعًا محضًا كالإسلام والاتهاب صح بلا إذن ، وإن ضارًا كالطلاق والعتاق والصدقة والقرض لا وإن إذن به وليهما . قال الشامي رحمه الله : قوله : (وإن ضارًا) أي من كل وجه : أي ضررًا دنيوياً ، وإن كان فيه نفع أخروي كالصدقة والقرض. (۲۰۷/۹ – ۲۰۸ ، كتاب المأذون ، مبحث في تصرف الصبي ومن له الولاية عليه الخ) (فتاویٰ محمودیہ:۶۴/۲۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " السنن للترمذي " : عن أبي هريرة أن رسول الله ﷺ قال : " من غش فليس منا " . (۲۴۵/۱ ، أبواب البيوع ، ما جاء في كراهية الغش ، الصحيح لمسلم : ۷۰/۱ ، باب قول النبي ﷺ من غشنا ، السنن لإبن ماجة :ص/۱۶۱ ، أبواب التجارة ، باب النهي عن الغش)=

بلاٹکٹ سفر کرنے والا کرایہ کس طرح ادا کرے؟

مسئلہ (۱۶۷): اگر کوئی شخص ایک اسٹیشن سے دوسرے اسٹیشن تک بلاٹکٹ سفر کرے، جو جائز نہیں ہے، تو اسے چاہیے کہ جتنی دفعہ اس نے بلاٹکٹ سفر کیا، اتنی دفعہ کرایہ کا حساب لگا کر ٹکٹ خرید لے اور ضائع کردے، اس طرح ان شاء اللہ اس کا ذمہ فارغ ہوجائے گا، کیوں کہ اس صورت میں حق، صاحبِ حق کو پہنچ جاتا ہے۔ [1]

= ما في " مشكوة المصابيح " : عن أنس قال : قَلَّمَا خطبنا رسول الله ﷺ إلا قال : " لا إيمان لمن لا أمانة له ، ولا دين لمن لا عهد له " .

(۱/۱۵ ، كتاب الإيمان ، الفصل الثاني) (فتاویٰ محمودیہ: ۱۸/۴۸۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : كل حيلة يحتال بها الرجل ليتخلص بها عن حرام أو ليتوصل بها إلى الحلال فهي حسنة .

(۶/۳۹۰ ، كتاب الحيل ، الفصل الأول في بيان جواز الحيل وعدم جوازها)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : الأصل أن المستحَق بجهة إذا وصل إلى المستحِق بجهة أخرى اعتبروا أصلاً بجهة مستحقة إن وصل إليه من المستحق عليه ، وإلا فلا . (۷/۲۱۵ ، كتاب البيوع ، مطلب : ردّ المشتري فاسداً إلى بائعه . الخ)

ما في " رد المحتار " : والحاصل أنه إن علم أرباب الأموال وجب ردّه عليهم ، وإلا فإن علم عين الحرام لا يحل له ، ويتصدق به بنية صاحبه .

(۷/۲۲۳ ، كتاب البيوع ، مطلب فيمن ورث مالاً حراماً)

ما في " الموسوعة الفقهية " : الواجب في الكسب الخبيث ، وهو تفريغ الذمة منه برده إلى أربابه إن علموا ، وإلا إلى الفقراء .

(۳۹/۴۰۷ ، الكسب الناشي عن الميسر ، كذا في الفتاوى الهندية : ۵/۳۴۹ ، كتاب الكراهية ، الباب الخامس عشر في الكسب) (فتاویٰ محمودیہ: ۱۸/۴۳۱)

سیکنڈ کلاس کا ٹکٹ لے کر فرسٹ کلاس میں سفر

مسئلہ (۱۶۸): بعض لوگ سفر کرنے کے لیے ریلوے کا سیکنڈ کلاس (SECOND CLASS) ٹکٹ لیتے ہیں، اور سیکنڈ کلاس میں بھیڑ ہونے کی وجہ سے فرسٹ کلاس (FIRST CLASS) میں سفر کرتے ہیں، ایسا کرنا جائز نہیں ہے، کیوں کہ حکومت کی طرف سے سیکنڈ کلاس کے ٹکٹ کی جو منفعت متعین ہے، ٹکٹ کا خریدار (مستاجر) اسی منفعتِ متعینہ کا حق دار ہے، اگر اس سے زائد منفعت اٹھاتا ہے، تو وہ اس زائد منفعت کی قیمت کا ضامن ہوگا، اس لیے کہ سیکنڈ کلاس کے ٹکٹ کی بہ نسبت فرسٹ کلاس ٹکٹ کی مالیت زیادہ ہوتی ہے۔ [1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مختصر القدوري " : ويجوز استيجار الدوابّ للركوب والحمل ، فإن أطلق الركوب جاز له أن يركبها من شاء ، وكذلک إن استأجر ثوباً للبس وأطلق ، فإن قال له على أن يركبها فلان أو يلبس الثوب فلان فأركبها غيره ، أو ألبسه غيره كان ضامناً . (ص/۱۰۱ ، كتاب الإجارة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : يتفق الفقهاء على أن المستأجر يلزمه أن يتبع في استعمال العين ما أعدت له مع التقيّد بما شرط في العقد ، أو بما هو متعارف إذا لم يوجد شرط ، وله أن يستوفي المنفعة المعقود عليها ، أو ما دونها من ناحية استهلاک العين والانتفاع عليها ، وليس له أن ينتفع منها بأكثر مما هو متفق عليه ، فإذا استأجر الدابة لركوبه الخاصّ فليس له أن يتخذها لغير ذلک .

(۱/۲۷۰ ، الإجارة ، استعمال العين حسب الشرط أو العرف ، المهذب للشيرازي : ۱/۴۰۲ ، ۴۰۳ ، مطبعة عيسى الحلبي)

ما في " البحر الرائق " : (وإن سمّى نوعاً وقدراً ككرّ بُرّ له حمل مثله وأخفّ لا آخر كالملح) . كنز . قال ابن نجيم : الأصل أن من استحق منفعة مقررة بالعقد فاستوفى تلک المنفعة أو مثلها أو أقل منها جاز ، وإن استوفى أكثر منها لم يجز .

(۷/۵۲۴ ، كتاب الإجارة ، باب ما يجوز من الإجارة وما يكون خلافاً فيها ، هدايه : ۳/۲۹۹ ، كتاب الإجارة)

مالی تاوان

مسئلہ (۱۶۹): کبھی دو فریق آپس میں لڑائی جھگڑا کرتے ہیں، تو ایک تیسرا فریق ان کے درمیان صلح کرنے کے لیے، ان میں سے جس کی غلطی ہو، اس پر مالی تاوان رکھتا ہے، تو یہ مالی تاوان لازم کرنا شرعاً جائز نہیں ہے، البتہ اگر کسی معاملہ میں کسی فریق کا واقعی کچھ خرچ ہوا ہے، یا اس نے دوسرے فریق کا حق دبایا ہے، تو وہ لیا جا سکتا ہے۔[۱]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : وعن أبي يوسف : يجوز التعزير للسلطان بأخذ المال ، وعندهما وباقي الأئمة لا يجوز ، ومثله في المعراج . وظاهره أن ذلك رواية ضعيفة عن أبي يوسف ، قال في الشرنبلالية : ولا يفتى بهذا لما فيه من تسليط الظلمة على أخذ مال الناس فيأكلونه ..... إذ لا يجوز لأحد من المسلمين أخذ مال أحد بغير سبب شرعي .... والحاصل أن المذهب عدم التعزير بأخذ المال .

(۶۱/۶ ، ۷۷ ، كتاب الحدود ، مطلب في التعزير بأخذ المال ، كذا في البحر الرائق : ۶۸/۵ ، كتاب الحدود ، فصل في التعزير)

ما في " النهر الفائق " : وفي " شرح الآثار " : التعزير بأخذ المال كان في ابتداء الإسلام ثم نسخ ، كذا في المجتبى ، وعندهما وباقي الأئمة الثلاثة لا يجوز التعزير به . (۱۶۵/۳ ، كتاب الحدود ، فصل في التعزير)

ما في " اعلاء السنن " : والتعزير بالمال جائز عند أبي يوسف ، وعندهما وعند الأئمة الثلاثة لا يجوز ، وتركه الجمهور للقرآن والسنة ، وأما القرآن فقوله تعالى : ﴿فاعتدوا عليه بمثل ما اعتدى عليكم﴾ . وأما السنة فإنه عليه السلام قضى بالضمان بالمثل ، ولأنه خير يدفعه الأصول ، فقد أجمع العلماء على أن من استهلك شيئاً لم يغرم إلا مثله أو قيمته . (۷۳۳/۱۱ ، كتاب الحدود ، باب التعزير بالمال)

(فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۸۳۷۰)

عجیب دھوکہ دہی

مسئلہ (۱۷۰): بعض لوگ کسی شخص کا موبائل نمبر کہیں سے حاصل کرکے ، بذریعہ ایس ایم ایس (SMS) یا کال، اپنے آپ کو کسی مشہور کمپنی کا ایجنٹ اور نمائندہ بتا کر کہتے ہیں کہ کمپنی نے اپنے گاہکوں کے درمیان قرعہ اندازی کرکے آپ کو مثلاً ۲۰/لاکھ یا ۲۵/لاکھ کے انعام کا مستحق قرار دیا ہے، اس لیے آپ اپنا بینک اکاؤنٹ نمبر ہمیں بھیج دیں، ہم آپ کے انعام کی رقم اس اکاؤنٹ نمبر سے آپ کو روانہ کردیں گے، البتہ اس رقم کے روانہ کرنے پر جو خرچ آئے گا، وہ آپ کو برداشت کرنا ہوگا، لہٰذا آپ خرچ کی وہ رقم ہمارے فلاں اکاؤنٹ میں جمع کردیں، اس کے بعد ہی آپ کے انعام کی یہ رقم آپ کے اکاؤنٹ میں منتقل کی جائے گی، سامنے والا فریق مطلوبہ رقم ان کے بتائے ہوئے اکاؤنٹ میں جمع کرتا ہے، تو اسے متوقع انعام کی رقم تو نہیں ملتی مگر وہ اپنی رقم سے بھی ہاتھ دھو بیٹھتا ہے، اور رنج والم کا شکار ہوتا ہے، اس طرح کسی کو دھوکہ دے کر اس سے رقم اینٹھنا اور اسے استعمال کرنا شرعاً ناجائز وحرام ہے، جس پر بڑی سخت وعید وارد ہوئی ہے۔[1]

عام لوگوں کو چاہیے کہ وہ اس طرح کے ٹھگوں اور لٹیروں سے ہوشیار وچوکنا رہیں، تاکہ ان کے گاڑھے پسینے کی حلال کمائی، کوئی اس طرح دھوکہ دے کر نہ لینے پائے۔

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الکریم " : ﴿یآیها الذین اٰمنوا لا تأکلوا أموالکم بینکم بالباطل﴾ .

(سورة النساء : ۲۹)=

ڈاکٹروں کا زیادہ کمیشن والی دوا تجویز کرنا

مسئلہ (۱۷۱): بعض دوا ساز کمپنیاں اپنی دواؤں کی فروخت اوران کی تشہیر کے لیے ڈاکٹروں کو مخصوص مقدار میں کمیشن اور گفٹ وغیرہ دیتی ہیں، کمپنیوں کا ڈاکٹروں کو کمیشن اورگفٹ دینا اور ڈاکٹروں کا اسے لینا شرعاً جائز ودرست ہے (۱)، مگر مریض کا معائنہ کرنے اورمرض کی تشخیص ہوجانے کے بعد، دوسری وہ دوا جوزیادہ کارآمداورمفید ہو، تجویز نہ کرنا، بلکہ محض کمیشن وغیرہ کی غرض سے زیادہ کمیشن والی دوا تجویز کرنا، اس پیشہ کے ساتھ دھوکہ دہی (۲)، خیانت (۳) اورمریض کے ساتھ سراسرظلم ہے (۴)، اوراس طرح کمیشن اورگفٹ لینااوردینا بھی شرعاًناجائزہے،اس سےاحترازلازم ہے۔

= ما في " روح المعاني " : والمراد بالباطل ما يخالف الشرع كالربوا والقمار والبخس والظلم ، وعن الحسن : وهو ما كان بغير استحقاق في طريق الأعواض .
(۲۲/۵)

ما في " الصحيح لمسلم " : قال رسول الله ﷺ : " من غشّنا فليس منّا " .
(۷۰/۱، باب قول النبي ﷺ من غشنا فليس منا، جامع الترمذي : ۲۴۵/۱ ، البيوع، باب ما جاء في كراهية الغشّ في البيوع)

ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق الفقهاء على أن الغش حرام ، سواء أكان بالقول أم بالفعل ، وسواء أكان بكتمان العيب في المعقود عليه أو الثمن أم بالكذب والخديعة ، وسواء أكان في المعاملات أم في غيرها من المشورة والنصيحة . (۲۱۹/۳۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : وفي الدلال والسمسار يجب أجر المثل .... وفي الحاوي : سئل محمد بن سلمة عن أجرة السمسار فقال : أرجو أنه لا بأس به .
(۸۷/۹ ، كتاب الإجارة ، باب ضمان الأجير ، مطلب في أجرة الدلال ، بيروت)=

= (۲) ما في " الصحيح لمسلم " : عن أبي هريرة رضي الله عنه ، أن رسول الله ﷺ قال : " من غشّنا فليس منا " .

(۱/۷۰ ، باب قول النبي ﷺ : من غشّنا فليس منا ، جامع الترمذي : ۱/۲۴۵ ، أبواب البيوع ، باب ما جاء في كراهية الغشّ في البيوع ، السنن لإبن ماجة : ص/۱۶۱ ، أبواب التجارة ، باب النهي عن الغشّ)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآيها الذين اٰمنوا لا تخونوا الله والرسول وتخونوا آمٰنٰتكم وأنتم تعلمون﴾ . [سورة الأنفال : ۲۷] وقوله تعالى : ﴿وإما تخافنّ من قوم خيانة فانبذ إليهم على سوآء إن الله لا يحب الخآئنين﴾ . (سورة الأنفال : ۵۸)

ما في " سنن أبي داود " : قوله عليه الصلاة والسلام : " كبرت خيانة أن تحدث أخاک حديثاً هو لک به مصدق ، وأنت له به كاذب " .

(ص/۶۷۹ ، كتاب الأدب ، باب في المعاريض)

ما في " جامع الترمذي " : عن أبي هريرة رضي الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " المسلم أخو المسلم ، لا يخونه ولا يكذبه ، ولا يخذله ..... " . الحديث .

(۲/۱۴ ، أبواب البر والصلة ، باب ما جاء في شفقة المسلم على المسلم ، رقم الحديث : ۱۹۲۷ ، مشكوة المصابيح :ص/۴۲۲ ، كتاب الآداب ، باب الشفقة والرحمة على الخلق ، رقم الحديث : ۲۵۶۴)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وقد عدّ الذهبي ، وابن حجر الهيثمي الخيانة من الكبائر ثم قال : الخيانة قبيحة في كل شيء ، لكن بعضها أشدّ وأقبح من بعض .

(۲/۱۸۶ ، الزواجر عن اقتراف الكبائر لإبن حجر الهيثمي : ۲/۵۱۳)

(۴) ما في " جامع الترمذي " : عن ابن عمر ، عن النبي ﷺ قال : " الظُلْمُ ظُلُمَاتٌ يومَ القِيامَةِ " .

(۳/۱۲۶ ، أبواب البر والصلة ، باب ما جاء في الظلم ، رقم الحديث : ۲۰۳۰ ، بيروت ، صحيح البخاري :ص/۴۳۰ ، رقم الحديث : ۲۴۴۷ ، كتاب المظالم ، باب الظلم يوم القيامة ، بيروت)

قاریٔ قرآن کا کسی کی تعظیم میں کھڑا ہونا

مسئلہ (۱۷۲): اگر کوئی شخص قرآن کریم کی تلاوت کررہا ہو، اور اس درمیان اس کے پاس کوئی شخص آجائے، تو قاریٔ قرآن کے لیے اس کی تعظیم میں کھڑا ہونا جائز نہیں ہے، مگر یہ کہ آنے والا شخص عالمِ دین ہے، یا اس قاری کا باپ ہے، یا اس کا استاذ ہے، جس نے اس کو علمِ دین کی تعلیم دی، تو اس کی تعظیم کے لیے کھڑا ہونا جائز ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(ا) ما في " الفتاوى الهندية " : قوم يقرؤن القرآن من المصاحف أو يقرأ رجل واحد فدخل عليه واحد من الأجلة أو الأشراف فقام القارئ لأجله ، قالوا : إن دخل عالم أو أبوه أو أستاذه الذي علّمه العلم جاز له أن يقوم لأجله ، وما سوى ذلک لا يجوز ، كذا في فتاوى قاضي خان . (۳۱۶/۵ ، كتاب الكراهية ، الباب الرابع في الصلاة والتسبيح وقراء ة القرآن الخ ، فتاوى قاضيخان : ۳۷۷/۴ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل التسبيح والتسليم والصلاة على النبي ﷺ الخ)

ما في " رد المحتار " : وقيام قارئ القرآن لمن يجيء تعظيماً لا يكره إذا كان ممن يستحق التعظيم . (۵۵۱/۹ ، كتاب الحظر والإباحة ، باب الاستبراء وغيره)

(کفایت المفتی: ۱۳۲/۱)

دورانِ حمل اَلٹراساؤنڈ (Ultra Sound) کروانا

مسئلہ (۱۷۳): بعض مرتبہ طبی اغراض کے پیشِ نظر عورت دورانِ حمل اَلٹراساؤنڈ (Ultra Sound) کرواتی ہے، جس کے ذریعہ جہاں دیگر طبی امور کی تفتیش وتشخیص مطلوب ہوتی ہے، وہیں پیدا ہونے والا بچہ لڑکا ہے یا لڑکی یہ بھی معلوم کیا جاسکتا ہے، ایسے موقع پر عورت کا یہ دریافت کرنا کہ حمل لڑکا ہے یا لڑکی؟ اسی طرح معالج کا اس استفسار کا جواب دینا، گرچہ اس میں کوئی حرج نہیں ہے [۱]، مگر یہ عمل فضول ہونے کے ساتھ ساتھ بسا اوقات میاں بیوی میں اختلاف ونزاع کا سبب بن کر علیحدگی تک کے واقعات دیکھنے اور سننے میں آتے ہیں، نیز کئی ایک واقعات میں خلافِ توقع نتیجہ سامنے آنے کی بناء پر لڑکی ذہنی ٹینشن کی وجہ سے بچہ کی پیدائش کے دوران اپنی جان سے بھی ہاتھ دھوبیٹھتی ہے، یا پھر حمل کے ضائع ہونے کا شدید اندیشہ ہوجاتا ہے، یہی وجہ ہے کہ حکومتِ وقت نے بھی اس طرح کی جانچ پر پابندی لگارکھی ہے، جس میں یہ معلوم کیا جاتا ہے کہ حمل لڑکا ہے یا لڑکی؟ بہرکیف اس لایعنی حرکت سے احتراز ہی بہتر ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " قواعد الفقه " : " ألاصل في الأشياء الإباحة " .

(ص/ ۵۹ ، رقم المادة : ۳۳)

(۲) ما في " الشامية " : ما كان سبباً لمحظور فهو محظور. (۵/۲۲۳ ، مكتبه نعمانيه،

اعلام الموقعين : ۳/۱۷۵ ، فصل في سد الذرائع) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۰۱۴۸)

تین دن سے زیادہ ترک تعلق

مسئلہ (۱۷۴): کسی دنیوی امر مثلاً آپسی رنجش، خاندانی جھگڑا وفساد وغیرہ کی بنا پر کسی مسلمان کے لیے یہ جائز نہیں کہ وہ اپنے مسلم بھائی سے تین دن سے زیادہ ترکِ تعلق کرے، لیکن اگر یہ ترکِ تعلق کسی دینی امر کی وجہ سے ہو، جیسے اہلِ بدعت واہلِ ہویٰ سے، اُن کے مرتکبینِ بدعت ومتبعینِ ہویٰ ہونے کی وجہ سے ترکِ تعلق ہو، تو یہ تین دن سے زائد بھی درست ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : وعن عائشة رضي الله عنها ، أن رسول الله ﷺ قال : " لا يكون لمسلم أن يهجر مسلماً فوق ثلاثة .... " . الحديث . رواه أبوداود . (۱۴۰۰/۳ ، رقم الحديث : ۵۰۳۴ ، كتاب الآداب ، باب ما ينهى عنه من التهاجر والتقاطع واتباع العورات ، المكتب الإسلامي بيروت ، عون المعبود : ص/۲۱۱۵ ، رقم الحديث : ۴۹۱۰ ، كتاب الأدب ، باب في هجرة الرجل أخاه ، رقم الحديث : ۴۹۱۲ ، ۴۹۱۳)

ما في " التعليق الصبيح " : قال التوربشتي : ...... وأما إذا كان الهجران في حق من حقوق الله فله ما فوق ذلک . ولقد هجر رسول الله ﷺ الثلاثة الذي خُلّفوا كعب بن مالک وهلال بن أمية ومرارة بن الربيع رضي الله عنهم ، فلم يكلّمهم خمسين يوماً وأمر الناس بهجرانهم ، ولما أعتل بعير صفية فقال رسول الله ﷺ لزينب : أعطيها بعير أو كان عندها فضل ظهر ، فقالت : أنا أعطي تلک اليهودية ، فغضب رسول الله ﷺ فهجرها ذا الحجة والمحرم وبعض صفر .... قلت : وقد وجدنا من السلف من هجر أخاه المسلم في أمر كرهه عنه من أمور الدين السنة والسنتين ، ومنهم من هاجر صاحبه في ذلک عمره ، ورؤوا أنفسهم في فسحة من ذلک ما لم يعدّ المهجور عما ابتدعه ، كذا في " شرح المصابيح " للتوربشتي .

(۲۶۷/۵ ، كتاب الآداب ، باب ما ينهى عنه من التهاجر والتقاطع واتباع العورات)=

مقرر، شاعر یا نعت خواں کو دادِ تحسین

مسئلہ (۱۷۵): کسی مقرر، شاعر یا نعت خواں وغیرہ کے کلام کے دوران، یا اس کے اختتام پر حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجانا ناپسندیدہ اور مکروہ ہے[۱]، اسی طرح بعض لوگ کسی مقرر، شاعر یا نعت خواں سے کسی اچھی بات یا اچھے شعر کے سننے پر منہ میں اپنی زبان کو حرکت دے کر ''چُک چُک'' کی آواز نکالتے ہیں، یہ عمل بھی صحیح نہیں ہے، صحیح یہ ہے کہ جب مقرر کے کلام میں ملک وملّت کی خیرخواہی، مالکِ حقیقی کی حمد وثنا، آپ ﷺ کی تعریف وتوصیف کو سنے، تو بوقتِ ضرورت ''سبحان اللّٰہ''، ''ماشاء اللّٰہ''، اور ''بارک اللّٰہ'' جیسے کلمات سے اس کی حوصلہ افزائی کریں[۲]، بے موقع ''سبحان اللّٰہ''، ''ماشاءاللّٰہ'' اور ''بارک اللّٰہ'' جیسے کلمات کہنا، اس میں جہاں اِن کلمات کا استخفاف معلوم ہوتا ہے[۳]، وہیں مقرر، شاعر یا نعت خواں کی تحقیر کی بُو آتی ہے[۴]، اور یہ دونوں باتیں شرعاً ممنوع ہیں۔

= ما في " بذل المجهود " : قال الخطابي : .... وأما هجران الوالد الولد ، والزوج الزوجة ، ومن كان في معناهما فلا يضيق أكثر من ذلك ، وقد هجر رسول الله ﷺ نسائَهُ شهراً . انتهى . قال السيوطي : .... وأما ما كان من جهة الدين والمذهب فهجران أهل البدع والأهواء واجب إلى وقت ظهور التوبة ، ومن خاف من مكالمة أحد وصلته ما يفسد عليه الدين أو يدخل مضرة في دنياه يجوز له مجانبته ، والبعد عنه ، وربّ هجر حسن خير من مخالطة مؤذية .

(۱۳/ ۳۱۹ ، ۳۲۰ ، كتاب الأدب ، باب في هجرة الرجل أخاه ، معالم السنن للخطابي : ۴/۱۱۳ ، رقم الحديث : ۱۳۴۴ ، باب النهي عن التهاجر)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وما كان صلوتهم عند البيت إلا مكآء وتصدية﴾ . (الأنفال : ۳۵)=

= ما في " تأويلات أهل السنة للماتريدي " : قال أبو عوسجة : المكاء شبه الصفير ، والتصدية ضرب اليدين، وهو من الصدى من الصوت . (۵/۱۹۴، ۱۹۵)

ما في " الدر المنثور " : عن ابن عمر قال : المكاء الصفير ، والتصدية التصفيق .
(۳/۳۳۲، ۳۳۳)

ما في " فتح القدير للشوكاني " : وقيل : المكاء الضرب بالأيدي والتصدية الصياح .
(۱/۲۸۵)

ما في " تفسير النسفي لأبي البركات " : إنهم كانوا يطوفون بالبيت عراة ، وهم مشبكون بين أصابعهم يصفرون فيها ويصفقون . (۱/۶۴۳، ۶۴۴)

ما في " رد المحتار " : كره كل لهو ..... أي كل لعب وعبث .... والإطلاق شامل لنفس الفعل كالرقص والسخرية والتصفيق ، فإنها كلها مكروهة ، لأنها زي الكفار " . (۹/۵۶۶ ، كتاب الحظر الإباحة)

(۲) ما في " السنن لأبي داود " : عن موسى بن أبي عائشة قال : " رجل يصلي فوق بيته ، وكان إذا قرأ : ﴿أليس ذلک بقٰدرٍ علىٓ أن يحيي الموتى﴾ قال : سبحانک فبکی ، فسألوه عن ذلک فقال : سمعته من رسول الله ﷺ " .

(ص/۱۲۸ ، كتاب الصلاة ، باب الدعاء في الصلاة)

(۳) ما في " الفتاوى التاتارخانية " : إذا وصف الله بما لا يليق به ، أو سخر بإسم من أسماء الله تعالى ، أو بأمر من أوامر يكفر . (۴/۲۳۴ ، كتاب أحكام المرتدين)

(۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآيها الذين اٰمنوا لا يسخر قومٌ من قومٍ عسىٓ أن يكونوا خيراً منهم ، ولا نسآءٌ من نسآءٍ عسىٓ أن يّكنّ خيراً منهنّ ، ولا تلمزوآ أنفسكم ولا تنابزوا بالألقاب ، بئس الإسم الفسوق بعد الإيمان﴾ . (سورة الحجرات : ۱۱)

ما في " فتح الباري " : قوله : ﴿لا يسخر﴾ نهى عن السخرية ، وهو فعل الساخر ، وهو الذي يهزء منه ، والسخرية تسخير خاص ، والسخرية سياقه الشيء إلى الغرض المختص به قهراً ، وقد أخرج المسلم عن أبي هريرة عنه رفعه في اثناء حديث : " بحسب من الشرّ أن يحقر أخاه المسلم " .

(۱۰/۵۶۹ ، باب قول الله تعالى : يآيها الذين اٰمنوا لا يسخر . الخ)

(فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۹۷۱۷)

شادی کی سالگرہ منانا

مسئلہ (۱۷۶): بعض لوگ اپنی شادی کی سالگرہ مناتے ہیں، وہ اس طرح کہ میاں بیوی اس خوشی کے دن کی یاد میں سیر وتفریح کے لیے نکلتے ہیں، گھر سے باہر کسی اچھی ہوٹل میں ڈنر(کھانا) کھاتے ہیں، اور ایک دوسرے کو کوئی گفٹ وغیرہ دیتے ہیں، شرعاً سیر وتفریح کے لیے نکلنا[۱]، کسی ہوٹل میں کھانا کھانا، اور میاں بیوی کا ایک دوسرے کو ہدیہ دینا[۲]، اس میں کوئی قباحت نہیں، یہ سب امور مباح ہیں، لیکن مسلمانوں میں اس کا رواج گمراہ قوموں کی تقلید سے ہوا ہے، جو قابلِ مذمت عمل ہے، کیوں کہ جب آپ ﷺ نے ہمیں عبادتوں میں غیروں کی مشابہت اختیار کرنے سے منع فرمایا[۳]، تو اس طرح کے رسم ورواج میں ان کی تقلید کی اجازت کیسے دی جاسکتی ہے[۴]، لہٰذا اس سے بچنا چاہیے۔

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الکریم " : قال الله تبارک وتعالی : ﴿قل سیروا في الأرض ثم انظروا کیف کان عاقبة المکذّبین﴾ . [سورة الأنعام : ۱۱] ﴿قل سیروا في الأرض فانظروا کیف کان عاقبة المجرمین﴾ . [سورة النمل : ۶۹] ﴿قل سیروا في الأرض فانظروا کیف کان عاقبة الذین من قبل﴾ . [سورة الروم : ۴۲]

(۲) ما في " الآداب للبیهقي " : عن أبي هریرة ، عن النبي ﷺ : " تَهادَوا تَحابُّوا " .

وفیه أیضاً : عن أنس بن مالک : " أن رسول الله ﷺ کان یأمرنا بالهدیّة والصلة بین الناس " . (ص/۴۰ ، رقم الأحادیث : ۱۰۰ – ۱۰۱ ، باب في الهدیة ، بیروت)=

= (۳) ما في " كنز العمال " : (عن أبي موسى) قال : كانت يهودُ تتخذُ يوم عاشوراء عيداً ، فقال رسول الله ﷺ : " خالفوهم وصوموا أنتم " .

(۸/ ۲۶۲ ، رقم الحديث : ۲۴۲۴۶)

وفيه أيضاً : (عن ابن عباس) : " صوموا يوم عاشوراء ، وخالفوا فيه اليهود ، وصوموا قبله يوماً وبعده يوماً " . (۸/ ۲۶۰ ، رقم الحديث : ۲۴۲۱۶)

وفيه أيضاً : (عن ابن عباس) : " إن عشنا خالفناهم وصمنا اليوم التاسع " .

(۸/ ۲۶۲ ، رقم الحديث : ۲۴۲۴۹ ، كتاب الصوم)

ما في " المبسوط للسرخسي " : واعلم بأن الأوقات التي تكره فيها الصلاة خمسة ، ثلاثة منها لا يصلى فيها جنس الصلوات ، عند طلوع الشمس إلى أن تبيض ، وعند غروبها إلا عصر يومه ، فإنه يؤديها عند الغروب .... والأصل فيه حديث الصنابحي : " أن النبي ﷺ نهى عن الصلاة عند طلوع الشمس ، وقال : إنها تطلع بين قرني الشيطان ، كأن الشيطان يزيّنها في عين من يعبدونها حتى يسجدوا لها ، فإن ارتفعت فارقها ، فإذا كان عند قيام الظهيرة قارنها ، فإذا مالت فارقها ، فإذا دنت للغروب قارنها ، فإذا غربت فارقها ، فلا تصلوها في هذه الأوقات " .

(۱/ ۳۰۲ ، باب مواقيت الصلاة)

(۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تركنوآ إلى الذين ظلموا فتمسّكم النار﴾ .

(هود : ۱۱۳)

ما في " حاشية القونوي على تفسير البيضاوي " : قال ابن عباس : أي لا تميلوا ، والركون المحبة والميل بالقلب، وقال أبو العالية : لا ترضوا بأعمالهم ، وقال عكرمة: لا تطيعوهم ؛ قال البيضاوي : لا تميلوا إليهم أدنى ميل ، فإن الركون هو الميل اليسير كالتزيي بزيّهم ، وتعظيم ذكرهم . (۱۰/ ۲۲۶ ، تفسير المظهري : ۴/ ۴۳۰)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي ": قال قتادة: معناه ؛ لا تؤدوهم ولا تطيعوهم، وقال ابن جريج : لا تميلوا إليهم ، وقال أبو العالية : لا ترضوا بأعمالهم . (۹/ ۱۰۸)

ما في " البحر المحيط لأبي حيان الغرناطي " : والنهي متناول لانحطاط في هواهم ،

....

....

....

....

والانقطاع إليهم، ومصاحبتهم ، ومجالستهم ، وزيارتهم ، ومداهنتهم ، والرضا بأعمالهم ، والتشبه بهم ، والتزيي بزيّهم ، ومدّ العين إلى زهرتهم ، وذكرهم بما فيه تعظيم لهم . (۵/۳۵۰ ، روح المعاني : ۷/۱۳۳۱)

ما في " التفسير المنير " : ولا تميلو إلى الظالمين بمودة أو مداهنة ، أو رضىً بأعمالهم ، أو استعانة بهم، أو اعتماد عليهم ، فتصيبكم النار بركونكم إليهم .

(۶/۴۹۲)

ما في " السنن لأبي داود " : عن ابن عمر رضي الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " من تشبه بقوم فهو منهم " . (ص/۵۵۹ ، قديمي)

ما في " بذل المجهود " : قال الملا علي القاري : من شبّه نفسه بالكفار ، مثلا في اللباس وغيره ، أو بالفساق ، أو الفجار ، أو بأهل التصوف ، والصلحاء والأبرار ، فهو منهم ، أي في الإثم أو الخير عند الله تعالى . (۱۲/۵۹)

ما في " شرح الطيبي مشكوة المصابيح " : قال الطيبي : قوله ﷺ : " من تشبه بقوم " . هذا عام في الخلق والخلق ، والشعار ، وإذا كان الشعار أظهر في التشبيه .

(۸/۲۳۲ ، كتاب اللباس والزينة)

ما في " مرقاة المفاتيح " : قوله ﷺ : " من تشبّه بقوم فهو منهم " . أي من شبّه نفسه بالكفار ، مثلاً في اللباس وغيره ، أو بالفساق والفجار ، أو بأهل التصوف ، والصلحاء والأبرار . (۸/۲۲۲ ، كتاب اللباس، الفصل الثاني ، رقم الحديث : ۴۳۴۷)

(فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۲۶۳۱)

تھرٹی فرسٹ نائٹ (Thirty First Naiht) خود احتسابی کا موقع

مسئلہ (۱۷۷): تھرٹی فرسٹ نائٹ (Thirty First Naiht)

یعنی سال کی تکمیل، جس کی خوشی اور نئے سال کی آمد پر پوری رات شراب وشباب چلتا ہے، محفلیں سجائی جاتی ہیں، تھرٹی فرسٹ نائٹ یعنی ۳۱ دسمبر کی رات آنے سے قبل ہی کئی دنوں قبل اس کی تیاریاں کی جاتی ہیں، تھرٹی فرسٹ نام کی ایسی کوئی چیز نہیں جس کی بنیاد پر محفلیں سجائی جائیں، اورخوشیاں منائی جائیں، اسلام میں اس کی کوئی گنجائش نہیں، کیوں کہ تھرٹی فرسٹ نائٹ خوشی منانے کا نہیں بلکہ خود احتسابی کا موقع ہے، انسان اپنا محاسبہ کرے اور آئندہ کے لیے برائیوں اور گناہوں سے بچنے کا عزم کرے، نہ یہ کہ سال کا آغاز ہی برائیوں کے ارتکاب، یا ایسی محفلوں میں شرکت سے کیا جائے، جن میں ایسی فحاشی وعیاشی کی دعوت دی جاتی ہے، جس سے سماج ومعاشرہ شرمساراور اللہ اوراس کے رسول ﷺ غضبناک، ہوتے ہیں، اور اجتماعی طور پر برائیاں وجود میں آتی ہیں، لہٰذا تمام مسلمانوں خصوصاً نوجوانوں کو ایسی مجالس میں شرکت سے احتراز کرنا چاہیے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يا أيها الذين اٰمنوا إنما الخمر والميسر والأنصاب والأزلام رجسٌ من عمل الشيطٰن فاجتنبوه لعلكم تفلحون ○ إنما يريد الشيطٰن أن يوقع بينكم العداوة والبغضآء في الخمر والميسر ويصدّكم عن ذكر الله وعن الصلوة فهل أنتم منتهون﴾ . (سورة المائدة : ۹۰ - ۹۱)=

= ما في " تفسير أبي السعود " : ولقد أكّد تحريم الخمر والميسر في هذه الآية الكريمة بفنون التاكيد ، حيث صُدّرت الجملة بإنما وقُرنا بالأصنام والأزلام ، وسُمّيا رجساً من عمل الشيطان تنبيهاً على أن تعاطيها شرٌ بحتٌ ، وأمر بالاجتناب عن عينهما وجعل ذلك سبباً يُرجى عنه الفلاح ، فيكون ارتكابهما خَيبة ومَحقةٌ ، ثم قرر ذلك ببيان ما فيهما من المفاسد الدنيوية والدينية المقتضية للتحريم .

(۵۳۸/۲ ، سورة المائدة : ۹۰ ، مكتب البحوث والدراسات ، دار الفكر بيروت)

ما في " المحرّر الوجيز " : قوله عزّ وجلّ : ﴿يا أيها الذين اٰمنوا إنما الخمر ... الخ﴾ . ... وأمر الله تعالى باجتناب هذه الأمور واقترنت بصيغة الأمر في قوله : ﴿فاجتنبوه﴾ نصوص الأحاديث وإجماع الأمة ، فحصل الاجتناب في رتبة التحريم ، فبهذا حرمت الخمر بظاهر القرآن ونص الحديث وإجماع الأمة . (۲۳۳/۲ ، بيروت)

ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي الله عنها ، عن النبي ﷺ قال : " كلّ شراب أسكر فهو حرامٌ " . (۹۰۴/۲ ، فتح الباري : ۴۱/۱۰ ، مكتبة السلفية ، الصحيح لمسلم : ۱۶۷/۲ ، كتاب الأشربة ، باب بيان أن كل مسكر خمر وأن كل خمر حرام ، سنن أبي داود : ص/۵۱۸ ، كتاب الأشربة ، باب ماجاء في السكر)

ما في " السنن الكبرى للنسائي " : عن عمرو بن شعيب ، عن أبيه ، عن جده ، عن النبي ﷺ قال : " ما أسكر كثيره فقليله حرام " .

(۱۸۶/۴ ، رقم الحديث : ۶۸۲۰)

ما في " تبيين الحقائق " : قال النبي ﷺ : " كلّ مسكر حرام " . وأيضاً قال النبي ﷺ : " ما أسكر كثيره فقليله حرام " . (۱۰۳/۷ ، بيروت)

ما في " سنن الدار قطني " : عن عامر بن سعد ، عن أبيه ، عن النبي ﷺ قال : " أنهاكم عن قليل ما أسكر كثيره " .

(۲۵۱/۴، دار المحاسن بالقاهرة، رقم الحديث : ۴۶۹۹ ، سنن النسائي : ۳۰۱/۸، المكتبة التجارية ، كذا في السنن لإبن ماجه : ۱۱۲۵/۲ ، مكتبة الحلبي ، الموسوعة الفقهية : ۱۵/۵ ، ۱۶ ، أشربة ، تحريم شربها قليلها وكثيرها)

فصل في اللبس

(لباس وغیرہ کے احکام)

تصویردار سُوئیٹر اور کپڑے پہننا

مسئلہ(۱۷۸): آج کل سردی کا موسم جاری ہے، لوگ سردی سے بچنے کی خاطر سُوئیٹر (Sweater) وغیرہ استعمال کررہے ہیں، جو نہ صرف مباح بلکہ اپنے آپ کو مضر اور نقصان دہ چیزوں سے بچانا شرعاً ضروری ہے، مگر بعض لوگ سردی سے دفاع کے لیے ایسے کپڑے استعمال کرتے ہیں، جن میں جاندار کی تصویریں اُتاری ہوئی ہوتی ہیں، ایسے کپڑوں کا خریدنا اور عام حالات میں ان کا استعمال گناہ ہے، شریعت نے نماز میں خاص طور پر تصویر دار کپڑوں کے استعمال سے منع کیا ہے، کیوں کہ اس سے تصویر پرستی کا وہم پیدا ہوتا ہے، اگر کوئی شخص ایسے کپڑوں کو پہن کر نماز پڑھ لے تو نماز تو ادا ہوجائے گی، لیکن اس کا یہ عمل مکروہِ تحریمی ہوگا اور نماز بھی مکروہ ہوگی، اس لیے ایسے کپڑوں کے پہننے سے احتراز کرنا چاہیے، جن کو پہن کر انسان چلتا پھرتا فوٹو اسٹوڈیو (Photo Studio) یا کسی کمپنی کا مکمل اشتہار (Advertise) نظر آتا ہو۔[1]

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " الصحیح لمسلم " : " لا تدخل الملٰئکة بیتاً فیه کلب ولا صورة " .

(۲/۲۲۰ ، کتاب اللباس والزینة)

ما في " تکملة فتح الملهم " : هذا الحدیث یدل علی أن تصویر ذوي الأرواح واتخاذ الصور في البیوت ممنوع شرعاً ، واتفق علیه جمهور الفقهاء . (۱۰/۱۳۴)=

= ما في " الدر المنتقى شرح الملتقى مع مجمع الأنهر " : ولبس ثوب فيه تصاوير .... إلا أن تكون صغيرة لا تبدو ، أي لا تتبين تفاصيل أعضائها للناظر إذا كان قائماً وهي على الأرض . (۱/۱۸۸ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها)

ما في " البحر الرائق " : رجل في يده تصاوير وهو يؤم الناس لا تكره إمامته ، لأنها مستورة بالثياب ، فصار كصورة في نقش خاتم وهو غير مستبين ، وهو يفيد أن المستبين في الخاتم تكره الصلاة معه ، ويفيد أنه لا يكره أن يصلي ومعه صرة أو كيس فيه دنانير أو دراهم فيها صور صغار لاستتارها .

(۲/۴۸، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، النهر الفائق : ۱/۲۸۳، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها)

ما في " الفتاوى الهندية " : ويكره أن يصلي وبين يديه أو فوق رأسه أو على يمينه أو على يساره أو في ثوبه تصاوير . (۱/۱۰۷ ، فتاوى قاضيخان على هامش الهندية : ۱/۱۱۹)

ما في " الموسوعة الفقهية " : يكره عند الحنفية والمالكية لبس الثياب التي فيها الصور ، قال صاحب الخلاصة من الحنفية : صلى فيها أو لا . (۱۲/۱۲۲ ، تصوير)

ما في " نوازل فقهية معاصرة " : فأما الثياب التي عليه تصاوير الحيوانات فقال ابن عقيل : يكره لبسها ، وقال الشيرازي : وتكره الصلاة في الثوب الذي عليه الصورة . (۱/۵۷)

ما في " البحر الرائق " : وليس فيه تصاوير لأنه يشبه حامل الصنم فيكره . وفي الخلاصة : وتكره التصاوير على الثوب صلى فيه أو لم يصل ، وهذه الكراهة تحريمية. (۳/۴۷ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها)

ما في " منحة الخالق على البحر الرائق " : قوله : وتكره التصاوير على الثوب ... اهـ . ويمكن أن يقال ليس مراد الخلاصة تصوير التصاوير ، بل استعمالها ، أي استعمال الثوب التي هي فيه . (۲/۴۷ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها)

ما في " خلاصة الفتاوى " : وإن كان التمثال على الإزار والستر فمكروه ..... ويكره التصاوير على الثوب ، صلى فيه أو لم يصل .

(۱/۵۸ ، كتاب الصلاة ، جنس آخر فيما يكره)

ما في " رد المحتار " : لو صلى في ثوب فيه صورة يكره ، وتجب الإعادة ، قال أبو اليسر : هذا هو الحكم في كل صلاة أديت مع الكراهة .

(۲/۴۵۵ ، كتاب الصلاة ، مطلب في تعريف الإعادة)

عریانیت وفحاشیت ڈیزائن والے لباس پہننا

مسئلہ (۱۷۹): بعض کمپنیاں ایسے کپڑے ڈیزائن (Design) کرتی ہیں، جو انتہائی عریانیت اور فحاشیت کی غرض سے پہنے جاتے ہیں، اور یہ کمپنیاں اُن کپڑوں کی نہ صرف اندرون ملک تجارت کرتی ہیں، بلکہ یورپ اور امریکہ وغیرہ بھی برآمد کرتی ہیں، اور وہاں کی بداخلاق اور فحاش عورتیں ان کو پہنتی ہیں، ایسے لباس بنانا اور بیچنا مکروہ ہے، اس سے احتراز کرنا چاہیے، گرچہ ان کی آمدنی حرام نہیں، جب کہ ان کا پہننا حرام ہے۔[۱]

نوٹ: مکروہ سے مراد، مکروہِ تنزیہی ہے۔

ما في " تبيين الحقائق " : كل صلاة أديت مع الكراهة التحريم ، يشمل ترك الواجب وغيره ، ويؤيده ما مرّ جوابه من وجوب الإعادة بالصلاة في ثوب فيه صورة بمنزلة من يصلي وهو حامل الصنم .

(۱۴۸/۱ ، كتاب الصلاة ، باب صفة الصلاة ، بيروت)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (ويكره) تحريماً (بيع السلاح من أهل الفتنة إن علم) لأنه إعانة على المعصية .... قلت : وأفاد كلامهم أن ما قامت المعصية بعينه يكره بيعه تحريماً ، وإلا فتنزيهاً . نهر .

(۴۲۰/۶ ، ۴۲۱ ، كتاب الجهاد ، باب البغاة ، بيروت)

ما في " النهر الفائق شرح كنز الدقائق " : (وكره بيع السلاح من أهل الفتنة) .... لأنه إعانة على المعصية . (۲۶۸/۳ ، كتاب الجهاد ، باب البغاة ، دار الإيمان سهارنفور ، البحر الرائق : ۲۴۰/۵ ، كتاب السير ، باب البغاة ، بيروت ، تبيين الحقائق : ۱۹۹/۴ ، كتاب السير ، باب البغاة ، بيروت) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۸۷۲۵)

بالوں میں آڑی مانگ نکالنا

مسئلہ (۱۸۰): مسلمانوں میں آڑی مانگ نکالنے کا رواج گمراہ قوموں کی تقلید سے ہوا ہے، لہٰذا اس کو ترک کرنا واجب ہے، مانگ سیدھی نکالنی چاہیے، کیوں کہ حدیث شریف سے حضور ﷺ کا سیدھی مانگ نکالنا ثابت ہے، اور جن امور میں رسول کریم ﷺ نے مرد اور عورت کے احکام میں فرق نہیں فرمایا، ان میں مرد اور عورت دونوں برابر ہیں۔[۱]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تركنوا إلى الذين ظلموا فتمسّكم النار﴾ .

(سورة هود : ۱۱۳)

ما في " روح المعاني " : أي لا تميلوا إليهم أدنى الميل .... ويشمل النهي حينئذ مداهنتهم ، وترك التغيّر عليهم مع القدر والتزيّي بزيهم . (۲۳۱/۷)

ما في " السنن لأبي داود " : عن عائشة قالت : " كنت إذا أردت أن أفرق رأس رسول الله ﷺ صدعتُ الفرقَ مِن يافوخه وأرسِلُ ناصيتَهُ بين عينيه " .

(ص/۵۷٦ ، كتاب الترجل)

ما في" بذل المجهود " : صدعت الفرق أي شققت الفرق ، من يافوخه ، أي وسط رأسه . (۲۱۵/۱۰)

ما في " أشعة اللّمعات " : (صدعت) مي شگافتم وشق میکردم ۔(فرقہ) فرق اورا ۔(عن) یافوخہ از میانہ سروے بجانب ناصیہ، وآن موضعے ست کہ می جنبد از سر طفل یعني یک طرف خط فرق ازیں موضع مي بود، وطرف دیگر نزد جبہہ محاذی مابین دوچشم چنانکہ گفت، (وارسلت ناصیۃ بین عینیہ) درہا میکردم ومیگزاشتم موئے سر مبارک را کہ ناصیۃ نام اوست میان دوچشم یعني مي گروانیدم طرف فرق کہ بجانب ناصیہ است محاذی مابین دوچشم بحیثیتے کہ مي بود نصف شعر ناصیہ از جانب عین آن فرق، ونصف دیگر از جانب یسار آن، ایں چنیں تفسیر کرد ایں حدیث را طیبی، پس فرق مثل راہ راست شد از میانۂ سر تا محاذی مابین دوچشم، ولہٰذا تفسیر کرد آنرا در قاموس براہے کہ میان موئے سر بود۔(۵۷٦/۳، کتب خانہ مجیدیہ ملتان)

(فتاویٰ محمودیہ:۴۳۳/۱۹، آپ کے مسائل اوران کاحل:۱۳۳/۷)

جاندار کی تصویر والی گھڑی کا استعمال

مسئلہ (۱۸۱): آج کل مارکیٹ میں ایسی گھڑیاں آ گئی ہیں، جن میں جانداروں کی تصاویر بنی ہوتی ہیں، اگر وہ تصاویر واضح ہوں، تو ایسی تصاویر والی گھڑیوں کو پہن کر نماز پڑھنا اور نماز کے علاوہ عام حالات میں پہننا دونوں مکروہِ تحریمی ہے[۱]، اور اگر وہ تصویر اتنی چھوٹی ہے کہ اس کا خدوخال دیکھنے والے کو دکھائی نہ دے، تو ایسی تصویر والی گھڑیوں کے پہننے کی گنجایش ہے[۲]، تاہم بہتر یہ ہے کہ نہ پہنے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) مـا في " الفتاوى الهندية " : ويكره أن يصلي وبين يديه أو فوق رأسه أو على يمينه أو على يساره أو في ثوبه تصاوير . (۱/۱۰۷)

مـا في " الموسوعة الفقهية الكويتية " : يكره عند الحنفية والمالكية لبس الثياب التي فيها الصور ، قال صاحب الخلاصة من الحنفية : صلى فيها أولا . (۱۲/۱۲۲)

مـا في " نوازل فقهية معاصرة " : فأما الثياب التي عليه تصاوير الحيوانات فقال ابن عقيل : يكره لبسها ، وقال الشيرازي : وتكره الصلاة في الثوب الذي عليه الصورة . (۱/۵۷)

مـا في " البحر الرائق " : وتكره التصاوير على الثوب صلى فيه أو لم يصل ، وهذه الكراهة تحريمية . (۳/۴۷ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها)

مـا في " خلاصة الفتاوى " : وإن كان التمثال على الإزار والسِّتر فمكروه .... ويكره التصاوير على الثوب صلى فيه أو لم يصل .

(۱/۵۸ ، كتاب الصلاة ، جنس آخر فيما يكره)

ما في " رد المحتار " : لو صلى في ثوب فيه صورة يكره .

(۲/۴۵۵ ، كتاب الصلاة ، مطلب في تعريف الإعادة)

(۲) مـا في " تبيين الحقائق " : أن تكون صغيرة لأنها لا تعبد ، إذا كانت صغيرة بحيث لا تبدو للناظر ، والكراهة باعتبار العبادة فإذا لم يعبد مثلها لا يكره . (۱/۴۱۴)=

زینت کے لیے چہرے پر کریم لگانا

مسئلہ(۱۸۲): اگر لڑکے محض زینت کے لیے چہرے کے کریم (CREAM) استعمال کرتے ہیں، تو عورتوں کی مشابہت اختیار کرنے کی وجہ سے اس کے استعمال کی اجازت نہیں ہے، اور اگر دانوں، دھبوں یا چہرے کے زائد بال، جو آنکھ یا ناک کے بالمقابل اُگ آئے ہیں، ان سے نجات پانا مقصود ہے، تو اس کی گنجائش ہے۔(۱)

= ما في " الفتاوى الهندية " : ولو كانت صغيرة بحيث لا تبدو للناظر إلا بالتأمّل لايكره . (۱/۱۰۷)

ما في " الهداية " : ولو كانت الصورة صغيرة بحيث لا تبدو للناظر لا يكره لأن الصغار جداً لا تعبد . (۱/۱۴۲ ، كتاب الصلاة ، باب مفسدات الصلاة)

ما في " البحر الرائق " : (إلا أن تكون صغيرة) لأن الصغار جداً لا تعبد فليس لها حكم الوثن فلا تكره في البيت ، والمراد بالصغيرة التي لا تبدو للناظر على بعد ، كذا في فتح القدير ...... وفي الخلاصة : رجل صلى ومعه دراهم وفيها تماثيل ملك لا بأس به لصغرها . (۲/۵۰ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن قتادة ، عن عكرمة ، عن ابن عباس قال : " لعن رسول الله ﷺ المتشبّهين من الرجال بالنساء ، والمتشبّهات من النساء بالرجال " .
(۲/۸۷۴ ، كتاب اللباس)

ما في " فتح الباري " : قال الطبري : المعنى لا يجوز للرجال التشبّه بالنساء في اللباس والزينة التي تختصّ بالنساء ولا العكس .... وقال ابن التين : المراد باللعن في هذا الحديث : من تشبّه من الرجال بالنساء في الزيّ ، ومن تشبه من النساء بالرجال=

بیوٹی سپاٹ (Beauty Spat)

مسئله (۱۸۳): اگر بیوٹی سپاٹ جسم کو گُدا کر کیا جائے، مثلاً پہلے سوئی وغیرہ سے جسم کو گود کر رنگ بھرا جائے، تو یہ ناجائز اور سخت حرام ہے، اس لیے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ لعنت کرے گودنے والی اور گُدوانے والی پر''(۱)۔ اور اگر یہی عمل نظرِ بد سے بچنے کے لیے کیا جائے، تب بھی ناجائز ہے، لیکن اگر جسم کو گودے بغیر سیاہ نقطہ وغیرہ چہرے پر لگایا جائے، تو اس کی گنجائش ہوسکتی ہے (۲)، اس لیے کہ یہ تغییر فی خلق اللہ میں داخل نہیں ہے۔

= كـذلك .... وقال الشيخ أبو محمد بن أبي جمرة : نفع الله به ما ملخصه : ظاهـر اللفظ الزّجر عن التشبّه في كل شيء ، لكن عرف من الأدلة الأخرى أن المراد التشبّه في الزيّ ، وبعض الصفات والحركات ونحوها ، لا التشبه في أمور الخير .
(۱۰/۴۰۹ ، رقم الحديث : ۵۸۸۵)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ذهب جمهور الفقهاء إلى تحريم تشبّه النساء بالرجال والرجال بالنساء .... والتشبّه يكون في اللباس والحركات والسكنات ، والتصنّع بالأعضاء والأصوات . (۱۲/۱۱/۱۲)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولا بأس بأخذ الحاجبين وشعر وجهه ما لم يتشبّه بالمخنث . (۵/۳۵۸) (فتاویٰ محمودیہ:۱۹/۳۳۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن عبد الله بن مسعود قال : " لعن الله الواشمات والمستوشمات، والمتنمّصات ، والمتفلّجات للحسن ، المغيرات خلق الله تعالى " .
(ص/۲/۱۰۷۲ ، رقم الحديث : ۵۹۴۸ ، كتاب اللباس)

ما في " عمدة القاري شرح البخاري " : الواشمات جمع واشمة من الوشم وهو غرز

....

....

....

....

إبرة أو مسلة ونحوهما ، في ظهر الكف أو المعصم أو الشفة ، وغير ذلک من بدن المرأة ، حتى يسيل منه الدم، ثم يحشى ذلک الموضع بكحل أو نورة أو نيلة ، ففاعل هذا واشم وواشمة والمفعول بها موشومة، فإن طلبت فعل ذلک فهي مستوشمة ، وهو حرام على الفاعل والمفعول بها باختيارها .... سواء في هذا كله الرجل والمرأة ، المغيرات خلق الله ، لأن ذلک كله تغيير لخلق الله تعالى .

(۱۹/۳۲۵ ، كتاب تفسير القرآن ، سورة الحشر)

ما في " مرقاة المفاتيح " : واشمة : إسم فاعل من الوشم ، وهو غرز الإبرة أو نحوها في الجلد ، حتى يسيل الدم ، ثم حشوه بالكحل أو النبل أو النورة فيخضر ، (والمستوشمة) أي من أمر بذلک . قال النووي : وهو حرام على الفاعلة والمفعول بها .

(۸/۲۸۰ ، كتاب اللباس)

ما في " رد المحتار " : والواشمة التي تشم في الوجه والذراع ، وهو أن تغرز الجلد بإبرة ثم يحشى بكحل أو نيل فيزرق ، والمستوشمة التي يفعل بها ذلک بطلبها .

(۹/۴۵۴ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في النظر واللمس)

(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " العين حقٌّ ، ونهى عن الوشم " . (ص/۱۰۷۲ ، رقم الحديث : ۵۹۴۴ ، باب الواشمة)

عورتوں کا بال کٹوانا

مسئلہ (۱۸۴): بال عورتوں کی زینت ہیں، انہیں بلا عذر شرعی کاٹنا جائز نہیں، اس لیے اس سے احتراز لازم ہے، البتہ اگر کسی عورت کے بالوں میں کوئی ایسی بیماری لگ گئی ہو کہ اس سے سِرے ٹوٹ کر شاخ دار ہو جاتے ہوں، تو ایسے بالوں کے شاخدار کنارے کاٹ دینے کی شرعاً گنجائش ہے، مگر بہتر یہ ہے کہ یہ عمل بھی کسی ایسے معالج کے مشورے سے ہو، جو بالوں کی بیماری اور اس کے علاج میں مہارت اور تجربہ رکھتا ہو۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : قطعت شعر رأسها أثمت ولعنت . زاد في البزازية : وإن بإذن الزوج ، لأنه لا طاعة لمخلوق في معصية الخالق .... والمعنى المؤثر التشبه بالرجال . اهـ .

(۹/۵۸۳ ، ۵۸۴ ، كتاب الحظر والإباحة ، باب الاستبراء وغيره)

ما في " الهندية " : ولو حلقت المرأة رأسها فإن فعلت لوجع أصابها لا بأس به ، وإن فعلت ذلك تشبها بالرجال فهو مكروه . كذا في الكبرى . (۵/۳۵۸ ، كتاب الكراهية ، الباب التاسع عشر في الختان والخصاء وقلم الأظفار وقص الشارب الخ)

(فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۳۱۶۰)

مونچھیں بڑی بڑی رکھنا

مسئلہ (۱۸۵): مونچھیں اتنی بڑھانا کہ پانی یا کوئی دوسری مشروب چیز پیتے وقت، اس کے بال پانی وغیرہ میں لگیں، شرعاً جائز نہیں، اسی طرح مونچھوں کے دائیں بائیں والے کنارے اور نوکیں بڑھانا غیروں کے ساتھ تشبہ کی وجہ سے مکروہ ہے۔[1]

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " صحیح البخاري " : عن نافع ، عن ابن عمر ، عن النبي ﷺ قال : "خالفوا المشرکین ، وفّروا اللحی وأحفوا الشوارب .... الحدیث " .

(۸۷۵/۲ ، کتاب اللباس ، باب تقلیم الأظفار ، قدیمي)

ما في " جامع الترمذي " : عن نافع ، عن ابن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " أحفوا الشوارب وأعفوا اللحی " . قال أبو عیسی : هذا حدیث صحیح .... وفیه أیضاً : عن ابن عمر : " أن رسول الله ﷺ أمَرَنا بإحفاء الشوارب وإعفاء اللحی " .

(۵۲۰/۳ ، ۵۲۱ ، رقم الحدیث : ۲۷۶۳ ، ۲۷۶۴ ، باب ما جاء في إعفاء اللحیة)

ما في " المعجم الأوسط للطبراني " : عن ابن عمر قال : ذکر لرسول الله ﷺ المجوس ، فقال : " إنهم یوفرون سبالهم ، ویحلقون لحاهم ، فخالفوهم " .

(۴۴۲/۱ ، رقم الحدیث : ۱۶۲۲ ، بیروت)

ما في " شعب الإیمان للبیهقي " : عن أبي هریرة ، أن رسول الله ﷺ قال : " جزّوا الشوارب وأرخوا اللُّحیٰ ، وخالفوا المجوس " .

(۲۱۹/۵ ، رقم الحدیث : ۶۴۳۲ ، باب في الملابس والأواني ، فصل في الأخذ من اللحیة والشارب ، السنن الکبری للبیهقي : ۲۳۳/۱ ، رقم الحدیث : ۶۹۰)

ما في " شعب الإیمان للبیهقي " : " خالفوا المشرکین وفروا اللحی واحفوا الشوارب" . (۲۲۰/۵ ، رقم الحدیث : ۶۴۳۳ ، السنن الکبری للبیهقي : ۲۳۲/۱ ، رقم الحدیث : ۶۸۹)

ما في " رد المحتار " : وقال الطحاوي : القصّ حسنٌ ، والحلق أحسنُ .... وأما طرفا الشارب وهما السبالان ..... وقیل : یکره لما فیه من التشبّه بالأعاجم وأهل الکتاب ، وهذا أولی بالصواب .

(۵۸۰/۳ / ۵۸۱ ، کتاب الحج ، باب الجنایات ، بیروت) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۳۸۱۸۲)

بچوں کو ریشمی کپڑا پہنانا

مسئلہ (۱۸۶): بعض عورتیں اپنے بچوں کو ریشم کا کپڑا پہناتی ہیں، اور کہتی ہیں کہ یہ ابھی بچہ ہے، ان کا یہ عمل درست نہیں ہے، کیوں کہ مردوں کے لیے ریشم اور سونے کا استعمال حرام ہے، نبی کریم ﷺ نے ان دونوں چیزوں کے بارے میں فرمایا: ''یہ دونوں چیزیں میری امت کے مردوں کے لیے حرام ہیں''[۱]، آپ کا یہ ارشاد چوں کہ عام ہے، اس لیے حضراتِ فقہاء کرام رحمہم اللہ فرماتے ہیں کہ جس طرح ان چیزوں کا استعمال بالغ مردوں کے لیے حرام ہے، اسی طرح نابالغوں کے لیے بھی اس کی ممانعت ہے[۲]، اس کے باوجود اگر نابالغ

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " السنن لأبي داود " : عن عبد الله بن زُرير - يعني الغافقي - أنه سمع علي بن أبي طالب يقول : إن نبي الله أخذ حريرًا فجعله في يمينه ، وأخذ ذهباً فجعله في شماله ، ثم قال : " إن هذين حرامٌ على ذكور أمتي " . (ص/ ۵۶۱ ، كتاب اللباس ، باب في الحرير للنساء ، رقم الحديث : ۴۰۵۷ ، قديمي)

(۲) ما في " الفتاوى الهندية " : وما يكره للرجال لبسه يكره للغلمان والصبيان ، لأن النص حرّم الذهب والحرير على ذكور أمته بلا قيد البلوغ والحريّة .

(۵/ ۳۳۱ ، كتاب الكراهية ، الباب التاسع في اللبس وما يكره من ذلك)

ما في " البحر الرائق " : وكره إلباس ذهب وحرير صبياً ، لأن التحريم لما ثبت في حق الذكور حرم اللبس حرم الإلباس ، كالخمر لما حرم شربها حرم سقيها للصبي .

(۸/ ۳۵۰ ، كتاب الكراهية ، بيروت)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : وكره إلباس الصبي ذهباً أو حريرًا ، فإن ما حرّم لبسه وشربه حرّم إلباسه وإشرابه . الدر المختار . قال الشامي : قوله : (كره) لأن النص حرّم الذهب والحرير على ذكور الأمة بلا قيد البلوغ والحريّة .

(۹/ ۵۲۲ ، كتاب الحظر والإباحة ، بيروت)

بچہ کو اس کے ذمہ دار اِن چیزوں کا استعمال کرائیں، تو وہی گنہگار ہوں گے، کیوں کہ ان کا فرض تھا کہ ان چیزوں سے بچوں کی حفاظت کریں۔ (۱)

فیشن کے طور پر لمبے ناخن رکھنا

مسئلہ (۱۸۷): آج کل فیشن کے طور پر بڑے بڑے ناخن ناخن رکھنے کا رواج بڑھتا جارہا ہے، جب کہ شریعتِ مقدسہ نے ناخن کاٹنے کو امورِ فطرت میں شمار کیا ہے، اور اس کے لیے دن بھی مقرر کیے ہیں، یعنی ہفتہ میں ایک بار کاٹنا مستحب، پندرہ دنوں کے بعد جائز، اور چالیس دن سے زیادہ تاخیر کرنا مکروہ ہے، جس کی وجہ سے انسان گناہ میں مبتلا ہوجاتا ہے، اس لیے فیشن کے طور پر لمبے ناخن رکھنا مکروہ ہے۔ (۲)

---

(۱) ما في " الفتاوی الهندية " : والإثم علی من ألبسهم لأنا أمرنا بحفظهم . كذا في التمرتاشي . (۵/ ۳۳۱ ، الباب التاسع في اللبس ما يكره من ذلک ، رد المحتار : ۵۲۲/۹ ، کتاب الحظر والإباحة)

الحجة علی ما قلنا :

(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن ابن عمر رضی الله عنهما ، أن رسول الله ﷺ قال : " من الفطرة حلق العانة ، وتقليم الأظفار ، وقصّ الشارب " .

(۸۷۵/۲ ، کتاب اللباس ، باب تقليم الأظفار ، رقم الحديث : ۵۸۹۰)

ما في " السنن الكبری للبيهقي " : عن نافع : " أن عبد الله بن عمر كان يقلم أظفاره ، ويقص شاربه في كل جمعة " . وروينا عن أبي جعفر مرسلا قال : " كان رسول الله ﷺ يستحب أن يأخذ من شاربه وأظفاره يوم الجمعة " . (۳۴۶/۳ ، کتاب الجمعة ، باب السنة في التنظيف يوم الجمعة يغسل واخذ شعر وظفر الخ ، رقم الحديث : ۵۹۶۴)=

....

....

....

....

= ما في " الصحيح لمسلم " : عن أنس بن مالک قال : قال أنس : " وُقّت لنا في قصّ الشارب وتقليم الأظفار ونتف الإبط ، وحلق العانة أن لا نترک أكثر من أربعين ليلة " .
(۱/۱۲۹ ، كتاب الطهارة ، باب خصال الفطرة ، رقم الحديث : ۲۵۸)
ما في " تنوير الأبصار مع الدر والرد " : ويستحب قلم أظافيره يوم الجمعة .... والأفضل يوم الجمعة، وجاز في كل خمسة عشر ، وكره تركه وراء الأربعين . تنوير مع الدر . قال الشامي : قوله : (وكره تركه) أي تحريماً لقول المجتبى ، ولا عذر فيما وراء الأربعين ويستحق الوعيد .
(۹/۵۹۵ – ۵۹۷ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في البيع ، ط : دار الكتاب ديوبند)
ما في " الفتاوى الهندية " : الأفضل أن يقلم أظفاره ويحفى شاربه ويحلق عانته وينظف بدنه بالاغتسال في كل أسبوع مرة ، فإن لم يفعل ففي كل خمسة عشر يومًا ، ولا يعذر في تركه وراء الأربعين ، فالأسبوع هو الأفضل ، والخمسة عشر الأوسط ، والأربعون الأبعد ، ولا عذر فيما وراء الأربعين ويستحق الوعيد . كذا في القنية .
(۵/۳۵۷ ، ۳۵۸ ، كتاب الكراهية ، الباب التاسع عشر في الختان والخصاء وقلم الأظفار الخ ، كذا في مرقاة المفاتيح : ۸/۲۷۴ ، ۲۷۵ ، كتاب اللباس ، باب الترجل)
(فتاویٰ حقانیہ:۲/۴۲۰)

ایمو کلچر اور اسلامی تہذیب وثقافت

مسئلہ (۱۸۸): خواتین کا مردوں کی طرح چال ڈھال اور لباس اپنانا، اسی طرح مردوں کا خواتین کے مشابہ رہن سہن اختیار کرنا، جسے دورِ حاضر میں ''ایمو کلچر'' کے نام سے نہ صرف متعارف کرایا جارہا ہے، بلکہ اسلام دشمن طاقتیں پوری منصوبہ بندی کے ساتھ اِسے فروغ دینے کے لیے سرگرم وکوشاں ہیں، جب کہ ایمو کلچر اسلامی تہذیب وثقافت کے خلاف ہے، اس لیے کہ سرکارِ دو عالم ﷺ نے مردوں کو عورتوں کی اور عورتوں کو مردوں کی مشابہت اختیار کرنے سے منع فرمایا ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' صحيح البخاري '' : عن ابن عباس قال : '' لعن رسول الله ﷺ المتشبهات بالرجال من النساء والمتشبهين بالنساء من الرجال '' .

(۲/۸۷۴ ، باب المتشبهون بالنساء والمتشبهات بالرجال)

ما في '' تفسير الطبري '' : لا يجوز للرجال التشبه بالنساء في اللباس والزينة تختص بالنساء ، ولا العكس . (۱۰/۴۰۹ ، باب المتشبهون بالنساء والمتشبهات بالرجال ، تحفة الأحوذي : ۸/۷۲) (فتاویٰ محمودیہ: ۱۹/۳۱۶)

فصل في النظر والمسّ

(نظر ومس کے احکام)

مخلوط محفل اور پروگرام میں مرد وخواتین کی شرکت

مسئله(۱۸۹): آج کل دعوتوں ، مخلوط محفلوں اور طنز ومزاح کے پروگراموں میں مرد خواتین ، نوجوان لڑکے ، لڑکیاں ، اور کمسن بچے بچیاں ، زور دار ، گرجدار اور حد سے زیادہ بلند آواز میں قہقہے لگاتے ہیں ، دورانِ قہقہہ مصافحہ بھی کرتے ہیں ، نیز نوجوان لڑکے اور لڑکیاں ایک دوسرے کی ہتھیلیوں کو پکڑتے بھی ہیں ، جب کہ شرعاً مخلوط محفلوں کا انعقاد جائز نہیں ہے (۱) ، اسی طرح مردوں کے ساتھ عورتوں کا بلند آواز میں قہقہہ لگانا ، اور دورانِ قہقہہ اجنبی مردوں سے مصافحہ کرنا بھی قطعاً ناجائز وحرام ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآيها النبي قل لأزواجك وبنٰتك ونسآء المؤمنين يدنين عليهنّ من جلابيبهنّ﴾ . (سورة الأحزاب : ۵۹)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : قال أبو بكر : هذه الآية دلالة على أن المرأة الشابة مأمورة بستر وجهها عن الأجنبيين ، وإظهار الستر والعفاف عند الخروج ، لئلا يطمع أهل الريب فيهنّ . (۳/۴۸۶)

ما في " السنن لأبي داود " : عن حمزة بن أبي أسيد الأنصاري رضي الله تعالى عنه ، عن أبيه أنه سمع رسول الله ﷺ يقول ، وهو خارج من المسجد ، فاختلط الرجال مع النساء في الطريق ، فقال رسول الله ﷺ للنساء : " استأخرن ، فإنه ليس لكنّ أن تحققن الطريق ، عليكنّ بحافات الطريق ، فكانت المرأة تلصق بالجدار ، حتى أن ثوبها ليتعلق بالجدار من لصوقها به " .

(ص/۷۱۴ ، ۷۱۵ ، كتاب الأدب ، باب في مشي النساء مع الرجال في الطريق ، قديمي)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وتمنع المرأة الشابة من كشف الوجه بين=

عورت کا نابالغ محرم کے ساتھ سفر

مسئلہ (۱۹۰): اسلام نے شرعی مسافتِ سفر تک کے، سفر کے لیے عورت کے ساتھ کسی محرم کے ہونے کو ضروری قرار دیا ہے، لیکن محرم سے مراد ایسا رشتہ دار محرم ہے، جو عاقل و بالغ ہو، اور حفاظت کرنے پر قادر ہو، چنانچہ اگر سفر میں عورت کے ساتھ صرف نابالغ محرم ہو، تو یہ سفر کے جائز ہونے کے لیے کافی نہیں، اور عورت کا اس طرح نکلنا درست نہیں ہوگا۔ (۱)

= الرجال، لا لأنه عورة ، بل لخوف الفتنة . (۲/۷۹ ، باب شروط الصلاة)

ما في " الفتاوى الهندية " : حلّ لمسه إذا أمن الشهوة على نفسه ...... إلا من أجنبية ، فلا يحل مسّ وجهها وكفها وإن أمن الشهوة ، لأنه أغلظ .

(۵/۳۲۹ ، كتاب الكراهية ، باب فيما يحلّ للرجل النظر)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " اتحاف أولي الألباب بحقوق الطفل وأحكامه " : يشترط في المحرم أن يكون بالغًا ذا قدرةٍ على حفظ وصيانة من هو محرم لها ، وقد سئل الشيخ صالح الفوزان عن الرجل يسمح لزوجته بالسفر بالطائرة مع طفلها الصغير ؟ ولا يسافر معها هو بحجة أنه مشغول ولا يسمح عمله بذلك فما رأيكم ؟ فأجاب : لا يجوز للمرأة أن تسافر بدون محرم لا في الطائرة ولا في غيرها لعموم قوله ﷺ : "لا يحل لامرأة تؤمن بالله أن تسافر مسيرة يوم وليلة " وفي رواية أخرى : " مسيرة يومين إلا مع ذي محرم " والمحرم هو الرجل البالغ الذي يحرم عليه نكاحها على التأبيد بنسب أو بسبب مباح وغير البالغ والطفل لا يكفى محرمًا . (ص/۷۳/۴)

ما في " بدائع الصنائع " : وقالوا في الصبي الذي لم يحتلم والمجنون الذي لم يفق إنهما ليسا بمحرمين في السفر . (۳/۵۶ ، كتاب الحج ، فصل في شرائط فرضيته ، البحر الرائق : ۲/۵۵۲ ، كتاب الحج ، الفتاوى الهندية : ۵/۳۶۶)

فصل في الأكل والشرب

(کھانے پینے کی چیزوں کے احکام)

گرم کھانے پر پھونک مار کر کھانا

مسئلہ (۱۹۱): بعض لوگوں کی عادت یہ ہوتی ہے کہ جب ان کے سامنے گرم گرم کھانا لایا جاتا ہے، تو وہ اس پر پھونک مار مار کر جلدی کھانے کی کوشش کرتے ہیں، ان کا یہ عمل خلافِ ادب ہے [۱]، ذرا صبر کرنا چاہیے، تاکہ کھانا زیادہ گرم نہ رہے، اور سہولت سے کھایا جاسکے، کیوں کہ آپ ﷺ نے کھانے کو ٹھنڈا کر کے کھانے کا حکم فرمایا ہے۔ [۲]

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " الحديث النبوي " : عن أبي هريرة أن النبي ﷺ : " نهى عن النفخ في الطعام والشراب".

(مجمع الزوائد : ٨/٥ ، كتاب الأطعمة ، باب النهي عن النفخ في الطعام والشراب)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولا يؤكل طعام حار ولا يشم ولا ينفخ في الطعام والشراب. (٣٣٦/٥ ، كتاب الكراهية ، الباب الحادي عشر في الكراهية في الأكل ، خلاصة الفتاوى : ٣٦٠/٤ ، كتاب الكراهية ، الفصل الخامس في الأكل)

(٢) ما في " الحديث النبوي " : عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " أبردوا بالطعام ، فإن الطعام الحار غير ذي بركة " .

(مجمع الزوائد : ٨/٥ ، كتاب الأطعمة ، باب الطعام الحار ، رقم الحديث : ٧٨٨٧)

وما فيه أيضاً : عن أبي هريرة أن النبي ﷺ أتى بصحفة تفور ، فأسرع يده فيها ، ثم رفع يده فقال : " إن الله عزّ وجلّ لم يُطعمنا ناراً " .

(٨/٥ ، كتاب الأطعمة ، باب الطعام الحار) (فتاویٰ محمودیہ: ۹۰/۱۸)

بیمار مرغی، بکری یا گائے ذبح کرنا

مسئلہ (۱۹۲): کبھی کوئی مرغی، بکری یا گائے بیمار ہوتی ہے، تو ان کے مالک یہ سوچ کر کہ اگر اس کو یوں ہی چھوڑ دیا جاتا ہے، تو وہ مرجائے گی، اور کسی کے منہ میں بھی نہ جاسکے گی، اس لیے اس کو ذبح کردیتے ہیں، اس سلسلے میں یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ اس طرح کے جانور کو ذبح کرتے وقت، اگر اتنا خون بہا جو صحت مند مرغی، بکری یا گائے کا بہتا ہے، یا بوقتِ ذبح اس نے حرکت کی، تو وہ حلال ہے، اور اگر اتنا خون نہیں بہا، یا اس نے کوئی حرکت نہیں کی تو اس کا کھانا جائز نہیں ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(ا) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : ذبح شاة مريضة فتحركت أو خرج الدم حلت ، وإلا لا ، إن لم تدر حياته عند الذبح . الدر المختار . قال الشامي : قال في البزازية : وفي شرح الطحاوي : خروج الدم لا يدل على الحياة ، إلا إذا كان يخرج كما يخرج من الحي عند الإمام ، وهو ظاهر الرواية . (۹/۴۴۷ ، كتاب الذبائح)

ما في " الفتاوى الهندية " : وإن ذبح شاة أو بقرة فخرج منها دم ولم تتحرك وخروجه مثل ما يخرج من الحي أكلت عند أبي حنيفة رحمه الله تعالى ، وبه نأخذ .
(۵/۲۸۶ ، كتاب الذبائح)

ما في " البزازية على هامش الهندية " : إن تحرك بعد الذبح وخرج دم مسفوح يحل ، وإن تحرك ولم يخرج أو بعكسه يحل أيضاً ، وإن عدمتا لا يحل .
(۶/۳۰۵ ، كتاب الذبائح) (فتاویٰ محمودیہ:۲۶/۲۰۷،مکتبہ محمودیہ میرٹھ)

پیکٹ کا گوشت

مسئلہ (۱۹۳): آج کل بڑے بڑے اسٹورس (Stores) میں کھانے کی خشک پیکٹس (Packets) مثلاً چکن سُوپ وغیرہ فروخت ہورہے ہیں، ان پر کوئی حلال کی نشانی نہیں ہوتی، ایسا کھانا عام طور پر یورپین ممالک سے اِمپورٹ (Import) کیا جاتا ہے، اسٹور مالکوں کو حلال وحرام سے کوئی سروکار نہیں ہوتا، ان کے پیش نظر محض اپنا نفع ہوتا ہے، اس لیے جب تک یہ اطمینان نہ ہوجائے کہ اس کو اسلامی طریقے سے ذبح کیا گیا، اور ذبح کے بعد بھی حرام گوشت کے ساتھ اس کی آمیزش نہیں کی گئی، تو اس وقت تک اس کے استعمال سے احتراز کرنا چاہیے۔[۱]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : ولا يقبل قول الكافرين في الديانات إلا إذا كان قبول قول الكافر في المعاملات يتضمن قبوله في الديانات ، فحينئذ تدخل الديانات في ضمن المعاملات ، فيقبل قوله فيها ضرورة . هكذا في التبيين .

(۳۰۸/۵ ، كتاب الكراهية ، الباب الأول في العمل بخبر الواحد .. الخ ، الفصل الأول في الأخبار عن أمر ديني. الخ ، تبيين الحقائق : ۲۷/۷ ، كتاب الكراهية ، بيروت ، البحر الرائق : ۳۴۲/۸ ، كتاب الكراهية ، بيروت) (فتاوی بنوریہ، رقم الفتوی:۱۲۶۸۰)

غیر مسلموں کا دیا گیا پرساد

مسئلہ (۱۹۴): غیر مسلم اپنی دیوی دیوتاؤں کو خوش کرنے کی غرض سے ان کے لیے ناریل، مٹھائیاں وغیرہ لا کران پر چڑھاتے ہیں، جسے بعد میں مندروں کے پجاری تبرکاً سب زائرین میں تقسیم کرتے ہیں، اسے وہ لوگ ''پرساد'' کہتے ہیں، جب کہ شریعتِ مطہرہ ہر ایسی چیز سے بچنے کا حکم دیتی ہے جو غیر اللہ کے نام پر قربان کی گئی ہو، یا اس سے غیر اللہ کی خوشنودی مقصود ہو، لہٰذا کسی کو خوش کرنے کے لیے، یا ہندوؤں کی دیکھا دیکھی مسلمانوں کے لیے ایسی چیزوں کے استعمال سے احتراز لازم ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿حرّمت عليكم الميتة والدم ولحم الخنزير وما أهل لغير الله به﴾. (سورة المائدة : ۳)

ما في " التفسير الكبير للرازي " : الرابع : ما أهل لغير الله به ، والإهلال : رفع الصوت .... وكانوا يقولون عند الذبح بإسم اللّات والعزّى ، فحرّم الله تعالى ذلك . (۲۸۳/۴ ، بيان القرآن : ۱۰۸/۱ ، سورة البقرة : ۱۷۳ ، ط : اداره تاليفات اشرفيه چوک فواره ملتان پاکستان) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۰۱٦۰)

اسٹیل کے برتنوں میں کھانا

مسئلہ (۱۹۵): بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ اسٹیل کے برتن میں کھانا پینا مکروہ ہے، کیوں کہ وہ لوہا ہے، ان کی یہ بات صحیح نہیں ہے، کیوں کہ حضرات فقہاء کرام نے تانبے اور پیتل کے برتنوں میں کھانے کو مکروہ لکھا ہے، اس کی علت یہ بیان فرمائی کہ اس کا زنگ کھانے میں شامل ہوجاتا ہے، جو صحت کے لیے مضر ہے، لیکن قلعی کرنے کے بعد ان کا استعمال بھی جائز ہے، رہے اسٹیل کے برتن تو ان میں یہ علت نہیں پائی جاتی، اس لیے ان کا استعمال بلا کراہت درست ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : ويكره الأكل في نحاس أو صفر والأفضل الخزف . الدر المختار . قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالى : ثم قيد النحاس بالغير المطلى بالرصاص ، وهكذا قال بعض من كتب على هذا الكتاب ، أي قبل طليه بالقزدير والشب ، لأنه يدخل الصدأ في الطعام فيورث ضررًا عظيمًا ، وأما بعده فلا ..... وفي الجوهرة : وأما الآنية من غير الفضة والذهب فلا بأس بالأكل والشرب فيها ، والانتفاع بها كالحديد والصفر والنحاس والرصاص والخشب والطين . فتنبه .

(۹/۷ ۴۱ ، كتاب الحظر والإباحة) (احسن الفتاویٰ:۸/۱۲۰)

کھڑے ہوکر پانی پینا

مسئلہ (۱۹۶): بعض لوگ سڑکوں پر لگی ہوئی سبیل یا مسجد میں رکھے ہوئے کولر وغیرہ کا پانی کھڑے ہوکر پیتے ہیں، اُن کا یہ عمل مکروہِ تنزیہی ہے، کیوں کہ پانی بیٹھ کر پینا چاہیے، ہاں! اگر ازدحام اور بھیڑ کی وجہ سے بیٹھنے کی جگہ نہ ہو، یا کیچڑ کی وجہ سے کپڑے خراب ہونے کا اندیشہ ہو، یا اسی قسم کا اور کوئی عذر ہو، تو کھڑے ہوکر پینا بلا کراہت جائز ہوگا۔(۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " الصحیح لمسلم " : عن قتادة ، عن أنس : " ان النبي ﷺ زجر عن الشرب قائمًا " . وعن قتادة ، عن أنس ، عن النبي ﷺ أنه نهی أن یشرب الرجل قائمًا ، قال قتادة : فقلنا : فالأکل ؟ فقال : " ذلک أشرّ أو أخبث " .

(۲/۱۷۳ ، کتاب الأشربة ، باب في الشرب قائمًا ، قدیمي)

وفیه أیضًا : عن أبي غطفان المرّي أنه سمع أبا هریرة یقول : قال رسول الله ﷺ : " لا یشربنّ أحدٌ منکم قائمًا ، فمن نسي فلیستقیء " .

(۲/۱۷۳ ، کتاب الأشربة ، باب في الشرب قائمًا ، قدیمي)

ما في " صحیح البخاري " : عن عبد الملک بن میسرة ، عن النزّال قال : أتی عليٌّ علی باب الرحبة فشرب قائمًا فقال : " انّ ناسًا یکره أحدهم أن یشرب وهو قائم ، واني رأیت النبي ﷺ فعل کما رأیتموني فعلتُ " .

(۲/۸۴۰ ، کتاب الأشربة ، باب الشرب قائمًا ، قدیمي)

ما في " عمدة القاري " : (ذکر العلامة بدر الدین أبي محمد محمود بن أحمد العیني أحادیث الجواز والمنع وقال " مرتب ") ثم کیفیة الجمع بینهما علی أقوال : أحدها : أن النهي محمول علی التنزیه لا علی التحریم ، وهو الذي صار إلیه الأئمة الجامعون بین الحدیث والفقه کالخطابي وأبي محمد البغوي وأبي عبد الله المازري ، والقاضي عیاض وأبي العباس القرطبي ، وأبي زکریا النووي رحمهم الله تعالی .... =

= وقال النووي في (شرح مسلم) : الصواب أن النهي محمول على كراهة التنزيه ، وأما شربه ﷺ قائمًا فبيانه للجواز فلا إشكال ولا تعارض ، قال : وهذا الذي ذكرناه يتعين المصير إليه ، قال : وأما من زعم نسخاً أو غيره فقد غلط غلطًا فاحشًا ، وكيف يصار إلى النسخ مع إمكان الجمع لو ثبت التاريخ؟ وأنّى له بذلك ؟ والله أعلم .

(۲۸۷/۲۱ ، رقم الحديث : ۵۲۱۵ ، مكتبه رشيديه كوئٹه)

ما في " جامع الترمذي " : عن الجارود بن العلاء : " أن النبي ﷺ نهى عن الشرب قائمًا " . (۱۰/۲ ، كتاب الأشربة ، باب ما جاء في النهي عن الشرب قائمًا ، قديمي)

وفيه أيضًا : عن ابن عمر قال : " كنا نأكل على عهد رسول الله ﷺ ونحن نمشي ونشرب ونحن قيامٌ " . ... عن عمرو بن شعيب ، عن أبيه ، عن جده قال : " رأيت رسول الله ﷺ يشرب قائمًا وقاعدًا " . هذا حديث حسن صحيح .

(۱۰/۲ ، كتاب الأشربة ، باب ما جاء في الرخصة في الشرب قائمًا ، قديمي)

ما في " التنوير مع الدر والرد " : وأن يشرب بعده من فضل وضوئه مستقبل القبلة قائمًا أو قاعدًا ، وفيما عداهما يكره قائمًا تنزيهًا . تنوير مع الدر . قال الشامي رحمه الله : فلذا اختلف العلماء في الجمع، فقيل إن النهي ناسخًا للفعل وقيل بالعكس ، وقيل إن النهي للتنزيه ، والفعل لبيان الجواز ، وقال النووي : إنه الصواب ، واعترضه في الحلية بحديث عليّ المار حيث أنكر على القائلين بالكراهة ... قال : وجنح الطحاوي إلى أنه لا بأس به ، وأن النهي لخوف الضرر لا غير ، كما روى عن الشعبي قال : إنما كره الشرب قائمًا لأنه يؤذي ، قال في الحلية : فالكراهة على ما صوّبه النووي شرعية يثاب على تركها ، وعلى هذا إرشادية لا يثاب على تركها ..... وفي الجامع الصغير للسيوطي : " نهى عن الشرب قائمًا والأكل قائمًا " . ولعل النهي لأمر طبي أيضًا كما مر في الشرب .

(۲۵۳/۱ – ۲۵۵ ، كتاب الطهارة ، مطلب في مباحث الشرب قائمًا ، بيروت)

ما في " حلبي كبير " : وأجمع العلماء على أن هذه الكراهة تنزيهة لأنها لأمر طبي لا لأمر ديني ، وفي الفتاوى العتابية : ولا بأس بالشرب قائمًا ولا يشرب ماشيًا ، ورخص للمسافر . انتهى . (ص/۳۶ ، آداب الوضوء ، مطلب نهى عن الشرب قائمًا)

(احسن الفتاوی:۱۱۳/۸)

مہمان کی خاطر ضیافت میں تکلف

مسئلہ (۱۹۷): بسا اوقات آدمی اپنی بِساط وطاقت سے زیادہ مہمان کے لیے ضیافت میں تکلف کرتا ہے، شرعاً اُس کا یہ عمل درست نہیں ہے، بلکہ جو کچھ موجود ہو اور بآسانی دستیاب ہو جائے، وہی مہمان کے سامنے حاضر کردے، جیسا کہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: "**نهانا رسول الله ﷺ أن نتكلّف للضّيف**"۔ "آپ ﷺ نے ہمیں مہمان کی خاطر (کھانے میں) تکلف کرنے سے منع فرمایا ہے"، اور ویسے بھی شریعت ہر چیز میں سادگی وبے تکلفی کو پسند کرتی ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل مآ أسئلكم عليه من أجر ومآ أنا من المتكلّفين﴾ .
(سورة صٓ : ۸٦)

ما في " الدر المنثور للسيوطي " : وأخرج أحمد وابن عدي والطبراني والحاكم وصححه البيهقي في شعب الإيمان ، عن شقيق رضي الله عنه قال : دخلت أنا وصاحب لي على سلمان رضي الله عنه، فقرب إلينا خبزًا وملحًا فقال : " لولا أن رسول الله ﷺ نهانا عن التكلّف لتكلّفتُ لكم " . الحديث . (۵/۲۰۰ ، الآية/۸٦ ، بيروت ، شعب الإيمان للبيهقي : ۷/۹۴ ، رقم الحديث : ۹۵۹۸ ، باب في إكرام الضيف ، بيروت ، المعجم الأوسط للطبراني : ۴/۲٦۴ ، رقم الحديث : ۵۹۳۵ ، بيروت)

ما في " شعب الإيمان للبيقهي " : عن سلمان قال : " نهانا رسول الله ﷺ أن نتكلّف للضيف " . (۷/۹۴ ، رقم الحديث : ۹٦۰۰)

وفيه أيضًا : " أمرنا رسول الله ﷺ أن لا نتكلّف للضيف ما ليس عندنا وأن نقدم ما حضر " . (۷/۹۴ ، رقم الحديث : ۹٦۰۱ ، الدر المنثور للسيوطي : ۵/۲۰۰)

کھانے کے بعد میزبان کے گھر دیر تک بیٹھے رہنا

مسئلہ (۱۹۸): کھانے کے بعد میزبان کے گھر دیر تک بیٹھے رہنا جائز نہیں ہے، اس سے میزبان کو تکلیف ہوتی ہے، اور وہ اخلاق ومروت کی وجہ سے جانے کے لیے کہنے سے حجاب محسوس کرتا ہے، ہاں! اگر کسی اہم کام کے لیے دیر تک بیٹھنے کی ضرورت ہو، یا میزبان کے ساتھ ایسا خصوصی تعلق ہو کہ اس کی ایذا وتکلیف کا باعث نہ ہو، تو دیر تک بیٹھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فإذا طعمتم فانتشروا ولا مستأنسين لحديث ، إن ذلكم كان يؤذي النبي فيستحي منكم ، والله لا يستحي من الحق﴾ .

(سورة الأحزاب : ۵۳)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : الخامسة : قوله تعالى : ﴿فإذا طعمتم فانتشروا﴾ أمر تعالى بعد الإطعام بأن يتفرق جميعهم وينشروا ، والمراد إلزام الخروج من المنزل عند انقضاء المقصود من الأكل ، والدليل على ذلك ان الدخول حرام ، وإنما جاز لأجل الأكل ، فإذا انقضى الأكل زال السبب المبيح وعاد التحريم إلى أصله ...... السابعة : قوله تعالى : ﴿ولا مستأنسين لحديث﴾ والمعنى المقصود : لا تمكثوا مستأنسين بالحديث كما فعل أصحاب رسول الله ﷺ في وليمة زينب . (۱۴/۲۲۶ - ۲۲۷)

ما في " روح المعاني " : فالنهي مخصوص بمن دخل بغير دعوة وجلس منتظرًا للطعام من غير حاجة ، فلا تفيد النهي عن الدخول بإذن لغير طعام ولا عن الجلوس واللبث بعد الطعام لمهم آخر . (۱۲/۱۰۸) (احسن الفتاویٰ:۸/۱۲۱)

شک سے یقین ختم نہیں ہوتا / اشیاء میں اصل اباحت ہے

مسئلہ (۱۹۹): بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ عام طور پر دودھ فروش پاکی ناپاکی کا اہتمام نہیں کرتے، اور یہ بات دیکھنے میں آتی ہے کہ تھنوں پر اور اس کے آس پاس جو پیشاب اور گوبر لگا رہتا ہے، اس کو وہ بہت تھوڑے پانی سے دھوتے ہیں، جس سے نجاست اور پھیل جاتی ہے، اور اس کے قطرے برتن میں ٹپکتے رہتے ہیں، جس سے دودھ ناپاک ہوجاتا ہے، اس لیے اس کا استعمال جائز نہیں ہونا چاہیے، اُن کی یہ بات درست نہیں ہے، کیوں کہ اصول یہ ہے کہ محض شک کی وجہ سے یقین زائل اور ختم نہیں ہوتا[1]، اور اشیاء میں اصل اباحت ہے، جب تک حرمت کا یقین نہ ہو[2]، اور اِن ہی دو اُصولوں کی بنیاد پر کثیر الاستعمال اشیاء مثلاً پانی، غلہ، دودھ اور پھل وغیرہ کے استعمال میں حضراتِ فقہاء کرام نے وسعت دی ہے، لہٰذا جب تک دودھ میں نجاست گرتے ہوئے، یا پیشاب کے قطرے پڑتے ہوئے نہ دیکھے جائیں، اس وقت تک دودھ کے ناپاک ہونے اور اس کے استعمال کے ممنوع ہونے کا حکم نہیں لگایا جائے گا۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم الحنفي " : " اليقين لا يزول بالشّكّ " .
(۱/ ۲۲۰ ، القاعدة الثالثة ، كذا في قواعد الفقه : ص/ ۵۹)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ان ما ثبت بيقين لا يرتفع بالشك ، وما ثبت بيقين لا يرتفع إلا بيقين . (۴۵/ ۲۸۹، يقين)

(۲) ما في " قواعد الفقه " : " الأصل في الأشياء الإباحة " .
(ص/ ۵۹ ، كذا في الأشباه والنظائر لإبن نجيم : ۱/ ۲۵۲ ، رقم التفريع : ۴۳۸ ، الموسوعة الفقهية : ۱/ ۱۳۰) (احسن الفتاویٰ: ۸/ ۱۰۷)

فصل في البيع

(خرید وفروخت کے احکام)

ڈائجسٹ اور تصویر والے رسائل کی خرید وفروخت

مسئله (۲۰۰): اسکول کی ایسی کتابیں جن میں تصاویر بنی ہوتی ہیں، یا ایسی ڈائجسٹ اور رسالے جن کے مضامین جھوٹ اور فحش گوئی وغیرہ سے پاک ہوں، ان کو محض مضمون نگاری سیکھنے یا معلومات کی غرض سے پڑھا جائے تو درست ہے، اور ایسی کتب ورسائل کی خرید وفروخت، اور ان سے حاصل ہونے والی آمدنی بھی حلال اور جائز ہے، تاہم ایسے رسائل اور کتابیں جن میں جھوٹی کہانیاں، من گھڑت باتیں اور اخلاق وحیا سوز مضامین ہوں، تو ان کا پڑھنا، اور خرید وفروخت کرنا سب ناجائز ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " البزازية على هامش الهندية " : وبيع آلات اللهو كالبربط والطبل والمزمار والدّف جائز في قول أبي حنيفة ، وقال صاحباه : لا يجوز ، وكذلک بيع آلات اللعب كالنرد والشطرنج . (۱۳۴/۲ ، كتاب البيوع ، فصل في البيع الباطل ، الفتاوى الهندية : ۴۴۹/۴ ، كتاب الإجارة ، الباب السادس عشر .. الخ)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (لا تصح الإجارة لعسب التيس) وهو نزوه على الإناث (و) لا (لأجل المعاصي مثل الغناء والنوع والملاهي) . الدر المختار . وفي الشامية : قوله : (والملاهي) كالمزامير والطبل . اهـ .

(۷۵/۹ ، كتاب الإجارة ، باب الإجارة الفاسدة ، مطلب في الاستئجار على المعاصي، بيروت ، المبسوط للسرخسي : ۳۷/۱۶ ، ۳۸ ، الاختيار لتعليل المختار : ۳۱۸/۲ ، البحر الرائق : ۳۲/۸ ، ۳۴ ، الفتاوى الولوالجية : ۳۳۳/۳ ، نصب الراية للزيلعي : ۳۳۱/۴)=

تصویر دار جالی بنا کر فروخت کرنا

مسئلہ (۲۰۱): بعض تاجر سیمنٹ یا لوہے کی تصویر دار جالی بنا کر بیچتے ہیں، جس میں ذی روح جانوروں یا پرندوں کی تصویر بنی ہوتی ہے، ایسی تصویر دار جالی کا فروخت کرنا جائز نہیں ہے[۱]، البتہ غیر ذی روح کی تصویر بنا کر بیچنے کی اجازت ہے۔[۲]

= ما في " مجمع البحرين " : وتجوز أجرة الحمام والحجّام ، لا عسب التيس ، ولاتجوز على المعاصي كالغناء والنوح . (ص/۳۸٦ ، كتاب الإجارة)

ما في " النتف في الفتاوى للسغدي " : قال : والإجارة الفاسدة على أحد عشر وجهاً : أحدها : الإجارة على المعاصي ، وهو .... أو يستأجر النائحة أو المغنية (لتنوح على ميته أو لتغني له) ولا أجرة على المعاصي لا المسماة ولا المثل .

(ص/۳۴۸ ، الإجارة الفاسدة) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۹۰۹۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : قال رسول الله ﷺ : " إن أشد الناس عذاباً عند الله المصورون" . (۲/۸۸۰ ، كتاب اللباس)

ما في " رد المحتار " : وظاهر كلام النووي في شرح مسلم : الإجماع على تحريم تصوير الحيوان، وقال : وسواء صنعه لما يمتهن أو لغيره ، فصنعته حرام بكل حال ، لأن فيه مضاهاة لخلق الله تعالى . (۲/۳٦۰ ، كتاب الصلاة ، باب مكروهات الصلاة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : يحرم تصوير ذوات الأرواح مطلقاً ، أي سواء أكان للصورة ظلّ أو لم يكن ، وهو مذهب الحنفية والشافعية والحنابلة . (۱۲/۱۰۳)

ما في " مرقاة المفاتيح " : قال أصحابنا وغيرهم من العلماء : تصوير صورة الحيوان حرام شديد التحريم ، وهو من الكبائر ، لأنه متوعداً عليه بهذا الوعيد الشديد المذكور في الأحاديث ، سواء صنعه في ثوب أو بساط أو درهم أو دينار أو غير ذلك .

(۸/۳۲۳ ، كتاب اللباس ، باب التصوير ، الفصل الأول ، البحر الرائق : ۲/۴۸ ، ۴۹)

(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : لا بأس بتصوير الأشياء التي يصنعها البشر كصورة المنزل والسيارة والسفينة وغير ذلك اتفاقاً ، لأن للإنسان أن يصنعها فكانت له أن يصوّرها . (۱۲/۹۷)=

ہاکرس''Hawkers''یعنی اخبار فروشوں کو ایک تنبیہ

مسئلہ(۲۰۲): بعض اردو عربی اَخباروں کے ہاکرس (گھوم پھر کر اخبار بیچنے والے) صبح سویرے، اپنے گاہکوں کے گھروں میں اخباروں کو پھینکتے ہوئے جاتے ہیں، جب کہ ان اخباروں میں قرآنی آیات اور احادیثِ مبارکہ بھی لکھی ہوتی ہیں، گرچہ یہ بات مسلم ہے کہ اخبارات کا وہ حکم نہیں ہے جو قرآن کریم، احادیث اور متبرک کلمات پر مشتمل کتابوں کا ہے، تاہم اخبارات میں بھی اسماء الٰہیہ اور قرآنی آیات کے تراجم اور احادیث ہوتی ہیں، اس لیے حتی الامکان ایسی صورت اختیار کرنی چاہیے، کہ اسماء الٰہیہ کی بے ادبی نہ ہو، اور اس کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ متعلق شخص کے مشورے سے ایک جگہ متعین کرلی جائے، جہاں ہاکرس اِن اخباروں کو رکھ کر چلے جایا کریں، اور بعد میں وہ حسبِ سہولت اٹھالیا کرے۔[1]

= ما في '' مرقاة المفاتیح '': وأما تصویر صورة الشجر والرجل والجبل وغیر ذلک، فلیس بحرام . (۸/۳۲۳ ، کتاب اللباس) (احسن الفتاویٰ:۸/ ۴۱۸-۴۳۹)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في '' الفتاوی الهندیة '' : ولو کتب القرآن علی الحیطان والجدران بعضهم قالوا : یُرجی أن یجوز ، وبعضهم کرهوا ذلک مخافة السقوط تحت أقدام الناس ، کذا في فتاوی قاضي خان . (۵/۳۲۳ ، کتاب الکراهیة ، الباب الخامس في آداب المسجد والقبلة .. الخ ، فتاوی قاضي خان : ۴/۳۷۸ ، کتاب الحظر والإباحة ، فصل في التسبیح والتسلیم .. الخ ، المکتبة الحقانیة بشاور)

ما في '' حاشیة الطحطاوي علی مراقي الفلاح '' : فروع : یکره کتابة قرآن أو اسم الله تعالی علی ما یفرش لما فیه من ترک التعظیم ، وکذا علی درهم وجدار لما یخاف من سقوط الکتابة . (ص/۱۴۸ ، کتاب الطهارة ، باب الحیض والنفاس والاستحاضة)

(فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۰۶۵۶)

کیلنڈروں پر قرآنی آیات چھپوانا

مسئلہ (۲۰۳): بعض تعلیمی ادارے، تجارتی کمپنیاں اور کتب فروش حضرات، سال کے آغاز میں اسلامی کیلنڈر شائع کرتے ہیں، اور ان کیلنڈروں پر جَلی حرفوں میں بڑی خوبصورتی کے ساتھ قرآنی آیات کو بھی چھپواتے ہیں، جو نہ صرف جائز بلکہ تبلیغِ دین کا بڑا ذریعہ بھی ہے، مگر اِن کیلنڈروں کا حال سب جانتے ہیں کہ جب ان کا استعمال باقی نہیں رہتا، تو وہ کوڑے کرکٹ، نالیوں اور گندگیوں میں پڑے نظر آتے ہیں، یا پھر چولھوں میں جلا دیئے جاتے ہیں، جب کہ یہ صورتِ حال یقیناً احترامِ قرآن کریم کے خلاف اور موجبِ وبال ہے، اس کی اصلاح اور روک تھام کی فکر بہت ضروری ہے، اس لیے بہتر یہی ہے کہ کیلنڈروں پر قرآنی آیات نہ چھپوائی جائیں، لیکن اگر چھپوائی گئیں، تو ان کے احترام کا پورا پورا خیال رکھا جائے۔[1]

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الکریم " : ﴿لو أنزلنا هذا القراٰن علی جبلٍ لرأیته خاشعًا متصدِّعًا من خشیة الله﴾ . (سورة الحشر / ۲۱)

ما في " فتح القدیر للشوکاني " : وهذا تمثیل وتخییل یقتضي علو شأن القرآن .

(۲/۸۱۳)

ما في " الحدیث النبوي " : مرّ رسول الله ﷺ بکتاب في الأرض ، فقال رسول الله ﷺ : " لعن الله من فعل هذا ؟ لا تضعوا کتاب الله إلا موضعه " .

(کنز العمال : ۱/۲۲۱ ، فرع في محظورات التلاوة وبعض حقوق القراء ة ، رقم الحدیث : ۲۸۳۵ ، مکتبه اداره تالیفاتِ اشرفیه پاکستان)=

عورت کی کمائی کا استعمال

مسئلہ (۲۰۴): بعض عورتیں گھر میں رہتے ہوئے خرید وفروخت کا کچھ چھوٹا موٹا کام کرتی ہیں، اسی طرح بعض عورتیں ملازمت کی تمام شرطوں کا پاس ولحاظ رکھتے ہوئے ملازمت کرتی ہیں، تو ان کی اپنی آمدنی حلال ہوتی ہے، اب وہ اپنی اِس آمدنی میں سے کچھ رقم اپنے شوہر کو دیتی ہیں، تو بعض لوگ شوہر سے یہ کہتے ہیں کہ بیوی کی کمائی گھر والوں کے لیے استعمال کرنا جائز نہیں، ان کی یہ

= ما في " رد المحتار " : وتكره كتابة القرآن وأسماء الله تعالى على الدراهم والمحاريب والجدران وما يفترش . والله أعلم. (۱/۳۲۳، قبيل باب المياه ، بيروت)

ما في " حلبي كبير " : (ويكره كتابة القرآن وأسماء الله تعالى على المصلى) أي السجادة ، وكذا على المحاريب والجدران ، وما يفرش ، لأنه تعريض للامتهان .
(ص/۶۰ ، قبيل فصل في التيمم)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولو كتب القرآن على الحيطان والجدران بعضهم قالوا : يُرجى أن يجوز ، وبعضهم كرهوا ذلك مخافة السقوط تحت أقدام الناس ، كذا في فتاوى قاضي خان .
(۵/۳۲۳ ، كتاب الكراهية ، الباب الخامس في آداب المسجد والقبلة .. الخ ، فتاوى قاضي خان : ۴/۳۷۸ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في التسبيح والتسليم .. الخ ، المكتبة الحقانية بشاور)

ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : فروع : يكره كتابة قرآن أو اسم الله تعالى على ما يفرش لما فيه من ترك التعظيم ، وكذا على درهم وجدار لما يخاف من سقوط الكتابة . (ص/۱۴۸ ، كتاب الطهارة ، باب الحيض والنفاس والاستحاضة)

(کتاب الفتاویٰ:۱/۴۶۳،فتاویٰ محمودیہ:۷/۱۲۳)

بات غلط ہے، صحیح بات یہ ہے اگر بیوی اپنی حلال آمدنی میں سے کچھ رقم اپنے شوہر کو اپنی رضامندی وخوشی سے دیتی ہے، تو شوہر کے لیے اس کا استعمال بلا شبہ جائز ہے[۱]، ہاں! اگر بیوی کی آمدنی حرام ہوتو پھر اس کا استعمال صرف شوہر ہی کے لیے نہیں، بلکہ خود بیوی کے لیے بھی ناجائز وحرام ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " درر الحكام " : " لا يجوز لأحد أن يأخذ مال أحد بلا سبب شرعي " .

(۱/۹۸ ، المادة : ۹۸)

وفيه أيضًا : قد قيدت هذه المادة بقوله : " بلا سبب شرعي " لأنه بالأسباب الشرعية كالبيع والإجارة والهبة والكفالة والحوالة يحق أخذ مال الغير .... اهـ .

(۱/۹۸ . ۹٦ ، المادة : ۹۸ . ۹٦ ، ٦/۷۷ ، كتاب الحدود ، باب التعزير ، مطلب في التعزير بأخذ المال ، البحر الرائق : ۵/٦۸ ، كتاب الحدود ، فصل في التعزير)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : قوله تعالى : ﴿يآيها الذين اٰمنوا لا تأكلوآ أموالكم بينكم بالباطل إلا أن تكون تجارة عن تراضٍ منكم﴾ . (سورة النساء : ۲۹)

ما في " البحر المحيط لأبي حيان الغرناطي " : قال أبو حيان الغرناطي : والباطل هو كل طريق لم تبحه الشريعة ، فيدخل فيه السرقة ، والخيانة ، والغصب ، والقمار ، وعقود الربوا، وأثمان البياعات الفاسدة . (۳/۳۲۲)

ما في " الصحيح لمسلم " : عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " أيها الناس ! إن الله طيب لا يقبل إلا طيباً ، وإن الله أمر المؤمنين بما أمر به المرسلين ، فقال : ﴿أيها الرسل كلوا من الطيبٰت واعملوا صالحاً، إني بما تعملون عليم﴾ [المؤمنون: ۵۱] وقال : ﴿يا أيها الذين اٰمنوا كلوا من طيبٰت ما رزقنكم﴾ [البقرة : ۱۷۳] ثم ذكر الرجل يطيل السفر ، أشعث أغبر ، يمدّ يديه إلى السماء ، يا رب، =

....

....

....

....

= یارب ، ومطعمه حرام ، ومشربه حرام ، وملبسه حرام ، وغذي بالحرام ، فأنی یستجاب لذلک " . (۳۳۷/۴ ، کتاب الزکاة ، قبول الصدقة ، جامع الترمذي : ۶۹/۴ ، تفسیر القرآن ، رقم الحدیث : ۲۹۸۹)

ما في " کنز العمال " : عن ابن مسعود : " من أکل لقمة من حرام لم تقبل له صلاة أربعین لیلة ، ولم تستجب له دعوة أربعین صباحاً ، وکل لحم نبت من الحرام فالنار أولی به ، وإن اللقمة الواحدة من الحرام لتنبت اللحم " .

(۸/۴ ، کتاب البیوع ، رقم الحدیث : ۹۲۶۲)

ما في " سنن الدار قطني " : قوله علیه السلام : " لا یحل مال امرئٍ مسلم إلا بطیب نفس منه " .

(۲۲/۳ ، کتاب البیوع ، رقم الحدیث : ۲۸۶۲ ، مشکوة المصابیح :ص/۲۵۵ ، کتاب الغصب والعاریة ، جمع الجوامع : ۷/۹ ، تتمة حرف اللام الألف ، رقم الحدیث : ۲۶۷۵۹ ، السنن الکبری للبیهقي : ۱۶۶/۶ ، کتاب الغصب ، شعب الإیمان للبیهقي : ۳۸۷/۴ ، رقم الحدیث : ۵۴۹۲ ، مسند الإمام أحمد بن حنبل : ۴۰۰/۱۵ ، رقم الحدیث : ۲۰۹۸۰)

فصل في الأسامي والختان

(اسماء وختنہ کے احکام)

بچہ کا نام کب رکھا جائے؟

مسئلہ (۲۰۵): اسلام نے باپ پر بچے کے جن حقوق کو بیان کیا ہے، ان میں سے ایک حق یہ بھی ہے کہ وہ اپنے بچے کا اچھا نام رکھے، بچہ کی پیدائش کے بعد اس کا نام کب رکھا جائے اس سلسلے میں دو طرح کی روایتیں ملتی ہیں، بعض روایتوں میں پیدائش کے دن ہی نام رکھنے کا ثبوت ملتا ہے [۱]، جب کہ دیگر میں یہ ثبوت ملتا ہے کہ آپ ﷺ نے پیدائش کے ساتویں روز نام رکھنے کا حکم دیا ہے [۲]، امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی مہتم بالشان تصنیف ''صحیح بخاری'' میں اِن دونوں طرح کی روایتوں پر ایسا باب قائم کیا ہے، جس سے دونوں طرح کی

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' الصحيح لمسلم '' : عن أبي موسى قال : '' وُلد لي غلامٌ فأتيتُ به النبي ﷺ فسمّاه ابراهيم وحنّكه بتمرة '' . (۲/۲۰۹ ، كتاب الآداب ، باب استحباب تحنيك المولود عند ولادته وحمله إلى صالح يحنكه وجواز التسمية يوم ولادته الخ ، قديمي)

ما في '' شرح النووي على هامش مسلم '' : وفيه جواز التسمية يوم الولادة . (۲/۲۰۹)

(۲) ما في '' جامع الترمذي '' : عن عمرو بن شعيب ، عن أبيه ، عن جده : '' أن النبي ﷺ أمر بتسمية المولود يوم سابعه ووَضْعِ الأذى عنه والعَقَّ '' . هذا حديث حسنٌ غريبٌ . (۲/۱۱۰ ، أبواب الآداب ، باب ما جاء في تعجيل اسم المولود ، قديمي)

روایتوں میں تطبیق ہو جاتی ہے، اور وہ یہ ہے کہ جو شخص ولادت کے ساتویں روز عقیقہ کا ارادہ رکھتا ہو اسے چاہیے کہ ساتویں دن نام رکھے، اور جو یہ ارادہ نہ رکھتا ہو، اسے چاہیے کہ ولادت کے دن ہی اپنے بچے کا نام رکھ لے، شارحِ بخاری علامہ ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں: ''یہ بڑی عمدہ اور بہترین تطبیق ہے، جسے میں نے بخاری کے علاوہ اور کہیں نہیں دیکھا۔''(۱)

فرشتوں کے نام پر بچوں کے نام رکھنا

مسئلہ (۲۰۶): بعض لوگ اپنے بچوں کے نام فرشتوں کے نام پر رکھتے ہیں، جیسے جبرئیل، عزرائیل، میکائیل اور اسرافیل وغیرہ، جب کہ آپ ﷺ نے فرشتوں کے نام پر اپنے بچوں کے نام رکھنے سے منع فرمایا ہے، چنانچہ آپ ﷺ کا ارشاد ہے: '' **سمّوا بأسماء الأنبياء ، ولا تُسمّوا بأسماء الملائكة** ''۔ کہ ''تم اپنے بچوں کے نام انبیاء کے نام پر رکھو، فرشتوں کے نام پر مت رکھو''، لہٰذا اس طرح کے نام رکھنے سے پرہیز کیا جائے۔(۲)

---

(۱) ما في '' فتح الباري '' : قال ابن الحجر : من لم يرد أن يعق عنه لا يؤخر تسميته إلى السابع ، ومن يريد أن يعق عنه تؤخر تسميته إلى السابع وهو جمع لطيف لم أره لغيره البخاري . (۹/۲۷۷ ، كتاب العقيقة ، صحيح البخاري : ۲/۸۲۱ ، قديمي)

(اتحاف أولي الألباب بحقوق الطفل وأحكامه : ص/۱۰۸)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في '' فيض القدير '' : '' سمّوا بأسماء الأنبياء ، ولا تُسمّوا بأسماء الملائكة '' .

(عن عبد الله بن جراد) ...... قوله : (سمّوا بأسماء الأنبياء ... الخ) كجبريل فيكره التسمي بها كما ذكره القشيري ، ويسنّ بأسماء الأنبياء اهـ .

(۴/۱۱۳ ، رقم الحديث : ۴۷۱۷)=

....

....

....

....

= ما في " مرقاة المفاتيح " : قال : وكره مالك التسمي بأسماء الملائكة كجبريل .
قلت : ويؤيده ما رواه البخاري في تاريخه عن عبد الله بن جراد : " سمّوا بأسماء الأنبياء ، ولا تسمّوا بأسماء الملائكة " . متفق عليه .

(۹/۱۰ ، كتاب الآداب ، باب الأسامي ، تحت رقم : ۴۷۵۱)

ما في " تحفة المودود بأحكام المولود " : ومنها كأسماء الملائكة كجبريل وميكائيل وإسرافيل فإنه يكره تسمية الآدميين بها .... حدثنا عبد الله بن جراد قال : صحبني رجل من مزينة فأتى النبي ﷺ وأنا معه فقال : يا رسول الله ! ولد لي مولود فما خير الأسماء ؟ قال : " .... وتسمّوا بأسماء الأنبياء ، ولا تسمّوا بأسماء الملائكة " اهـ . (ص/۱۱۹ ، مطبعة دار البيان)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ذهب أكثر العلماء إلى أن التسمية بأسماء الملائكة كجبريل وميكائيل لا تكره، وذهب مالک إلى كراهية التسمية بذلک ، قال أشهب: سئل مالک عن التسمي بجبريل ، فكره ذلک ولم يعجبه ، وقال القاضي عياض : قد استظهر بعض العلماء التسمي بأسماء الملائكة ، وهو قول الحارث بن مسكين ، وأباح ذلک غيره .

(۱۱/۳۳۴، ۳۳۵ ، تسمية ، التسمية بأسماء الملائكة ، مغني المحتاج شرح منهاج الطالبين : ۴/۲۹۵ ، مطبعة دار الفكر) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۰۹۵۱)

توہم پرستی کی بنا پر بچوں کا نام بدلنا

مسئلہ (۲۰۷): بعض لوگ کسی بچے کے مسلسل بیمار رہنے پر اس کا نام تبدیل کرنے کا مشورہ دیتے ہیں، یہ محض توہم پرستی ہے، کیوں کہ بیماری وصحت کا تعلق ناموں کے ساتھ نہیں بلکہ قضاوقدر سے ہے[۱]، البتہ اتنی بات ضرور ہے کہ اپنے بچوں کے نام انبیاء علیہم السلام صحابہ کرام اور صحابیات کے ناموں پر رکھیں[۲]، اس لیے کہ کل قیامت کے دن انہی ناموں سے پکارا جائے گا[۳]، اور اگر ایسا نام رکھا گیا جس کا معنی ومطلب درست نہیں ہے، تو اسے تبدیل کردے[۴]، جیسا کہ آپ ﷺ نے ایک خاتون جس کا نام ''عاصیہ'' تھا بدل کر ''جمیلہ'' رکھا۔ ''عاصیہ'' کے معنی ''نافرمانی کرنے والی'' اور ''جمیلہ'' کے معنی ہیں ''خوبصورت''۔[۵]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل لن يُّصِيبَنا إلا ما كَتبَ اللّٰهُ لَنا هُو مَوْلٰنا وعلَى اللهِ فَلْيتوَكَّلِ الْمُؤمِنُونَ﴾ . (سورة التوبة : ۵۱)

ما في " روح المعاني " : أي لن يصيبنا إلا ما حظَّ الله تعالى لأجلنا في اللوح ، ولا يتغير موافقتكم ومخالفتكم ، فتدل الآية على أن الحوادث كلها بقضاء الله تعالى . (۱۶۶/۶)

وما في " القرآن الكريم " : ﴿ما أصاب من مصيبة في الأرض ولا في أنفسكم إلا في كتٰب من قبل أن نّبرأها﴾ . (سورة الحديد : ۲۲)

ما في " روح المعاني " : والكلام على العموم بجميع الشرور ، أي مصيبة في الأرض كجدب وعاهة في الزرع والثمار والزلزلة وغيرها ، ولا في أنفسكم كمرض وآفة كالجرح والكسر إلا في كتاب أي إلا مكتوبة مثبتة في اللوح المحفوظ ، وقيل في علم الله عزّ وجلّ . (۲۸۵/۱۵)=

= ما في " التفسير الكبير " : هذه الآية دالة على أن جميع الحوادث الأرضية قبل دخولها في الوجود مكتوبة في اللوح المحفوظ . (۱۰/۲٦۷)

(۲) ما في " مشكوة المصابيح " : وعن أبي وهبٍ الجشمي قال : قال رسول الله ﷺ : " تسمّوا أسماء الأنبياء " ....الحديث " .

(۳/۱۳۴۹ ، رقم الحديث : ۴۷۸۲ ، كتاب الآداب ، باب الأسامي ، الفصل الثالث، بيروت ، سنن أبي داود : ص/٦۷٦ ، رقم الحديث : ۴۹۵۰ ، كتاب الأدب ، باب في تغيير الأسماء ، عون المعبود : ص/۲۱۲۸)

ما في " فيض القدير " : " سمّوا بأسماء الأنبياء ، ولا تُسمّوا بأسماء الملائكة " . (عن عبد اللهبن جراد) .... قوله : (سمّوا بأسماء الأنبياء ... الخ) ...... ويسنّ بأسماء الأنبياء اهـ . (۴/۱۱۳ ، رقم الحديث : ۴۷۱۷)

(۳) ما في " مشكوة المصابيح " : وعن أبي الدرداء قال : قال رسول الله ﷺ : " تُدعون يوم القيامة بأسمائكم وأسماء آبائكم ، فأحسنوا أسمائكم " . رواه أحمد وأبوداود . (۳/۱۳۴۷ ، رقم الحديث : ۴۷٦۸ ، باب الأسامي ، الفصل الثاني ، السنن الكبرى للبيهقي : ۹/۵۱۵ ، رقم الحديث : ۱۹۳۰۸ ، كتاب الضحايا ، باب ما يستحب أن يسمى به ، بيروت ، سنن أبي داود : ص/٦۷٦ ، رقم الحديث : ۴۹۴۸ ، كتاب الأدب ، باب في تغيير الإسم القبيح ، قديمي)

(۴) ما في " مشكوة المصابيح " : وعن عائشة رضي الله عنها قالت : " إن النبي ﷺ كان يُغيّر الإسم القبيحَ " . رواه الترمذي

(۳/۱۳۴۸ ، رقم الحديث : ۴۷۷۴ ، الفصل الثاني)

(۵) ما في " مشكوة المصابيح " : وعن ابن عمر : " أن بنتاً كانت لعمر يقال لها : عاصيةٌ ، فسمّاها رسول الله ﷺ جميلةً " . رواه مسلم

(۳/۱۳۴۵ ، رقم الحديث : ۴۷۵۸ ، كتاب الآداب ، باب الأسامي ، الفصل الأول)

ما في " السنن لأبي داود " : عن نافع ، عن ابن عمر : " أن رسول الله ﷺ غيّرَ اسم عاصية وقال : أنتِ جميلةٌ " .

(ص/٦۷۷ ، باب في تغيير الإسم القبيح ، رقم الحديث : ۴۹۵۲ ، عون المعبود : ص/۲۱۲۹ ، السنن الكبرى للبيهقي : ۹/۵۱٦ ، رقم الحديث : ۱۹۳۱۳ ، باب تغيير الإسم القبيح وتحويل الإسم إلى ما هو أحسن منه) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۴۳۵۳٦)

ختنہ کس وقت کی جائے؟

مسئلہ (۲۰۸): ختنہ سنتِ ابراہیمی اور شعائرِ اسلام میں سے ہے[1]، بلوغ سے پہلے پہلے جب بھی بچہ میں تحمل کی طاقت ہو ختنہ کرادینا چاہیے، حضرت امام اعظم رحمہ اللہ سے اس کے وقت کے متعلق کوئی روایت منقول نہیں ہے، البتہ بعض فقہاء کرام نے سات سال اور بعض نے نو سال کا وقت تجویز کیا ہے، اگر کوئی شخص بالغ ہوگیا اور اس کی ختنہ نہیں کی گئی، یا کوئی عمر دراز شخص اسلام میں داخل

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مجمع الأنهر " : والختان سنة وهو من شعائر الإسلام وخصائصه ....(ووقت الختان غير معلوم) عند الإمام فإنه قال : لا علم لي بوقته ، ولم يرو عنهما فيه شيء ، (وقيل سبع سنين) .... وقيل أقصاه اثني عشرة سنة ، وقيل تسع سنين ، وقيل وقته عشر سنين ..... وقيل إن كان قوياً يطيق ألم الختان ختن وإلا فلا ، وهو أشبه بالفقه . (۴/۴۹۰ ، ۴۹۱ ، كتاب الخنثى ، مسائل شتى ، بيروت)

ما في " التنوير مع الدر والرد " : (صبيّ حشفته ظاهرة بحيث لو رآه انسان ظنّه مختوناً ولا تقع جلدة ذكره إلا بتشديد ألمه ترک على حاله كشيخ أسلم ، وقال أهل النظر : لا يطيق الختان) ترک أيضاً ...... (و) الأصل أن (الختان سنة) كما جاء في الخبر (وهو من شعائر الإسلام) وخصائصه ..... (ووقته) غير معلوم ، وقيل (سبع) سنين. كذا في الملتقى. وقيل عشر، وقيل أقصاه اثنتا عشرة سنة ، وقيل العبرة بطاقته، وهو الأشبه ، وقال أبوحنيفة : لا علم لي بوقته ، ولم يرد عنهما فيه شيء ، فلذا اختلف المشايخ فيه . (۱۰/۴۸۰ ، ۴۸۱ ، كتاب الخنثى ، مسائل شتى ، بيروت ، كذا في البحر الرائق : ۹/۳۵۹ ، كتاب الخنثى ، مسائل شتى ، الفتاوى الهندية : ۶/۴۴۵ ، كتاب الخنثى ، مسائل شتى)

ہوگیا، تو اگر اس میں ختنہ کرانے کی قوتِ برداشت ہو، تو ختنہ کرادینا بہتر ہے، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اسی ''۸۰'' سال کی عمر میں اپنی ختنہ کی تھی، لیکن اگر برداشت کی قوت نہ ہو، تو اس کو اسی طرح چھوڑ دیا جائے گا، مجبور نہیں کیا جائیگا۔ (۱)

مختون بچے کا ختنہ دوبارہ کرنا

مسئلہ (۲۰۹): بچہ اگر ماں کے پیٹ سے ہی مختون (ختنہ کیا ہوا) پیدا ہوا، اور اطباء حضرات دوبارہ ختنہ کرانے سے منع کریں، یعنی دوبارہ ختنہ کرنے کی گنجائش وضرورت باقی نہ رہے، تو ایسے مختون بچے کا ختنہ نہ کیا جائے۔ (۲)

---

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " اختتن ابراهيمُ النبيّ وهو ابن ثمانين سنة بالقَدوم " . متفق عليه . ''ابراہیم علیہ السلام نے قدوم [کلہاڑے] کے ذریعہ ختنہ کی اس وقت آپ کی عمر اسی سال تھی''۔

(ص/۵۰۶ ، باب بدء الخلق وذكر الأنبياء عليهم السلام ، قديمي)

ما في " مرقاة المفاتيح " : (.... اختتن إبراهيم النبي) أي نفسه عليه الصلاة والسلام .

(۱۰/۷۰/۳ ، رقم الحديث : ۵۷۰۳) (فتاویٰ محمودیہ: ۲۸/۱۷۲-۱۷۴، مکتبہ محمودیہ میرٹھ)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " الفتاوى الهندية " : وفي صلاة النوازل : الصبي إذا لم يختن ولا يمكن أن يمدّ جلدته لتقطع إلا بتشديد وحشفته ظاهرة إذا رآه إنسان كأنه ختن ينظر إليه الثقات وأهل البصر من الحجامين فإن قالوا هو على خلاف ما يمكن الإختتان فإنه لا يشدّد عليه ويترك . كذا في الذخيرة . (۵/۳۵۷ ، الباب التاسع عشر في الختان والخصاء .. الخ)

ما في " مرقاة المفاتيح " : صبي ولد مختوناً بحيث لو رآه إنسان يراه كأنه ختن ويشقّ عليه الختان مرة أخرى ، واعترف بذلک أهل البصيرة ومن الحجامين ترک ولا يتعرض له . (۸/۱۷۲ ، باب الترجّل ، الفصل الأول)

ما في " اتحاف أولى الألباب " : لو ولد مختوناً بلا قلفة فلا ختان لا إيجاباً ولا استحباباً . (ص/۲۴۴)

ختنہ کے وقت لوگوں کو جمع کرنا

